| خانہ دوم | مال و دولت کی طرف سے فکر اور خرچ کی ترقی ہو | روزگار کی بہتر تجارت سے فائدہ حسب المراد کامیابی ہو | آمدن کم خرچ زیادہ اور جسم کو روگی رہے | زر و مال کی ترقی اور ہر طرح سے فائدہ ہوگا | زر و مال کی بڑھتی چوپائے کا سکھ سب کام سر انجام ہوں | دولتمند ترقی روزگار اور ہر طرح سے فائدہ لابھ ہو | خرچ کی ترقی لابھ کم اور نقصان زیادہ ہوگا | دھن کا نقصان آمدن کم اور خرچ کی زیادتی کرے |
| خانہ سوم | بھائیوں کی محبت دشمن کا ناش اور دل کو خوشی و آرام ملے | جسمانی آرام بھائیوں سے محبت اور خوشی ہو | بھائیوں کا سکھ صاحب تدبیر اور اقبالمند ہو | بھائیوں اور متالفوں پر غالب رہے | بدرجہ اوسط فائدہ بھائیوں کی طرف سے کلیش رہے | بھائیوں کا سکھ۔ دشمنوں پر فتحیابی اور ان پر غالب رہے | بھائیوں سے خوشی روزگار میں فائدہ و صحت اچھی ہو | تندرستی و فائدہ روزگار بھائیوں سے سکھ اور خوشیوں سے لابھ ہو |
| خانہ چہارم | والدین سے رنج تکلیف اور دوستوں سے لڑائی جھگڑا | گردشِ زمانہ اور لڑائی جھگڑا اور تکرار پیدا ہوں | والدین سے رنج و تکلیف دوستوں سے تنازعہ | والدین سے رنج اور بگاڑ پیدا کرے گا | خویش و اقارب سے بگاڑ ہر کام میں رنج اور نقصان ہوگا | والدین سے رنج۔ دشمن سے خوف۔ زر کا نقصان رہے | خوف دشمن لڑائی جھگڑا والدین سے رنج و تکلیف ہو | خوف دشمن والدین سے رنج اور لڑائی جھگڑا ہوگا |
| خانہ پنجم | اولاد سے رنج پہنچے کم عقل سستی ترقی ہو۔ | بدرجہ اوسط فائدہ۔ دھن کا سکھ مگر کاروبار میں مایوسی | زر کا خرچ کاروبار میں ہانی۔ اولاد سے رنج ہو | اولاد کی خوشی عزت کی ترقی اور اقبالمند ہو | اولاد کا سکھ اور خوشی و ہر طرح سے بہتری ہو | اولاد کا سکھ کتاکشی رزق اور آرام ملے | اولاد کی طرف سے [illegible] دل کو فکر و رنج ہو | اولاد کی طرف سے رنج اور فکر و تکلیف پیدا ہو |
| خانہ ششم | دشمنوں کا ناش دل کو راحت اور خوشی و آرام ملے | دشمن کا خوف گردش میں مبتلا اور لڑائی جھگڑا | دشمن کا ناش دل کو خوشی اور ترقی رزق مرتبہ بلند ہو | دشمن کا ناش اور بیماری کی شکایت رہے | خوف دشمن جسم کو تکلیف درد کمر کی شکایت رہے | خوف دشمن دل کو رنج اور زر کا نقصان کرے | دشمن کا ناش دل کو خوشی اور حسب المراد کامیابی ہو | دشمنوں کا ناش دل کو خوشی اور آرام ملے |
| خانہ ہفتم | آزار جسم عورت کو تکلیف اور دل کو رنج پہنچے | روزگار کی بہتری خوشی کامیابی عورت سے محبت | عورت سے رنج تکلیف اور دلی امیدوں سے کامیاب ہو | عورت سے محبت اور بہتری روزگار اور کشائش | عورت کا سکھ اور ہر طرح سے فائدہ اور لابھ ہو | عورت کا سکھ محبت۔ ہر طرح سے فائدہ اور آرام ملے | عورت سے رنج غم اور تکلیف پہنچنے کا خوف رہے | عورت سے رنج و تکلیف اور گفتگو تنازعہ ہوگی |
| خانہ ہشتم | شریر کو کشٹ اور بیماری اور جدائی کراتا ہے | ہر کام میں تکلیف۔ خوف آزار اور کلیش چنتا پہنچے | شریر کو تکلیف دردِ سر اور دل کو رنج و غم پہنچے | شریر کو تکلیف بخار کی شکایت رہے | شریر کو تکلیف اور فکر اور اندیشہ رہے گا | طبیعت کو کلیش اور درد شکم کی شکایت رہے | آزار جسم اور تکلیف میں مبتلا کرتا ہے | شریر کو کلیش امراض بادی و بواسیر کی شکایت رہے |
| خانہ نہم | بدرجہ اوسط روزگار اور سفر دراز میں توجہ کم کرے | دلی مراد حاصل ہو اور دھرم کرم میں توجہ کم کرے | بیماری اور دل کو غم اور دھرم کرم میں توجہ کم کرے | قسمت یاور اور روزگار اچھا دھرم میں توجہ رہے | دوستوں سے ملاپ روزگار کی بہتری نیک کاموں میں توجہ رہے | روزگار کی بہتری عبادت اور نیک کاموں میں توجہ رہے | بدرجہ اوسط فائدہ دھرم میں توجہ کم اور خرچ زیادہ ہو | کھوٹے کرموں میں رغبت اور کمینے خیالات پیدا ہوں |
| خانہ دہم | کشائش رزق راج دربار سے فائدہ اور آرام ملے | زر و مال کی ترقی۔ راج دربار سے فائدہ اور آرام ملے | تکلیف دور ہو۔ روزگار میں ترقی راج دربار سے فائدہ | عزت و مرتبہ بلند۔ راج دربار سے کامیابی ہو | مرتبہ زیادہ۔ دشمن کا ناش اور ہر طرح سے کامیابی ہو | دھن کا سکھ اور راج دربار میں عزت ہر طرح کا فائدہ | دلی مراد حاصل ہو اور مرتبہ زیادہ بلند کرے | بدرجہ اوسط فائدہ مگر سفر اور رنج پیدا کرے |
| خانہ یازدہم | دشمنوں کا ناش اور ہر طرح سے فائدہ اور ترقی ہو | حسب المراد کامیابی اور کاروبار میں فائدہ ہوگا | ہر طرح فائدہ ترقی روزگار حسب المراد کامیابی ہو | ترقی روزگار ہر طرح سے فائدہ اور آرام ملے | ترقی و مرتبہ بلند اور حسب المراد کامیابی ہو | دھن لابھ صاحب تدبیر اور مرتبہ بلند ہوگا | ترقی روزگار ذی مرتبہ اور اقبالمند ہو | صاحب مرتبہ و ترقی روزگار اور ناموری پیدا کرے |
| خانہ دوازدہم | امراض چشم دھن کا نقصان اور خرچ کی ترقی رہے | دل کو مایوسی اور زر کا نقصان ہو سفر میں مبتلا رہے | جسم کو تکلیف خرچ کی ترقی دھن کا نقصان اور رنج میں مبتلا رہے | دشمن کا نقصان اور خرچ کی زیادتی کرتا ہے | شریر کو کلیش اور تکلیف خرچ کی زیادتی کرتا ہے | زر کا نقصان خوف دشمن اور دل کو رنج اور غم پہنچاتا ہے | شریر کو تکلیف اور دھن کا نقصان کرتا ہے | روزگار کا نقصان بیماری اور دشمنی پیدا کرتا ہے |

# گرہوں کی منجمل تاثیرات

### شکر سینچر
نقش دستکاری نقشہ جات اور چترکاری سے اچھا واقف ہو۔ دولت سے آسودہ رہے۔ جوہری کے کام میں سمجھدار ہو۔ چوپایوں کا سکھ ہو۔ لڑائی جھگڑے میں رغبت رکھے۔

### سورج چندرماں منگل
دستکاری کے کام سے واقف۔ بڑا لائق اور قوی جسم ہو۔ لوگوں کی خلاف مزاج بات پر جلد بگڑ جانے والا ہو۔

### سورج چندرماں بدھ
بڑا عقلمند صاحب اقبال سواری کا شائق۔ بڑا ہوشیار دلاور ہو۔ سادھو سنتوں کا دوست ہو معزز ہو

### سورج چندرماں برہسپت
ملازمت سے روزی پیدا کرے۔ بڑا عقلمند اور رحمدل شخص ہو۔ دوسروں کو خاطر میں نہ لائے۔ دھرم اور نیک کاموں کی طرف لگاؤ رکھے۔

### سورج چندرماں شکر
روزگار یا پیشہ مستقل نہ ہو۔ گزارہ سے تنگ رہے۔ کھوٹے کاموں کی طرف رغبت رکھے۔ شستر ودیا سے واقف ہو۔ جھوٹ بولنے کی عادت بہت ہو

### سورج چندرماں سینچر
تھوڑی عقل کم دولت میں پریشان۔ مریض طبع اور تکرار کرنے والا ہو۔ عورت سے اکثر لڑائی جھگڑا رکھے۔

### سورج منگل بدھ
بڑا شوریدہ پہلوان بیہودہ سخت کلام۔ اندھ غرور وحشت سے رغبت ہو۔ عورت اور اولاد کا سکھ پائے۔ پردیس میں رہے

### سورج منگل برہسپت
افسر یا فوج میں عہدیدار ہو۔ بڑا عقلمند مشیر با تدبیر ہو۔ سیوا داری کا آرام پائے۔ خوش مزاج۔ سچ بولنے والا اور زبان کا سخت مستقل مزاج ہو

### سورج منگل شکر
دولتمند راس رکھی بھی ہو۔ لوگوں پر احسان اور مہربانی کرے۔ اقبال اور مرتبہ بلند ہو۔ آنکھوں میں تکلیف رہے۔ صاحب مروت کم گو اور ہوشیار ہو

### سورج منگل سینچر
رشتہ داروں سے تنہائی پسند۔ جھگڑا تکرار میں خوش رہے اور پریشان ہو۔ دولت جو پیدا کرے خرچ کر دے

### سورج بدھ برہسپت
بڑا اہل قدر پراکرمی نرم طبع عقلمند ہو۔ اکثر آنکھوں کی تکلیف رہے۔ دھن دولت سے آسودہ، لوگوں میں عزت مان پائے۔ بڑا عالم پنڈت ہو

### سورج بدھ شکر
استری سے سنتاپ سے دکھی۔ غیر عورتوں سے محبت رکھے۔ چالاک اور شیریں زبان ہو۔ سادھو سیوا کرنے والا۔ بڑا جسم عیش و عشرت میں روپیہ ضائع کرنے۔ سفر بہت کرے

### سورج بدھ سینچر
رشتہ داروں سے دکھی۔ پردیس میں بہت رہے۔ بزدل کم عقل ہو۔ لوگوں سے خواہ مخواہ جھگڑا رکھے

### سورج برہسپت شکر
بڑا شوریدہ چالاک جسم عقل اور اخلاق کا اچھا نہ ہو۔ دولت ملنے واجبی ہو۔ ہر وقت غم میں مبتلا رہے۔ تنگدست و تنگ حال ہو

### سورج برہسپت سینچر
راج دربار میں عزت پائے۔ دولتمند اور معزز شخص ہو۔ عورت اولاد کا سکھ پائے۔ رحمدل ہو۔ پیشہ تجارت سے فائدہ اٹھائے

### سورج شکر سینچر
ہمیشہ تنگ رہے۔ جس قدر کمائے خرچ کر دے۔ لوگوں کی نظر میں حقیر ہو۔ دشمنوں سے تکلیف۔ روزگار میں تنزل ہو

### چندرماں منگل بدھ
بڑا دکھی کم گزران اور بے قدر وناشناس ہو۔ ماں باپ کرم سے نکمے۔ احسان فراموش اور بدنام ہو

### چندرماں منگل برہسپت
عورتوں سے محبت رکھے۔ مزاج تند اور غصہ ور ہو۔ بیماری سے تکلیف اٹھائے۔ لڑائی بکار ہو

### چندرماں منگل شکر
کھوٹ سمجھانے والا ہو۔ عورت اس کی بدمزاج ہو۔ اولاد سے تکلیف پائے۔ خود پسند۔ بیکار و تنگ حال رہے

### چندرماں منگل سینچر
بھائیوں کے حق میں اچھا ہو۔ تنگدلی لڑوانا ہو یا اس کی والدہ چھوٹی عمر میں مر جائے۔ جھگڑالو طبیعت اور تنگ گزران ہو۔

### چندرماں بدھ برہسپت
بڑا خوش قسمت اور نیک نام ہو۔ حکومت کا کام تعلق میں رکھے۔ بڑا عالم فاضل اور عقلمند ہو۔ اور عزیزوں دوستوں سے سکھ پائے

### چندرماں بدھ شکر
دولتمند منشی وودوان اور ہنرمند ہو۔ لالچی طبع بہت رکھے چغلخور ہو۔ لوگوں کو رنج پہنچانے میں خوش رہے

### چندرماں بدھ سینچر
دولتمند صاحب اقبال ہو۔ دنیا کی آسائش عمدہ رکھے۔ خاندان میں نام پیدا کرے۔ راج دربار میں عزت ہو

### چندرماں برہسپت شکر
بڑا سرپرست خاندان گنوان ہو۔ نیک کاموں میں توجہ رکھے۔ دھن دوان ہو۔ عورتوں سے خوش۔ جاہ و جلال رکھے

### چندرماں برہسپت سینچر
جسمانی صحت اچھی ہو۔ راج دربار میں عزت۔ احسان فراموش نہ ہو۔ ذی عزت دولتمند شان و شوکت رکھنے والا ہو

### چندرماں شکر سینچر
اہل قلم سے عزت پائے۔ دنیا کی گنت و جیوتش سے واقفیت رکھے۔ دھرم اور اپدیش کا [illegible] رابطہ رکھے

### منگل بدھ برہسپت
ناک نقشہ کا شائق۔ بزرگوں کا خدمت گزار۔ خاندان کی پرورش کرنے والا ہو۔ کسی کا دھن ہاتھ آئے [illegible]

### منگل بدھ شکر
مستقل مزاج۔ دولت و رزق سے آسودہ ہو۔ ضدی اور بلا وجہ ہو۔ عورت اور اولاد سے آرام پائے

### منگل بدھ سینچر
آنکھوں کے عارضہ سے دکھی رہے۔ بد دھن اور دست نگر ہو۔ برے کاموں میں رغبت۔ تنہائی پسند ہو۔

### منگل برہسپت سینچر
[illegible] ذلیل پیشہ برے کاموں میں رغبت۔ ظاہر طبیعت اور خفیہ راز بہانے والا۔ دل کا صاف ہو

### منگل شکر سینچر
زندگی پردیس میں بسر کرے۔ بھائیوں اور رشتہ داروں سے موافقت نہ رکھے۔ دکھ سے گزران۔ عورت سے جھگڑا ہو

### بدھ برہسپت شکر
راج دربار میں عزت۔ دشمنوں کو قائل رکھے۔ اپنی مخالفت نہ دیکھے۔ باہمت ہو

### بدھ برہسپت سینچر
دولتمند۔ اقبالمند اچھے کاموں میں رغبت۔ مالک زمین جائداد اور مکانات ہو۔ دنیا کا آرام پائے۔

### بدھ شکر سینچر
فراخ مزاج خوش تقریر۔ عاشق مزاج [illegible] قیام رکھے۔ ذلیل بدکار دھوکہ باز ہو۔ دل کا بھید کسی کو نہ دے

### برہسپت شکر سینچر
غریب گھر میں جنم لیکن بڑا اقبالمند دولتمند اور ستارہ بلند ہو۔ راج کے سامان حشمت اور نام پائے۔

## ساتوں واروں میں پیدائش کا بیان

**اتوار** - جس لڑکے کی پیدائش اتوار کے دن ہو وہ شخص اقبال مند کم گو اور دیر کو آید ہو۔ علم و ہنر اور رتبہ حاصل کرے۔ بڑا عقلمند و دانا اور سمجھدار ہو اور اچھے کام کرے۔ اولاد بہت ہو۔ دھرم کی طرف نگاہ رکھے۔ خوش وضع اور اچھی پوشاک سے رغبت رکھے۔ بھائی بندوں اور دوستوں کی طرف سے خوش رہے۔ کامی پُرش ہو۔ ۷-۳-۲۵ یا ۶-۱۳ ماس اور ۳-۵-۷-۱۰-۲۰ اور ۴۲ برس میں تکلیف پائے۔

**سوموار** - جس شخص کی پیدائش سوموار کے دن ہو وہ خوش طبع، شیریں سخن، صاحب حیا، کم گو، بخیل، سمجھدار، دکھ اور سکھ میں خیالات کا لگاؤ یکساں رکھے۔ علم و ہنر اور فن میں صاحب کمال، صاحب مروت، مزاج بادی ہو۔ امراض بلغمی اور ضعف دل سے اکثر تکلیف پائے۔ عورت سے تعلق زیادہ ہو۔ ۹-۱۲ اور ۲۷ برس اس کے لئے اشٹ دایک ہو۔ اگر بچ جائے تو ۸۴ یا ۸۰ برس کی اوسط عمر پائے۔ عیش و آرام کی زندگی بسر کرے۔

**منگلوار** - دولت مند ہو۔ افسروں اور ہنر مند لوگوں سے ناخوش اور ناراض رہے۔ مزاج کا سخت، بے مروت اور بے اعتقاد اور خصلت اچھی نہیں۔ وید شاستر، دین و مذہب پر کچھ اعتبار نہ کرے۔ لڑائی جھگڑوں کے کام میں توانا اور دلاور ہو۔ خونی امراض اور دنبل وغیرہ مرض میں اکثر تکلیف اٹھائے۔ عورت کا بہت عزیز ہو۔ ماں باپ سے ہمیشہ لڑنے پر آمادہ رہے۔ پیلا، دبلا اور تیز زبان، بھائی نا اتفاق ہو۔

**بدھوار** - بدھوار کی پیدائش والا شخص اپنے دین و مذہب پر قائم رہے۔ بڑا عقلمند و دانا، شیریں سخن، نیکوکار، خوبصورت اور صاحب علم ہو۔ دیوتاؤں کا پوجن بھی کرے۔ زاہد و متقی پرہیزگار اور سیرت کا اچھا ہو۔ ماں باپ سے محبت بہت رکھے۔ فن و ہنر اور معاملات کاروبار سے واقف اور فلسفہ کا شائق ہو۔ کاہل وجود اور کچھ نشہ وغیرہ کا استعمال بھی ضرور رکھے۔ ۸ اور ۲۲ سال کی عمر میں بچ جائے تو ۶۴ سال کی عمر ہو۔

**وِیرہسپتوار** - دولت مند، صاحب علم اور زینتی و دانش مند، کثیر الاولاد والا ہو۔ اچھے اور نیک آدمیوں کی صحبت اختیار کرے۔ دیندار اور بڑا متقی و پرہیزگار ہو۔ شاستر کو خوب سمجھے، عمل بھی کرنے والا ہو۔ خاندان کی ترقی دیکھے۔ بڑا عقلمند و دانا اور صاحب مراتب ہو۔ حکمت و دانائی سے ہر ایک کو سنجیدہ طور پر لاتا رہے۔ لوگوں میں عزت، مان اور وقار اچھی ہو۔ دشمنوں میں خوش و خرم رہے۔ ۷-۱۲-۱۳-۱۶ اور ۳۴ سال میں بیماری سے تکلیف اٹھائے۔ ۸۴ سال کی اوسط عمر۔

**شکروار** - جس لڑکے کی پیدائش شکروار کے دن ہو وہ خوش طبع اور عقلمند، شیریں کلام اور متحمل مزاج ہو۔ عیش و عشرت کو پسند کرے۔ طبیعت منتشر ہو۔ خیالات پراگندہ بہت رکھے۔ دولت مند، ہر فن و ہنر کا شائق، دلاور، قوی جسم ہو۔ دیوتاؤں سے ورود رکھے۔ نجوم اور حکمت و دیا سے رغبت ہو۔ جس سے نشہ اور عمل میں ہر وقت غالب رہے۔ اہل مجلس، بولنے والا، خوراک اور پوشاک اچھی ہو۔ مزاج بلغمی ہو۔ ۱۰-۲۰-۲۲-۲۴ سال کی عمر کسی آفت سے بچ جائے تو ۶۰ سال کی عمر طبعی پائے۔

**سنیچروار** - بڑا حریص و لالچی اور علوم نجوم و ساحت یا عمارتی کاموں سے اس کو خاص دلچسپی ہو۔ چھوٹی عمر میں تکلیفیں و مصیبتیں بہت پائے۔ غیروں کی بیوی سے واقف نہ ہو۔ کمینوں اور رذیل قوم سے دوستی رکھے۔ خاندان کا شترو ہو۔ احسان جو کوئی کرے اس کو بھول جائے۔ نصیحت اکثر غیروں سے محبت کرے۔ ماں باپ اور بھائیوں سے دشمنی پر آمادہ رہے۔ سفر بہت کرے۔ سوداوی مزاج ہو۔ ۲۰-۲۵-۵۰-۴۰ سال کی عمر میں تکلیف سے بچ جائے تو عمر طبعی ۱۰۰ سال تک بسر کرے۔

## سولہ تتھیوں میں پیدائش کا بیان

**اکم (پڑوا)** - اکم کی پیدائش ہو تو مولود کی صحت بہت خراب، دولت سے محروم، مفلس، کثیر الاولاد، ترددی، خرچ آمدنی سے زیادہ، خاندان کو تکلیف پہنچائے۔ زندگی پریشان۔

**دوج** - صحبت غیر سے تعلق رکھے۔ زبان فاسق، بدکار، ناپاک، صحبت بد۔ فریب اور چوری کے کام میں رغبت رکھے۔ محبت اور پریم کسی کے لئے دل میں نہ رکھے۔

**تیج** - روپیہ جتنا پیدا کرے خرچ کر دے۔ برکت و مد سے قناعت۔ آپس میں کم ہمت، کم عقل، مفلس، تلاش روزگار میں سرگرداں، ذلیل اور پراگندہ خیالات ہو۔

**چوتھ** - پنڈت، ودوان، فیاض، سخی اور حلیم و متحمل بھی ہو۔ مگر دولت سے بدون شکوہ سے فکر مند۔ مرتبہ و عہدہ والا، ہمت والا۔ دوستوں سے میل جول بہت رکھے۔ عمدہ لباس پہنے۔

**پنچمی** - پیشہ ور، دولت مند، ہنر و فن کا شائق۔ دُبلا پتلا۔ ہنر و کسب میں مہارت پیدا کرے۔ مہو بادی، صاحب ہمت۔ ماں باپ کا خدمت گذار۔ بدن پر مالش کا شائق ہو۔

**چھٹھ** - ہر ملک کا سیاح۔ دیشانتر میں بہت سے نیک۔ بد مزاج۔ فسادی اور باتیں غرور کی بہت کرے۔

**سپتمی** - نیک طالع، صاحب اقبال، ہنر مند، دولت مند، خوبصورت، صاحب اولاد۔ زندگی عزت و آبرو میں بسر کرے۔

**اشٹمی** - دھرماتما، سخی، راست گو، دولت مند، کاروبار دنیا کو خوب سمجھے۔ ست بادی اور تیرتھوں کے جانے والا۔ عیاش، عورت غیر پر گہری نظر رکھے اور عبث والا ہو۔

**نومی** - عابد، سخی، نیک نام، دولت مند، لڑکین بازی۔ دیوتاؤں کی عبادت کرنے والا۔ علم و ہنر میں ماہر اور سنسکرت ودیا میں کچھ ابھیاس۔ دھن، استری اور ودیا کی اتنی اور ترقی کا خواہش مند بہت رہے۔

**دسمی** - دولت مند، اقبال مند، دھرم کا رواج دینے والا اور ان پر عامل ہو۔ خاندان کا خدمتگار، سفر بہت کرے۔ ہنر تعلیم کا بہت خواہش مند۔ دیوتاؤں میں نیک بھگت۔

**ایکادشی** - دھرم کا روح اور پاک و شدھ خیالات میں بہت لگاؤ رکھے۔ دولت مند، صاحب اقبال، صاحب اولاد، ودوان، گورو گرسی کی خدمت اور تعظیم میں زیادہ مصروف رہے۔ انصاف پسند، تابع مزاج، نیک و بد کی تمیز والا۔ امیر، رئیس اور حکام میں عزت و مان والا ہو۔

**دوادشی** - غیر ملکوں کا سفر بہت کرے۔ غیر مستقل رہائش و مقام ایک جگہ پر نہ ہو۔ متلون مزاج، کوتاہ اندیش، چنچل۔ جو کام نہ جانتا ہو اس کے سیکھنے کی خواہش کرے۔ جسم لاغر اور چہرہ پُرنور ہو۔ دنیاوی کاموں میں ہمیشہ قدرت سے۔

**ترودشی** - دولت مند، صاحب علم، محنتی، غیر کا دل سے کرے۔ خرد مند، لائق تحسین، شدھ اچھیت شاستر کا جاننے والا۔ لوگوں میں عزت۔ عورت غیر سے رغبت کرنے۔

**چودس** - دولت مند، صاحب عزت، دلیر، جھوٹ سے نفرت کرنے والا۔ دھرماتما، شور پیر فقیل سبھاؤ۔ عبادت اور نیک کام بہت کرے۔ فقیروں اور محتاجوں کی خدمت کرنے والا۔ نیک نام اور مشہور ہو۔ وعدہ کا مستحکم اور اس کو وفا کرنے والا۔ دین و مذہب پر ثابت قدم۔ مثل راجہ مان پائے۔

**پورنماشی** - عقلمند، دولت مند، دنیاوی کاموں کو تحمل سے سرانجام کرے۔ غذا اور پوشاک عمدہ رکھے۔ زناکار، کامی پُرش ہو۔ عورت غیر سے ساتھ محبت و صحبت ہو۔

**اماوس** - جس کام کو شروع کرے اس کو بہت آہستہ آخر تک پہنچائے۔ علم و عقل کم ہو۔ بات جو کرے سمجھ نہ سکے۔ جاہل مطلق، زر دوست اور قدر شناس ہو۔ دل کا بھید کسی سے ظاہر نہ کرے۔

## جنم راشی میں پیدائش کا بیان

**میکھ راس** - جس شخص کا میکھ راس میں جنم ہو وہ شخص بڑا کم خور، غصہ ور اور ہمت والا ہو۔ زوجہ کو بہت عزیز رکھے۔ گول بدن، سرخ آنکھیں اور کف دست میں تیرہ کا نشان ہو۔ پانی سے خوف کھائے۔ سوال و جواب میں خوب فہمیدہ ہو۔

**برکھ** - اس راس کے جنم سے مولود سرخ رنگ اور سفید جسم، بدن اور چہرہ پر کوئی خال یا دنبل وغیرہ کا نشان ہو۔ دشمنوں پر غالب اور فتح مند رہے۔ دوستوں سے علیحدہ رہے۔ طبیعت خود پسند۔ لڑکیوں کی پیدائش زیادہ۔ جوانی اور پیری میں کم خور۔

**متھن** - خوش غذا اور سخی۔ گورا اور پاک بدن اور سب کی اس کا عقلمندی اور دانائی سے وابستہ ہو۔ جشیہ خندہ پیشانی سے مزاج خوش رکھے۔ علم موسیقی کے جاننے والا۔ عورتوں پر راغب بہت رہے۔ اعضاء بدن خوبصورت۔ دولت زیادہ ہو۔

**کرک** - دوست اس کے بہت ہوں۔ لڑکوں سے زیادہ محبت رکھے۔ گورا بدن اور دبلا، میانہ قد، گردن فربہ اور ران اور سر بھی بلند ہو۔ نجوم و دیا میں رغبت بہت رکھے۔ خدمت اور پوتر خیالات ہو۔ تجارت، تالاب، سیرگاہ بنانے کی خواہش رکھے۔

**سنگھ** - رخسار و ... اور چشم وغیرہ اعضاء بدن خوابیدہ ہوں۔ عورتوں سے طبیعت راغب رہے۔ اولاد کم ہو۔ سیاحت بہت کرے۔ شراب اور گوشت وغیرہ سے بھی رغبت رکھے۔ پیٹ اور دیو کے روگ سے اکثر تکلیف پائے۔ مال کی ...

**کنیا** - معزز و نامور، خوش شکل اور ہر دلعزیز ہو۔ لوگوں میں عزت اور توقیر پائے۔ راست گو، صاحب ثروت اور شرم و حیا والا ہو۔ نیت دھرم میں ثابت قدم رہے۔ لباس عمدہ ... زیادہ رغبت رکھے۔ دولت بیگانہ پاوے۔ آخر لڑکیاں زیادہ ہوں۔

**تلا** - دولت مند، ست بادی، کم طاقت اور حلیم و سخی ہو۔ عبادت اور دیوتاؤں کی پرستش میں مصروف رہے۔ بدن پر کوئی مادرزاد نشان ہو۔ اگر نہ ہو تو ضرب لگ کر نشان ہو جائے۔ پیشہ تجارت اور بیوپاری لوگوں سے دوستی زیادہ ہو۔

**برسچک** - دولت مند، بے قدر، محبت اور عقلی مسائل کسی سے رابطہ اور اتفاق نہ رکھے۔ رنگین وان شاستر کے جاننے والا۔ سر و چشم کلاں اور اعضائے اولاد بھی ہوں۔ بزرگوں کا کہنا قبول نہ کرے۔ دوست و یاروں میں مانند ماہی اور غیر سے ناراض۔

**دھن** - سر، گردن فربہ، دست دراز اور ناخن بد صورت ہوں۔ مال پدر سے تکلیف حاصل کرے۔ دولت اس کی ... ہوں۔ متکبر اور فصیح زبان اور اقبال والا ہو۔ سواری وغیرہ کا سکھ اور آرام پائے۔ شاعر اور سخن شناس ہو۔ ... سے محبت رکھے۔ راج دربار میں عزت ہو۔ دھرم میں ثابت قدم رہے۔

**مکر** - دولت مند اور رحیم مزاج ہو۔ نوکروں کو دوست بنا کر رکھتا ہے۔ سخن و فہم مزاج، پر شکر، صاحب علم اور عمر دراز ہو۔ عورت زبان سے محبت حاصل کرے۔ بدن زرد، قد لمبا ہو۔ کھانسی اور وائی روگ میں اکثر تکلیف پائے۔ بھائی بندوں میں پیارا والا ہو۔ غیروں کی امداد کرنے والا۔

**کمبھ** - دولت مند اور سخی، بامروت، وضع تبدیل نہ کرے۔ دانشمند و ہوشیار اور سادہ لوح ہو۔ فیل و اسپ وغیرہ سواری کا آرام پائے۔ پاؤں و کمر اور دہن کلاں، بدن فربہ اور گردن دراز ہو۔ دوستوں سے محبت رکھے۔ چغل خور اور کاہل وجود ہو۔ عورت بیگانہ میں طبیعت راغب رہے۔

**مین** - دولت مند، صاحب علم، میانہ قد اور بلند پیشانی، لوگوں سے اطاعت اور خدمت حاصل کرے۔ بے حیا، چالاک اور فحش باتوں سے رغبت ہو۔ بھائی بندوں سے مخالفت کم رکھے۔ راہ چلنے میں عاجز نہ ہو۔ پیٹ کی بیماری سے اکثر تکلیف پائے۔ (جنم لگن کا [illegible] خانہ [illegible])

# گزشتہ نصف صدی کے اہم واقعات

سن ۱۹۲۱ء ۔ لارڈ سنہا بہار اڑیسہ کے گورنر بنے۔ ۲۲ء چورا چوری میں لوگوں نے تھانہ جلا دیا۔ اس پر مہاتما گاندھی نے اپنی تحریک واپس لے لی۔ مہاتما گاندھی کو چھ سال قید کی سزا ہوئی۔ ۲۴ء سی۔ آر۔ داس کی لیڈر شپ میں سوراج پارٹی نے لیجسلیٹو اسمبلی کے چناؤ میں حصہ لیا اور بنگال و دوسرے صوبوں میں کامیابی حاصل کی۔ سی۔ آر۔ داس کو کلکتہ کارپوریشن کو پہلا میئر بنایا گیا۔ ٹاٹا آئرن انڈسٹری کی طرف دھیان دیا گیا۔ ۱۶ء مئی کو پہلا ریڈیو سٹیشن مدراس میں قائم ہوا۔ ۲۷ء ہندوستان کے لئے سائمن کمیشن مقرر ہوا۔ ۲۸ء تمام پارٹیوں نے کمیشن کا بائیکاٹ کیا۔ سردار پٹیل کی رہنمائی میں ٹیکس کے خلاف باردولی میں کسانوں کا کامیاب ستیاگرہ ہوا۔ ۲۹ء پنڈت جواہر لال نہرو کی صدارت میں لاہور میں کانگریس کے اجلاس میں مکمل آزادی کا پرستاؤ پاس ہوا۔ ۶ اپریل کو پہلی ہوائی ڈاک انگلینڈ سے کراچی پہنچی۔ ۱۹۳۰ء ۱۲ مارچ کو مہاتما گاندھی نے ۷۹ آدمیوں کے ساتھ ڈانڈی پہنچ کر نمک ستیاگرہ شروع کیا۔ نومبر میں لندن میں پہلی گول میز کانفرنس ہوئی۔ ۳۱ء گاندھی اروِن پیکٹ کی رو سے سول نافرمانی بند کر دی گئی۔ لندن میں دوسری گول میز کانفرنس میں مہاتما گاندھی کانگریس کے واحد نمائندہ کے طور پر شامل ہوئے۔ کانفرنس ناکام رہی۔ واپسی پر مہاتما گاندھی پھر گرفتار کر لئے گئے۔ ۳۲ء برطانیہ کے وزیر اعظم مسٹر ریمزے میکڈانلڈ نے اپنا ایوارڈ دے دیا جس میں اچھوتوں کو علیحدہ نمائندگی منظور کی۔ اس کے خلاف مہاتما گاندھی نے مرن برت رکھا۔ چنانچہ پونا پیکٹ کے ذریعہ ایوارڈ میں اچھوتوں کے حقوق اونچی ذات کے ہندوؤں کے ساتھ مشترکہ رکھے گئے۔ لندن میں تیسری گول میز کانفرنس ہوئی۔ ۳۳ء برٹش گورنمنٹ نے ہندوستان کے متعلق وائٹ پیپر شائع کیا۔ ایئر فورس کی بنیاد رکھی گئی۔ مطالبہ پاکستان شروع ہوا۔ ۳۴ء ریزرو بینک آف انڈیا ایکٹ پاس ہوا۔ بہار میں سخت بھونچال آیا۔ کانگریس سوشلسٹ پارٹی قائم ہوئی۔ ۳۵ء برٹش پارلیمنٹ نے گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ پاس کیا۔ برما ہندوستان سے الگ کر دیا گیا۔ صوبائی حکومتوں کو پورے اختیارات دیئے گئے۔ کوئٹہ میں سخت زلزلہ۔ دسمبر میں انڈین نیشنل کانگریس کی گولڈن جوبلی ہوئی۔ ۳۷ء کانگریس نے الیکشن میں حصہ لیا۔ ۱۱ میں سے ۷ صوبوں میں کانگریس میں وزارتیں بنیں۔ ۳۹ء جرمنی نے پولینڈ پر حملہ کر دیا اور دوسری عالمگیر جنگ شروع ہو گئی۔ کانگریس نے وزارتیں چھوڑ دیں۔ سبھاش چندر بوس نے کانگریس سے علیحدہ ہو کر فارورڈ بلاک قائم کیا۔ ۴۰ء مسلم لیگ نے لاہور میں حصول پاکستان کی قرارداد پاس کی۔ ۴۱ء سبھاش بوس ۲۶ جنوری کو فرار ہو کر جرمنی پہنچے۔ ڈاکٹر ٹیگور سرگباش ہو گئے۔ ۴۲ء ۷ دسمبر کو جاپان نے اتحادیوں کے خلاف جنگ شروع کر دی۔ ہند میں کرپس مشن کی آمد، ناکامی۔ ۹ اگست کو گاندھی جی نے "انگریزو ہندوستان چھوڑ دو" تحریک شروع کی۔ سب لیڈر گرفتار کر لیے گئے۔ ملک بھر میں زبردست گڑبڑ پھیل گئی۔ ۴۳ء بنگال میں بھیانک قحط پڑا۔ سبھاش بوس نے سنگاپور میں آزاد ہند فوج بنائی اور ۴۴ء میں ہندوستان پر حملہ کر دیا۔ ۴۵ء کانگریس تحریک بند کر دی گئی۔ ۳ مئی کو آزاد ہند فوج نے ہتھیار ڈال دیئے۔ سبھاش بوس فارموسا میں ہوائی حادثہ میں ہلاک ہو گئے۔ دہلی میں آزاد ہند فوج کے تین افسروں سہگل، ڈھلوں، شاہنواز پر بغاوت کے الزام میں مشہور تاریخی مقدمہ۔ آخر سب بری ہو گئے۔ ۴۶ء بمبئی میں انڈین نیوی کی بغاوت۔ ہندوستان میں جمہوری حکومت قائم ہوئی۔ پنڈت نہرو وزیر اعظم مقرر ہوئے۔ ۴۷ء ہند اور پاکستان کی تقسیم کے ساتھ ۱۵ اگست کو ملک آزاد ہوا۔ پنجاب میں فرقہ وارانہ فسادات۔ کشمیر پر پاکستان کا حملہ۔ ۴۸ء ۳۰ جنوری کو مہاتما گاندھی قتل کر دیئے گئے۔ حیدر آباد کی فتح۔ مسٹر جناح کی وفات۔ ۴۹ء چندر نگر کا ہند سے الحاق۔ کشمیر میں عارضی جنگ بندی سمجھوتہ۔ ۵۰ء ہند میں مکمل جمہوریت کا قیام۔ سردار پٹیل کی مرتیو۔ جنگ کوریا شروع۔ ۵۱ء نئی مردم شماری۔ نئے چناؤ۔ ۵۳ء سٹالن کی موت۔ اتن سنگھ کی ماؤنٹ ایورسٹ پر فتح۔ وجے لکشمی پنڈت اتحادی سبھا کی صدر بنیں۔ کوریا میں عارضی صلح۔ ملکہ الزبتھ برطانیہ کی تاجپوشی۔ ۵۴ء کولمبو کانفرنس کا انعقاد۔ جنیوا کانفرنس میں ہند چینی نگران کمیشن کا قیام۔ بھارت چین معاہدہ۔ وزیر اعظم چین کی ہند میں آمد۔ بھاکڑہ نہروں کا اجراء۔ ۵۵ء روس کے خروشچیف اور بلگانن، مصر کے صدر کرنل ناصر، صدر یوگوسلاویہ مارشل ٹیٹو کی بھارت یاترا۔ پنڈت نہرو کی روس یاترا۔ ۵۶ء بادشاہ سعودی عرب کی ہند یاترا۔ پنڈت نہرو کی سعودی عرب اور آئرلینڈ یاترا۔ ۵۸ء چیکوسلواکیہ، برطانیہ اور انڈونیشیا کے وزیر اعظم۔ شاہ افغانستان اور [illegible] ہو چی منہ کی بھارت یاترا۔ ڈاکٹر راجندر پرشاد کی جاپان یاترا۔ پنڈت نہرو کی بھوٹان یاترا۔ ڈاکٹر ابراہیم کی بھارت میں آمد۔ مولانا آزاد کی مرتیو۔ ۵۹ء نہرو کی ایران اور افغانستان یاترا۔ مسٹر خروشچیف کی امریکہ یاترا۔ جاپان میں طوفان سے خوفناک تباہی۔ تبت پر چین کا قبضہ۔ دلائی لامہ کی ہند میں آمد۔ چین اور ہندوستان میں سرحدی کشمکش۔ بھاکڑہ ڈیم کو حادثہ۔ روس نے چاند پر راکٹ اتار دیا۔ ہند کشمیر پرمٹ سسٹم منسوخ۔ ۱۵ ستمبر نہرو کی بھوٹان اور برما یاترا۔ ۹ دسمبر امریکہ کے صدر آئزن ہاور کی ہند یاترا۔ ۶۰ء چو۔ این۔ لائی کی بھارت میں آمد۔ صدر روس وارشلوف کی ہند میں آمد۔ خروشچیف کی آمد۔ راشٹرپتی کی روس یاترا۔ شاہ نیپال کی ہند میں آمد۔ سرتیک میں سیلاب سے بھاری تباہی۔ ۱۹ ستمبر پنڈت نہرو کا ۵ روزہ دورہ پاکستان اور ہند پاکستان نہری پانی کا سمجھوتہ جس پر نہرو اور ایوب نے دستخط کئے۔ ۲۴ ستمبر پنڈت نہرو اتحادی جنرل اسمبلی کے اجلاس امریکہ میں شامل ہوئے۔ کانگو میں خانہ جنگی شروع۔ ۶۱ء ملکہ الزبتھ برطانیہ کی بھارت یاترا۔ بھارت کی مردم شماری۔ بھارت کی آبادی ۴۴ کروڑ ہو گئی۔ پنڈت گووند ولبھ پنت کی مرتیو۔ ۱۲ اپریل روس کے میجر گگارن کی خلاء میں پرواز۔ امریکہ کے میجر شیپرڈ کی خلاء میں پرواز۔ ۶ اگست روس نے ٹیٹوف کو خلاء میں بھیجا جس نے ۲۵ گھنٹے میں دنیا کے گرد ۱۷ چکر لگائے۔ پنڈت نہرو کی روس یاترا۔ اتحادی سبھا کے جنرل سیکرٹری مسٹر ہیمرشولڈ کی ہوائی حادثہ میں مرتیو۔ پنڈت نہرو کی امریکہ یاترا۔ بھارت میں ناپ تول کے یکساں عشری پیمانے جاری ہوئے۔ گوآ کی فتح آخر دسمبر میں انجام پائی۔ ۶۲ء کرشنا پوری پٹنہ میں کانگریس کا ۶۷واں سمیلن ہوا۔ ۱۶ فروری بھارت میں تیسرے عام چناؤ ہوئے۔ ۲ مارچ برما میں ملٹری راج قائم ہوا۔ ۱۲ مارچ شریمتی کینیڈی ۹ دن کی بھارت یاترا پر آئیں۔ ۱۰ اپریل شری نہرو نے کیندریہ منتری منڈل کی تشکیل کی۔ ۲ مئی ڈاکٹر ذاکر حسین اپ راشٹرپتی بنے۔ ۱۱ مئی ڈاکٹر رادھا کرشنن نئے راشٹرپتی چنے گئے۔ ۲۳ جون سکیورٹی کونسل میں کشمیر پرستاؤ پر روس کا ویٹو۔ ۳ جولائی الجیریا آزاد ہوا۔ ۲۰ اکتوبر چین نے نیفا اور لداخ میں بھارت پر حملہ کر دیا۔ ۳ نومبر بھارت سرکار نے سونے کے بانڈ جاری کئے۔ ۱۳ نومبر سونے کا سٹہ بند کیا گیا۔ ۲۱ نومبر چین نے لڑائی بندی کا اعلان کر دیا۔ ۲۹ نومبر بھارت بھر میں سٹہ بند ہو گیا۔ دینا ناتھ ...

۲۳ نومبر کو روما نائف ڈیو کی جنم شتابدی منائی گئی۔

کی عمر ۵۸ سال کر دی گئی۔ ۲۷ دسمبر چین اور پاکستان کی حد بندی کا اعلان۔ ۶۳ء ڈاکٹر راجندر پرشاد کی مرتیو۔ امریکہ برطانیہ اور روس میں ایٹمی ہتھیاروں پر پابندی کا معاہدہ۔ صدر کینیڈی کی ہلاکت۔ ۶۴ء جون دکھنی ملیشیا ہندوستانی فوج کے ماتحت کر دی گئی۔ ۲۷ مئی پنڈت نہرو کی مرتیو۔ ۲ جون شری لال بہادر شاستری پردھان منتری چنے گئے۔ ۶۵ء رن کچھ کا دھیانت۔ ۶ فروری پرتاپ سنگھ کیروں کا قتل۔ ۹ مارچ پاکستان کا کچھ سرحد پر حملہ۔ شری شاستری کی نیپال اور روس یاترا۔ ۵ اگست سے کشمیر میں پاکستانی گھس پیٹھ شروع۔ یکم ستمبر چھمب میں پاکستانی حملہ۔ فضائی جنگ شروع۔ ۶ ستمبر بھارتی فوجیں لاہور سیکٹر میں داخل۔ ۲۳ ستمبر ہند پاک جنگ بندی معاہدہ۔ ۶۶ء ۳ جنوری شری لال بہادر شاستری سردار سورن سنگھ اور چوان کے ہمراہ تاشقند روانہ۔ ۱۰ جنوری ہند پاکستان کے درمیان معاہدہ تاشقند پر دستخط۔ ۱۱ جنوری شری شاستری تاشقند میں سرگباش۔ شریمتی اندرا گاندھی پردھان منتری چنی گئیں۔ بھارت کے چوٹی کے سائنسدان ڈاکٹر بھابھا ہوائی حادثہ میں ہلاک۔ ویر ساورکر سرگباش۔ ۲۸ مارچ اندرا گاندھی امریکہ میں اور ۲۱ اپریل ماسکو میں۔ ۲۳ اپریل پنجاب کی لسانی حد بندی کے لئے کمیشن مقرر۔ گی آنا ۱۵۰ سالہ غلامی کے بعد آزاد ہوا۔ امریکہ کا خلائی جہاز چاند پر اتر گیا۔ ۶ جون ہند سرکار نے روپے کی قیمت گرا دی۔ بھیانک مہنگائی شروع۔ ۲ ستمبر سونے کی زیورات پر پابندی عاید۔ ستمبر لوک سبھا نے ہریانہ پرانت اور پنجابی صوبے کے قیام کی منظوری دے دی۔ ۷ نومبر پارلیمنٹ کے باہر گئو ہتیا کے خلاف زبردست مظاہرہ۔ پولیس فائرنگ سے کئی اشخاص ہلاک۔ ۱۰ دسمبر چنڈی گڑھ کے حصول کے لئے سنت فتح سنگھ کا مرن برت۔ ۲۶ دسمبر کو ختم۔ ۶۷ء فروری میں جنرل انتخابات۔ ڈاکٹر ذاکر حسین راشٹرپتی اور وی وی گری اپ راشٹرپتی چنے گئے۔ عرب اسرائیل جنگ شروع۔ اسرائیل کا عرب علاقوں پر قبضہ۔ تین دن کے بعد جنگ بندی معاہدہ۔ ۶۸ء روس نے چیکوسلواکیہ پر قبضہ کر لیا۔ پنجاب میں راشٹرپتی راج کا نفاذ۔ امریکہ کے صدارتی چناؤ میں مسٹر رچرڈ نکسن صدر منتخب۔ ایران میں زلزلہ سے تباہی۔ ۶۹ء پنجاب۔ بہار۔ اڑیسہ۔ یوپی میں دوبارہ نئے عام چناؤ کے بعد نئی وزارتیں قائم ہوئیں۔ پنجاب میں اکالی جن سنگھ وزارت بنی۔ راشٹرپتی ڈاکٹر ذاکر حسین انتقال کر گئے۔ ۲۱ جولائی کو امریکہ کا خلائی جہاز اپولو ۱۱ ۳ خلابازوں کے ساتھ چاند کی طرف روانہ۔ دو خلاباز چاند پر اترے۔ چاند کی مٹی کے نمونے امریکہ لائے گئے۔ ۱۴ بینکوں کا راشٹریکرن کر دیا گیا۔ اگست میں شری وی وی گری راشٹرپتی اور شری پاٹھک اپ راشٹرپتی چنے گئے۔ ۲ اکتوبر کو گاندھی شتابدی دنیا بھر میں منائی گئی۔ گاندھی کے نام کا سکہ جاری ہوا۔

# علم جیوتش و نجوم کے مفید اور چمتکارک یوگ

## شبھ کاموں کے آغاز کرنے کا مبارک وقت

### مبارک روی یوگ

سورج جس نکھشتر میں ہو اُس نکھشتر سے لے کر ضرورت چندرماں کے نکھشتر تک شمار کرو۔ اگر شمار میں چوتھا، چھٹا، نانواں، دسواں، تیرھواں یا بیسواں نکھشتر ہو تو سفر کے لئے نہایت مبارک ہوتا ہے۔ ایسے وقت میں یوگنی دشا شول وغیرہ کا کوئی دوش نہیں ہوتا۔

### روی یوگ

جس دن کہیں جانا ہو اُس وقت جس نکھشتر میں اُس دن سورج ہو اُس نکھشتر سے اُس دن کے نکھشتر تک شمار کرو۔ اگر چوتھے چھٹے نانویں دسویں بارھویں تیرھویں یا بیسویں عدد پر نکھشتر آ جائے تو سفر کے لئے اچھا ہے ورنہ پریشانی و نقصان ہوگا۔

### تتھی کھاتک یوگ

اتوار اور منگلوار کو نندا تتھی ایکم چھٹ گیارھویں ہو، سوموار اور شکروار کو بھدرا تتھی دوج ستمی دوادشی۔ بدھوار کو جیا تتھی تیج اشٹمی ترودشی، ویروار کو رکتا تتھی چوتھ نومی چودس اور سنیچروار کو پورنا تتھی پنچمی دسمی اور پورنماشی ہو تو کھاتک تتھی ہوتی ہے جو ہر کام کے شروع کرنے کے لئے ناقص ہوتی ہے۔ شکل یعنی چاند نے پکش کی نندا اور رکتا تتھی اشبھ یعنی ناقص ہیں۔ بھدرا اور پورنا مدھم اور جیا شبھ یعنی مبارک کہلاتی ہیں۔ کرشن پکش یعنی اندھیرے پکش کی نندا رکتا شبھ، بھدرا اور پورنا مدھم اور جیا اشبھ یعنی ناقص کہلاتی ہیں۔ شبھ کام کے آغاز کرنے میں ان کا لحاظ ضرور کر لینا چاہئے۔ ان ناقص تتھیوں میں یاترا۔ زمین کا جوتنا۔ مقدمات۔ لڑائی جھگڑے وغیرہ کام ورجت رکھے ہیں۔

### امرت یوگ

سوموار کے دن اماوس ہو۔ اتوار کو ستمی منگلوار کو چوتھ بدھوار کو اشٹمی تتھی ہو تو امرت یوگ ہوتا ہے۔ ان تتھیوں میں گنگا اشنان کرنے سے سورج گرہن کا پھل ہوتا ہے۔ ان تتھیوں میں جو بھی اچھا یا بُرا کرم کیا جائے اُس کا پھل ۶۰ ہزار سال تک بہو گنا پڑتا ہے۔

### دو پشکر یوگ

منگلوار سنیچروار یا اتوار کو دوج ستمی یا دوادشی تتھی ہو اور اس روز دھنشٹا چترا یا مرگشر نکھشتر آ جائے تو دو پشکر یوگ ہوتا ہے۔ اس میں جو بات واقع ہوتی ہے وہ دو بار ضرور ہوتی ہے۔

### تری پشکر یوگ

منگلوار سنیچروار اور اتوار کو دوج ستمی دوادشی بھدرا تتھی ہو اور وشاکھا اترا پھالگنی پوروا بھادر پد پنرلبس کرتکا یا اترا کھاڑ نکھشتر میں سے کوئی نکھشتر ہو تو اس دن تری پشکر یوگ ہوتا ہے جو ہر کام کے لئے منحوس ہے۔ اس یوگ میں جو بات ایک دفعہ ہو جائے وہ دو دفعہ اور ضرور ہوتی ہے۔ اگر کسی گھر میں موت ہو جائے تو پھر اس کے بعد جلد ہی دوسری موت کا صدمہ ہوتا ہے۔ اگر کوئی مصیبت ایسے وقت میں پیش آئے تو پھر دوبارہ مصیبت اور رنج کا اندیشہ ہوتا ہے۔

### یم گھنٹری یوگ

دوج تتھی کو انرادھا نکھشتر جس کا تعلق ... اترا میں سے کوئی نکھشتر ہو۔ پنچمی تتھی کو پوروا پھالگنی نکھشتر ستمی تتھی کو ہست یا مولا نکھشتر ہو، اشٹمی دسمی کو روہنی نکھشتر اور ترودشی کو سواتی یا چترا نکھشتر پڑ جائے اُس دن یہ تری یوگ ہوتا ہے جو ہر شبھ کام کے لئے منحوس ہے۔ ایسے یوگ میں اگر کوئی شبھ کام کیا جائے تو چھ ماہ کے اندر موت کا خطرہ ہوتا ہے۔

### بھسم یوگ

جس نکھشتر میں سورج ہو اُس سے چوتھا نکھشتر ہو تو وہ بھسم یوگ ہوتا ہے۔ اس میں جو کام شروع کیا جائے وہ نقصان و تکلیف دینے والا ہوتا ہے۔

### دگدھ یوگ

بدھوار کو تیج منگلوار کو پنچمی ویروار کو چھٹ شکروار کو اشٹمی سوموار کو ایکادشی سنیچروار کو نومی اور اتوار کو دوادشی تتھی آ جائے تو دگدھ یوگ ہوتا ہے جو ہر کام کے آغاز کرنے میں ناقص ہوتا ہے۔

### چر یوگ

اتوار کو ریوتی ویروار کو پکھ سنیچروار کو ... شکروار کو مگھا بدھوار کو روہنی منگلوار کو وشاکھا اور سوموار کو آردرا نکھشتر آ جائے تو چر یوگ کہلاتا ہے۔

### سرکٹ یوگ

سنیچروار کو چھٹ شکروار کو ستمی ویروار کو اشٹمی بدھوار کو نومی، منگلوار کو دسمی سوموار کو ایکادشی اور اتوار کو دوادشی آ جائے تو سرکٹ یوگ ہوتا ہے۔

### ججر یوگ

سوموار کو چترا شکروار کو جیشٹا سنیچروار کو ریوتی بدھوار کو دھنشٹا اتوار کو بھرنی منگلوار کو اترا کھاڑ اور ویروار کو اترا پھالگنی نکھشتر آ جائے تو ججر یوگ کہلاتا ہے جو ہر کام کے لئے نحس اور نامبارک ہوتا ہے۔

### یم گھنٹ یوگ

اتوار کو مگھا بدھوار کو مولا ویروار کو کرتکا منگلوار کو آردرا سنیچروار کو ہست اور شکروار کو روہنی نکھشتر آ جائے تو یم گھنٹ یوگ ہوتا ہے۔

### مرتیو یوگ

اتوار منگلوار کو نندا تتھی ہو سوموار ویروار کو بھدرا شکروار کو جیا بدھوار کو رکتا اور سنیچروار کو پورنا تتھی ہو تو مرتیو یوگ ہوتا ہے۔

### کنبھ پروتار یوگ

سورج میکھ راشی میں ہو اور کنبھ راشی میں برہسپت پڑا ہو تو ہردوار میں کنبھ ہوتا ہے۔

### کنبھ پریاگ یوگ

سورج مکر راشی میں پڑا ہو، برہسپت برکھ راشی میں بیٹھا ہو تو پریاگ والہ آباد میں کنبھ ہوتا ہے۔

### کنبھ اجین یوگ

جب سورج میکھ راشی میں ہو اور برہسپت سنگھ راشی میں ہو تو کنبھ اجین ہوتا ہے۔

### کنبھ گوداوری ناسک

جب برہسپت کرک راشی میں ہو اور سورج چندرماں جس دن کرک راشی میں داخل ہوتے ہیں تو اُس وقت گوداوری ناسک میں کنبھ ہوتا ہے۔

### اردھ کنبھی یوگ

جب برہسپت سنگھ راشی میں اور سورج مینکھ راشی میں ہو تو اردھ کنبھی ہردوار ہوتی ہے جب برچھک راشی میں برہسپت اور مکر راشی میں سورج ہو تو اردھ کنبھی پریاگ راج ہوتی ہے جب برہسپت سنگھ راشی میں اور سورج چندرماں کرک راشی میں ہوں تو اردھ کنبھی گوداوری ناسک ہوتی ہے۔

### جوالا مکھی نکھشتر

پڑوا اشٹمی ایکم کو مولا نکھشتر، پنچمی میں بھرنی اشٹمی دوج میں کرتکا نومی میں روہنی اور دسمی میں اشلیکھا نکھشتر آ جائے تو ان نکھشتروں کو جوالا مکھی نکھشتر کہتے ہیں۔ جو لڑکا یا لڑکی ان میں پیدا ہو وہ جلد مر جائے۔ اگر گاؤں یا نگر آباد ہو تو جلد ویران ہو جائے۔ شادی ہو تو عورت بیوہ ہو جائے۔ اگر بیمار ہو تو شفا نہ پائے۔ سفر کو جائے تو جان و مال کا نقصان ہوتا ہے۔

### سفر کے لئے سعد نکھشتر

مرگشر روہنی مرگشر آردرا پنربس پکھ اور اشلیکھا مشرق اور دکھن کونوں کے سفر کے لئے مبارک ہیں۔ دھنشٹا ست بکھا پوروا بھادرا اترا بھادر پد ریوتی اشونی بھرنی جانب شمال اور مغرب کے لئے مگھا پوروا پھالگنی ہست چترا سواتی وشاکھا جانب جنوب اور نیرت کون کے لئے شبھ اور مبارک ہیں۔

### سوماوتی اماوس

اگر سوموار کے دن اماوس ہو تو اس کو سوماوتی اماوس کہتے ہیں۔ اس دن جب دان کیا ہوا اکھشے پھل ہوتا ہے جب تک سورج چندرماں رہتے ہیں تب تک اس کا پھل ہوتا ہے۔ اگر اس دن بتی پات یوگ بھی ہو تو اُس کے پھل سے سو گنا زیادہ پھل ہوتا ہے۔ اس یوگ میں سو مشہور جھاڑیوں کا درشن کرنے سے سرو دکشنا گئو کا پھل پراپت ہوتا ہے۔ اگر اماوس منگلوار کے دن ہو تو اس کا پھل بھی سوماوتی اماوس کے برابر ہوتا ہے۔

### منگلواری اماوس

اگر منگلوار کے دن اماوس آ جائے تو اس دن گنگا جی میں اشنان کرنے سے ہزار گئو دان کا پھل پراپت ہوتا ہے۔

### برت پورنماشی

یہ برت پورنماشی کا جو رتیولوک اور ... لوک میں بھی درلبھ ہے اس برت کو شیو کے ساتھ کرنے سے ... سنسار کے سب سکھ بھوگ کر انت میں شیو کو پراپت ہوتا ہے یعنیوں کا ناش اور دھن دھان کی بڑھی ہوتی ہے۔

### پشکر یوگ

اماوس سوموار منگلوار یا ویروار ہو تو پشکر یوگ ہوتا ہے۔ اس یوگ میں دان پن کرنے سے سورج گرہن کے سمان سو گنا پھل ہوتا ہے۔

### ایکادشی برت مہاتم

ایکادشی کے دن جو کوئی برت کرے وہ سو کروڑ کلپ وشنو لوک میں ... جو پھل چندرماں گرہن میں کوروکشیتر میں دان دینے سے ہوتا ہے۔ اسومیدھ یگیہ سے ہوتا ہے۔ جو پھل ایک لاکھ تپسویوں کو بھوجن کرانے سے ہوتا ہے اس سے دس گنا پھل ایکادشی کے برت سے ہوتا ہے۔

### برت گنیش چوتھ

ہر مہینے کے کرشن پکش یعنی اندھیرے پکھ کی چوتھ کو برت کرے ... بدی چوتھ خاص کر پھل دینے والی ہوتی ہے۔ چوتھ کے دن برت رکھ کر رات کو چندرماں کو ارگھ دے ... پھل یا دودھ کھلائے۔ دوسرے دن براہمن کو بھوجن کرائے۔

### وارونی یوگ

چیت بدی ترودشی کے دن ست بکھا نکھشتر ہو تو وارونی یوگ ہوتا ہے۔

### مہا وارونی یوگ

چیت بدی ترودشی کے دن ست بکھا نکھشتر ہو اور سنیچروار بھی ہو تو مہا وارونی یوگ ہوتا ہے۔

### مہا مہا وارونی یوگ

چیت بدی ترودشی کے دن ست بکھا نکھشتر شبھ یوگ اور سنیچروار بھی ہو تو مہا مہا وارونی یوگ ہوتا ہے۔ اس یوگ میں گنگا جی کا اشنان کرنے سے کروڑ سورج گرہن کا پھل ملتا ہے۔

### اردھودیہ یوگ

ماگھ یا پوہ کی اماوس کو شرون نکھشتر ہو اور بتی پات یوگ ہو تو اردھودیہ یوگ ہوتا ہے۔ اس یوگ میں گنگا اشنان اور دان پن کا ہزار گنا پھل ہوتا ہے۔

### بتی پات یوگ

اماوس اتوار کے دن ہو اور ... شرون اشونی دھنشٹا آردرا یا اشلیکھا نکھشتر بھی ہو تو اس یوگ کو بتی پات یوگ کہتے ہیں۔ اس یوگ میں کیا ہوا جپ دان کروڑ گنا پھل دینے والا ہے۔

### گولک یوگ

اتوار کو ستمی سوموار کو اشٹمی منگلوار کو پنچمی بدھوار کو چوتھ ویروار کو تیج شکروار کو دوج اور سنیچروار کو ایکم ہو تو گولک یوگ ہوتا ہے۔ جو ہر کام کے شروع کرنے کے لئے نیک اور مبارک ہے۔

# فہرست گورپرب ہائے بابت سال ۱۹۷۰ء

| نام گورو صاحبان | جنم دن: تتھی | جنم دن: تاریخ انگریزی | یوم گوریائی: تتھی | یوم گوریائی: تاریخ انگریزی | جوتی جوت سمائے: تتھی | جوتی جوت سمائے: تاریخ انگریزی |
|---|---|---|---|---|---|---|
| گورو نانک دیو جی | کاتک شدی پورنماشی | ۱۳ نومبر | . | . | اسوج بدی دسمی | ۲۵ ستمبر |
| گورو انگد دیو جی | بیساکھ شدی ایکم | ۶ مئی | اسوج بدی پنچمی | ۱۹ ستمبر | چیت شدی چوتھ | ۹ اپریل |
| گورو امر داس جی | 〃 〃 چودس | ۲۱ 〃 | چیت شدی ایکم | ۷ اپریل | بھادوں شدی پورنماشی | ۱۵ ستمبر |
| گورو رام داس جی | کاتک بدی دوج | ۱۶ اکتوبر | بھادوں شدی ترودشی | ۱۳ ستمبر | 〃 〃 تیج | ۶ ستمبر |
| گورو ارجن دیو جی | بیساکھ بدی ستمی | ۲۸ اپریل | 〃 〃 دوج | ۳ ستمبر | جیٹھ شدی چوتھ | ۸ جون |
| گورو ہرگوبند جی | ہاڑ بدی ایکم | ۲۰ جون | جیٹھ بدی اشٹمی | ۲۸ مئی | چیت 〃 پنچمی | ۱۰ اپریل |
| گورو ہر رائے جی | ماگھ شدی ترودشی | ۱۹ فروری | چیت بدی ترودشی | ۶ اپریل | کاتک بدی نومی | ۲۳ اکتوبر |
| گورو ہرکشن جی | ساون بدی نومی | ۲۶ جولائی | کاتک بدی نومی | ۲۳ اکتوبر | چیت شدی چودس | ۲۰ اپریل |
| گورو تیغ بہادر جی | بیساکھ بدی پنچمی | ۲۶ اپریل | چیت شدی چودس | ۲۰ اپریل | مگھر شدی پنچمی | ۳ دسمبر |
| گورو گوبند سنگھ جی | پوہ شدی ستمی | ۱۶ جنوری | مگھر شدی تیج | یکم دسمبر | کاتک 〃 〃 | ۴ نومبر |
| گورو گرنتھ صاحب | پہلا پرکاش | | بھادوں شدی ایکم | یکم ستمبر | کوئی نہ تھا۔ | .. |

## دس گوروؤں کے مختصر حالات زندگی

**گورو نانک دیو جی** کاتک شدی پورنماشی سنہ ۱۴۶۹ء میں تلونڈی (ننکانہ صاحب) میں پیدا ہوئے۔ ان کے پتا کا نام کالو رام گاؤں کے پٹواری تھے۔ ۳۰ برس کی عمر میں یہ سادھو ہو کر دھرم اور ایکتا کا پرچار کرنے لگے۔ بہت سے لوگ ان کے پیروکار ہو گئے جو سکھ کہلاتے ہیں۔ ۷۰ سال کی عمر میں اسوج بدی دسمی ۱۵۳۹ء کو آپ کا دیہانت ہو گیا۔ آپ نے ہندو مسلم ایکتا کا پرچار کیا۔

**گورو انگد جی** بیساکھ شدی ایکم سنہ ۱۵۰۴ء کو جنم ہوا۔ آپ گورو نانک دیو جی کے چیلے تھے۔ ان کے دیہانت کے بعد گدی پر بیٹھے۔ ان کے وقت میں بہت سے لوگ سکھ دھرم میں شامل ہو گئے۔ انہوں نے گورمکھی لپی ایجاد کی۔ چیت شدی چوتھ سنہ ۱۵۵۲ء میں دیہانت ہو گیا۔

**گورو امر داس جی** بیساکھ شدی چودس سنہ ۱۴۷۹ء میں پیدا ہوئے۔ گورو انگد جی کے بعد گدی نشین ہوئے۔ آپ نے رسم ستی کو بند کر کے بیوہ عورتوں کو دوبارہ شادی کرنے کا حق دیا۔ گوندوال میں ایک باؤلی بنوائی۔ بھادوں شدی پورنماشی سنہ ۱۵۷۴ء کو آپ کا دیہانت ہو گیا۔

**گورو رام داس جی** یہ کاتک بدی دوج سنہ ۱۵۳۴ء کو پیدا ہوئے۔ لاہور میں بادشاہ اکبر سے ملاقات کی۔ اس نے خوش ہو کر کچھ زمین دی جس پر آپ نے ایک تالاب مع کرامت سر کی بنیاد رکھی۔ بھادوں شدی تیج سنہ ۱۵۸۱ء کو آپ کا دیہانت ہو گیا۔

**گورو ارجن دیو جی** آپ کا جنم بیساکھ بدی ستمی سنہ ۱۵۶۳ء کو ہوا۔ یہ گورو رام داس جی کے صاحبزادے تھے۔ آپ نے سکھ دھرم کی بنیاد رکھی اور گورو گرنتھ صاحب کی رچنا کی۔ امرتسر میں ہرمندر صاحب بنوایا اور ترن تارن ضلع امرتسر میں ایک تالاب بنوایا جو سکھوں میں بہت پوتر مانا جاتا ہے۔ جہانگیر بادشاہ نے انہیں لاہور قلعہ میں قید کر دیا اور سنہ ۱۶۰۶ء میں ان کو شہید کر دیا گیا۔ جیٹھ شدی چوتھ کو ان کی شہادت کی یاد میں جوڑ میلہ منایا جاتا ہے۔

**گورو ہرگوبند جی** گورو ارجن دیو جی کے لڑکے تھے۔ ہاڑ بدی ایکم سنہ ۱۵۹۵ء میں پیدا ہوئے۔ انہوں نے اپنے پتا کا بدلہ لینے کے لئے ایک فوج بنائی۔ جہانگیر نے انہیں گوالیار کے قلعہ میں بند کر دیا۔ وہاں سے رہائی کے بعد انہوں نے صوبیدار پنجاب کو تین بار شکست دی۔ چیت شدی پنچمی سنہ ۱۶۳۸ء کو آپ جوتی جوت سما گئے۔

**گورو ہر رائے جی** یہ گورو ہرگوبند جی کے پوتے تھے۔ ان کا جنم ماگھ شدی ترودشی سنہ ۱۶۳۰ء کو ہوا۔ ان کی دارا شکوہ سے بہت دوستی تھی۔ سکھوں کی فوجی طاقت بڑھائی۔ کارتک بدی نومی سنہ ۱۶۶۱ء کے روز ان کی مرتیو ہو گئی۔

**گورو ہرکشن جی** آپ گورو ہر رائے کے لڑکے تھے۔ ساون بدی نومی سنہ ۱۶۵۶ء کو پیدا ہوئے۔ آپ نے بھگتی پر زور دیا۔ چیت شدی چودس سنہ ۱۶۶۴ء کو آٹھ سال ۱۸ دن کی چھوٹی آدستھا میں آپ جوتی جوت سما گئے۔

**گورو تیغ بہادر جی** آپ گورو ہرگوبند جی کے لڑکے تھے۔ بیساکھ بدی پنچمی سنہ ۱۶۲۱ء کو پیدا ہوئے۔ اورنگ زیب نے انہیں مسلمان بنانے کی کوشش کی۔ مگھر شدی پنچمی سنہ ۱۶۷۵ء کو انہیں شہید کر دیا گیا۔ آپ آنند پور صاحب میں رہ کر دھرم پرچار کرتے تھے۔

**گورو گوبند سنگھ جی** یہ گورو تیغ بہادر کے صاحبزادے تھے۔ پوہ شدی ستمی سنہ ۱۶۶۶ء کو پیدا ہوئے۔ اپنے پتا کا بدلہ لینے اور ہندو دھرم کی رکشا کے لئے خالصہ فوج کو جنم دیا اور ہر ایک گورو سکھ کے لئے کیس، کرپان، کنگھا، کچھا اور کڑا دھارن کرنا لازمی قرار دیا۔ اورنگ زیب نے ان کے دو صاحبزادوں کو زندہ دیوار میں چنوا دیا۔ دکن میں گوداوری کے کنارے [illegible] کو شہید کر دیا۔

# اہل اسلام کے تہوار کب اور کیوں منائے جاتے ہیں

| تہوار | تاریخ | کیوں منایا جاتا ہے |
|---|---|---|
| محرم الحرام | ۱۰ محرم | اس دن امام حسینؓ نے وفات پائی۔ ان کی یاد میں یہ دن منایا جاتا ہے |
| چہلم شہدائے کربلا | ۱۹ صفر | اس دن محرم سے ۴۰ دن کربلا میں ماتم شوک منایا جاتا ہے۔ |
| آخری چہار شنبہ | صفر آخر بدھوار | حضرت محمدؐ بیماری سے صحت یاب ہوئے تو صفر کے آخری بدھ کو غسل کر کے سیر کو تشریف لے گئے |
| عید میلاد النبی | ۱۲ ربیع الاول | اس دن حضرت محمدؐ صاحب کا جنم مبارک ہوا تھا۔ |
| بارہ وفات | ۱۲ 〃 〃 | اس دن حضرت محمدؐ صاحب اس دنیا سے رحلت فرما گئے۔ |
| گیارھویں شریف | ۱۱ ربیع الثانی | اس دن سید غوث الاعظم بغداد میں وفات پا گئے۔ محتاجوں کو کھانا کھلایا جاتا ہے |
| شب معراج | ۲۶ رجب | اس دن حضرت محمدؐ اللہ تعالیٰ کی دعوت پر عرش معلیٰ پر ملاقات کرنے گئے تھے۔ |
| شب برات | ۱۴ شعبان | سال بھر کے اچھے کاموں کا اس دن عوضانہ ملتا ہے۔ یہ رات نہایت متبرک ہے |
| جمعۃ الوداع | رمضان آخر شکر | رمضان مہینے کے آخری جمعہ کے دن مسلمان اکٹھے ہو کر نماز ادا کرتے ہیں |
| عید الفطر | یکم شوال | رمضان کے تمام روزے ختم ہونے پر یکم شوال کو مسلمان عید مناتے ہیں۔ |
| عید الضحیٰ | ۱۰ ذی الحجہ | حضرت ابراہیمؑ نے خدا کے حکم پر اپنے پیارے بیٹے اسمٰعیلؑ کی قربانی دی۔ |
| روزے | تمام رمضان | اس مہینے قرآن حضرت محمد رسول اللہ پر نازل ہوا تھا لہٰذا سب سے مقدس مہینہ ہے |

## اہل اسلام کے مشہور اور مقامی عرس بابت سال ۱۹۷۰ء

| نام عرس | مقام | تاریخ ہجری | تاریخ انگریزی | نام عرس | مقام | تاریخ ہجری | تاریخ انگریزی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| کریم اللہ شاہ | بمبئی | ۸ ذیقعد | ۱۷ جنوری | چشتی صاحب | رام پور | ۶ ربیع الثانی | یکم جولائی |
| مہائم شریف | بمبئی | ۱۲ 〃 | ۲۱ 〃 | نجم الحسین | کڑدہ مکتیشور | ۲۰ جمادی الاول | ۴ اگست |
| شاہ نظام | اورنگ آباد | ۱۳ 〃 | ۲۲ 〃 | بی بی پاکدامن | لاہور | ۶ جمادی الثانی | ۱۰ 〃 |
| محمد گیسو | گلبرگہ | ۱۳ 〃 | ۲۲ 〃 | مولانا فخر الدین | دہلی | ۷ 〃 | ۱۱ 〃 |
| سید باسط علی | الہ آباد | ۱۵ تا ۱۸ 〃 | ۲۴ تا ۲۷ 〃 | محمد علی شاہ | لکھنؤ | ۹ 〃 | ۱۳ 〃 |
| حاجی محمد مراد بخاری | کدی کشمیر | ۱۷ ذی الحجہ | ۲۴ فروری | نواب سید مظفر شاہ | کشمیر | ۱۰ 〃 | ۱۴ 〃 |
| ننگر صاحب | حیدر آباد | ۱۱ محرم | ۱۹ مارچ | نظام الدین | دہلی | ۱۵ تا ۱۷ 〃 | ۱۹ تا ۲۱ 〃 |
| شیخ عبد اللہ | گوالیار | ۲۰ 〃 | ۲۸ 〃 | حضرت نیاز احمد | بریلی | ۱۹ 〃 | ۲۳ 〃 |
| بابا پھول شاہ | اجمیر | ۲۵ 〃 | ۲ اپریل | شمس الدین | پانی پت | ۱۹ 〃 | ۲۳ 〃 |
| مولانا ولی اللہ | دہلی | ۲۵ 〃 | ۲ 〃 | مولانا ثناء اللہ | پانی پت | یکم رجب | ۳ ستمبر |
| شاہ جمال | رام پور | ۱ تا ۳ صفر | ۸ تا ۱۰ 〃 | خواجہ معین الدین چشتی | اجمیر شریف | ۶ 〃 | ۸ 〃 |
| غوث پاک | راولپنڈی | ۶ 〃 | ۱۳ 〃 | میاں بادشاہ | لاہور | ۸ 〃 | ۱۰ 〃 |
| عبد الرحیم | دہلی | ۱۳ 〃 | ۲۰ 〃 | عبد الحکیم | لاہور | ۱۲ 〃 | ۱۴ 〃 |
| میاں کالے | دہلی | ۱۴ 〃 | ۲۱ 〃 | خواجہ شمس الدین | عثمان آباد | ۱۶ 〃 | ۱۸ 〃 |
| مراد اللہ | لکھنؤ | ۱۴ 〃 | ۲۱ 〃 | شاہجہان بادشاہ | آگرہ | ۱۶ 〃 | ۱۸ 〃 |
| داتا گنج بخش | لاہور | ۲۰ 〃 | ۲۷ 〃 | خواجہ ناصر دہلوی | دہلی | ۲ شعبان | ۴ اکتوبر |
| شاہ مینا | لکھنؤ | ۲۲ 〃 | ۲۹ 〃 | فضل علی | میرٹھ | ۱۱ 〃 | ۱۳ 〃 |
| علی شاہ | دہلی | ۲۲ 〃 | ۲۹ 〃 | مولوی الولی | لکھنؤ | ۲۲ 〃 | ۲۴ 〃 |
| محمد ابو الحسن | حیدر آباد | ۲۴ 〃 | یکم مئی | مولوی انوار الحق | لکھنؤ | ۲۶ 〃 | ۲۸ 〃 |
| مخدوم شاہ علی | کانپور | ۲۸ 〃 | ۵ 〃 | اکبر بادشاہ | آگرہ | ۲۷ 〃 | ۲۹ 〃 |
| شیخ احمد صاحب | سرہند | ۲۸ 〃 | ۵ 〃 | بندگی شاہ | سکندر آباد | ۲۹ 〃 | ۳۱ 〃 |
| صادق شاہ | کانپور | ۲۸ 〃 | ۵ 〃 | بو علی شاہ قلندر | پانی پت | ۱۳ رمضان | ۱۴ نومبر |
| محمد کابلی | جلال پور | ۴ ربیع الاول | ۱۰ مئی | سید محمد غوث | گوالیار | ۱۴ 〃 | ۱۵ 〃 |
| زری زر بخش | اورنگ آباد | ۶ 〃 | ۱۲ 〃 | نصیر الدین | دہلی | ۱۵ تا ۱۷ 〃 | ۱۶ تا ۱۸ 〃 |
| شاہ ہمدان | کشمیر | ۷ 〃 | ۱۳ 〃 | میاں وڈے شاہ | لاہور | ۵ شوال | ۵ دسمبر |
| میاں میر | لاہور | ۷ 〃 | ۱۳ 〃 | شریف الدین | کلکتہ | ۵ 〃 | ۵ 〃 |
| قدم شریف | آگرہ | ۱۱ 〃 | ۱۷ 〃 | عبد العزیز | دہلی | ۷ 〃 | ۷ 〃 |
| علاؤ الدین | کلیر | ۱۳ 〃 | ۱۹ 〃 | شاہ احمد سرمد | مراد آباد | ۸ 〃 | ۸ 〃 |
| قطب الدین | مہرولی | ۱۴ 〃 | ۲۰ 〃 | شہید ثالث | آگرہ | ۱۲ 〃 | ۱۲ 〃 |
| شاہ جمال | لاہور | ۲ ربیع الثانی | ۸ جون | مہدی صاحب | بمبئی | ۱۳ 〃 | ۱۳ 〃 |
| حافظ علی | مراد آباد | ۳ 〃 | ۸ 〃 | مادھو لال حسین | لاہور | ۱۳ 〃 | ۱۳ 〃 |
| نظام دین | دہلی | ۱۶ 〃 | ۲۱ 〃 | امیر خسرو | دہلی | ۱۸ 〃 | ۱۸ 〃 |
| شاہ بدول دیانی | گجرات | ۱۹ 〃 | ۲۴ 〃 | -- | -- | -- | .. |
| [illegible] | [illegible] | ۲۳ 〃 | ۲۸ 〃 | -- | -- | -- | .. |

# چاروں یگوں کا بیان

## ست یگ

ست یگ کی اُتپتی کارتک شدی نومی کو ہوئی تھی۔ اس کی آیو ۱۷ لاکھ ۲۸ ہزار سال کی تھی۔ اس میں متسیہ۔ کورم۔ وراہ اور نرسنگھ یہ چار اوتار ہوئے۔ متسیہ نے ویدوں کا اُدھار کیا۔ وراہ نے جل اُدھار کیا کورم نے پرتھوی کی رکشا کی اور نرسنگھ نے ہرنیہ کشیپ کو مارا۔ اس یگ میں منشیہ کی اوسط آیو ایک لاکھ سال تھی۔ بالک اوستھا دس ہزار سال اور شریر کی لمبائی ۲۱ ہاتھ تھی۔ پنیہ ۲۰ وشوے تھا۔ اس میں سورج گرہن ۲۰ ہزار اور ۲۰ ہزار چندر گرہن ہوئے

## تریتا یگ

بیساکھ شدی تیج کو تریتا یگ کی اُتپتی ہوئی۔ اس کی آیو ۱۲ لاکھ ۹۶ ہزار سال کی تھی۔ اس یگ میں تین اوتار بامن۔ پرشرام اور رام چندر جی ہوئے ہیں بامن جی نے راجہ بلی سے تین پیر پرتھوی دان لے کر تین پیروں میں ماپ لیا اور بعد میں راجہ بلی کو پاتال کا راجیہ دیا۔ پرشرام جی نے کھتری راجاؤں کو مار کر براہمن راجیہ قائم کیا اور رام چندر جی نے راون کو مارا۔ اس یگ میں منشیہ کی پورن آیو دس ہزار سال تھی۔ بالک اوستھا ایک ہزار سال تھی۔ اس میں پنیہ ۱۵ اور پاپ ۵ وشوے تھا۔ شریر کی لمبائی ۱۴ ہاتھ تھی۔ اس یگ میں سورج گرہن ۲۰ ہزار اور چندرماں گرہن ۳۰ ہزار ہوئے ہیں۔ اس میں سونے کا سکہ تھا۔

## دواپر یگ

ماگھ بدی اماوش کو دواپر یگ کی اُتپتی ہوئی۔ اس کی آیو ۸ لاکھ ۶۰ ہزار سال تھی۔ اس میں دو اوتار ہوئے۔ شری کرشن اور بدھ اوتار۔ کرشن نے کنس کو مارا اور بدھ نے اہنسا کا پرچار کیا۔ اس یگ میں منشیہ کی پورن آیو ایک ہزار سال تھی۔ بالک اوستھا ۱۰۰ سال تھی۔ شریر کی لمبائی ۷ ہاتھ تھی۔ اس میں پنیہ ۱۰ اور پاپ ۱۰ وشوے تھا۔ اس میں سورج گرہن ۲۴ ہزار اور چندرماں گرہن ۳۶ ہزار ہوئے ہیں

## کلی یگ

بھادوں بدی تردوشی کو کلی یگ کی اُتپتی ہوئی تھی۔ اس کی آیو ۴ لاکھ ۳۲ ہزار سال ہے۔ اس میں ایک کلکی اوتار ہوگا۔ اس میں منشیہ کی پورن آیو ۱۲۰ سال اور بالک اوستھا ۱۰ سال ہے۔ اس میں پنیہ ۵ اور پاپ ۱۵ وشوے ہے۔ اس یگ میں ۴۶ ہزار سورج گرہن و چندرماں گرہن ہوں گے۔

## جیٹھ مہینے میں وواہ کا وچار

اگر لڑکے اور لڑکی دونوں کا جنم جیٹھ مہینے کا ہو اور مہینہ بھی جیٹھ ہو تو اس کو تین جیٹھ کہتے ہیں۔ یہ تین جیٹھ وواہ میں بالکل ممنوع کہے ہیں اگر لڑکے یا لڑکی دونوں میں سے ایک کا جیٹھ کا جنم ہو اور جیٹھ مہینہ ہو تو اس کو دو جیٹھ کہتے ہیں جو وواہ کے لئے مدھم ہیں۔ اگر دونوں کا جیٹھ کا جنم نہ ہو صرف جیٹھ کا مہینہ ہو تو یہ وواہ کیلئے شبھ ہوتا ہے

# جیوتش اور دھرم شاستر کے خیالات

لڑکے کے وواہ کے پیچھے اپنی لڑکی یا اپنے کُل کی کنیا کا وواہ چھ مہینے تک ورجت (منع) ہے۔ لڑکی کے وواہ کے پیچھے لڑکے کا وواہ ہو جائے تو دوش نہیں ہے۔ اسی طرح وواہ سے پیچھے منڈن ویگیوپویت چھ مہینے تک ورجت رکھا ہے تبھی خاندان میں منگل ہو سکتی ہے۔ اس میں دو سگے بھائیوں کا وواہ دو سگی بہنوں سے ہونا جائز نہیں ہے اور نہ ہی آپس ورلڑکے کے ساتھ دو سگی بہنوں کا وواہ جائز رکھا ہے۔ دو سگے بھائیوں کا وواہ بھی چھ مہینے کے اندر کرنا جائز نہیں ہے۔ دو سگے بھائیوں اور بھائی بہنوں کا ایک سنسکار کرم چھ مہینے میں نہ کرنا چاہئے اگر دوسری ماتا سے سمبندھ ہیں اس قسم کا وچار پڑ جائے تو کوئی دوش نہیں ہے۔ اسی طرح شبھ منگل کرم میں شبھ کرم سے پیچھے چھ مہینے تک کوئی تیری کا رنج کیا شرادھ آدک کرنا جائز نہیں ہے۔ اگر سمت تبدیل ہو جائے تو کوئی دوش نہیں ہے اسی صورت میں چھ مہینے کے اندر شبھ کارج ہو سکتا ہے جیسے ماہ ماگھ یا پھاگن میں شادی ہو جائے تو بیساکھ میں یگیوپویت کرنے سے دوش نہیں ہوتا۔ بڑے منگل شبھ کرم کرنے سے پیچھے کوئی چھوٹا منگل کرم نہ کرے۔ یہ چھ مہینے کا نشیدھ وجت کرم تین پشت تک ورجت رکھا ہے۔ چوتھی پشت کو ورجت نہیں ہے۔ لڑکے یا لڑکی کے بیاہ کی رسومات شروع ہو جائیں اور درمیان میں کوئی موت وغیرہ حادثہ واقع ہو جائے تو ۳۰ دن کے بعد شانتی کرکے وواہ کرنا شبھ ہو جاتا ہے۔ لیکن اگر پتا سے سمبندھ ہے تو ایک برس بعد پتا کے ۶ ماہ کے بعد ماتا کے لئے ۳ ماہ میں استری کے لئے اور ایک ماہ بعد دیگر رشتہ داروں کے لئے شادی کرنا شبھ قرار دیا ہے بہ اشد ضرورت ۳۰ دن کے بعد شانتی کرنے سے وواہ شبھ ہو جاتا ہے۔ سوتک پاتک کو براہمن ۱۰ دن کشتری کو ۱۲ ویش ۱۵ شودر کو ۳۰ دن ہوتا ہے۔ جن بچوں کا منڈن سنسکار نہ ہوا ہو اُن کی مرتیو سے صرف ایک دن اور منڈن ہونے کی صورت میں تین دن پاتک رہتا ہے۔

## آبی نقش

| | | |
|---|---|---|
| ۴ | ۹ | ۲ |
| ۳ | ۵ | ۷ |
| ۸ | ۱ | ۶ |

آبی وہ نقش ہے جو کسی دریا یا کنوئیں یا نہر وغیرہ میں لکھ کر ڈال دیا جاتا ہے۔ یہ نقش واسطے خلاصی مجبوس یا تسخیر و کشادگی رزق اور زبان بندی کے لئے مؤثر ہوتا ہے۔ آبی تعویذ کو ندی یا دریا کے کنارے پچھم کے رُخ بیٹھ کر لکھنا چاہئے۔ آبی اعداد کے نقش میں جہاں ۹ کا ہندسہ آتشی نقش میں موجود ہے وہاں سے ایک کا ہندسہ شمار عمل میں لایا جاتا ہے۔ نقش آبی سیاہی سے لکھے۔ آتشی بھیم سینی کافور نیلے رنگ سے تحریر کرے۔ خاکی اشٹ گندھ سے اور بادی نقش صندل سرخ سے لکھا پُر تاثیر ہے۔ اگر لڑکا لڑکی دونوں جیٹھے ہوں مگر مہینہ جیٹھ نہ ہو تو بھی شادی نہ کرے۔ بھاردواج جی کے مت سے جیٹھ مہینے کی طرح مگھر مہینے میں بھی پہلے گربھ کا وواہ نہ کرے۔ دو سگے بھائیوں کی شادی دو سگی بہنوں سے نہ کرے

# علم التسخیرات

## عملیات۔ نقش اور تعویذات

عملیات نقش اور تعویذات کے واسطے عمل پڑھنے اور لکھنے کے لئے دن علیحدہ علیحدہ مقرر کئے ہیں۔ مہینوں کے ہر مہینے کے عشرہ میں کشائش رزق اور فتوحات کے واسطے عمل پڑھنا مبارک ہے دوسرے عشرہ میں محبت و تسخیر کے واسطے اور تیسرے عشرہ میں عداوت جدائی اور مغلوبی دشمن کے واسطے عمل پڑھنا اور لکھنا جلد اثر دیتا ہے۔

## عمل پڑھنے کی ساعت تقسیم

نقش وشنی کرن شکل پکش (چاند کے حصہ) میں چاند کی تاریخ اور کار دیا رکی بلندی کے لئے ۳ تاریخ اور ۱۲ تاریخ چاند میں پڑھنا و لکھنا مفید اور پر تاثیر ہوتا ہے۔ اچاٹن کرشن پکش یعنی اندھیرے حصہ کی ۲ تاریخ اشٹمی چودس اور تاریخ اندھیری یا ایکم میں یا چوتھ یا نومی سہل عشق کے لئے اشٹمی نومی اندھیری میں ٹھیک رہتا ہے۔ چاند کی ... میں یا دسویں ایکادشی پورنماشی یا پنچمی میں عمل لکھنا ... تسخیر و محبت کے لئے مفید رہتا ہے۔ سوموار کے دن ... وقت کشائش رزق و تسخیر اور وقت نیم چاشت اور ... مریض کے واسطے مؤثر ہوتا ہے۔ بدھ وار شکر وار صبح کا وقت محبت و ترقی دولت کے واسطے۔ سنیچر وار اور منگل وار کا ... ظہر التعویذ جدائی و عداوت اور ہلاکت دشمن کے واسطے اور اتوار اور بدھ وار کا وقت ظہر عصر تعویذ زبان بندی کے حق میں مفید ہے۔ عملیات نقش آبی۔ بادی۔ آتشی خاکی چار قسم کے ہوتے ہیں۔

## آتشی نقش

۱

| | | |
|---|---|---|
| [illegible] | ۱ | ۶ |
| [illegible] | ۵ | ۷ |
| [illegible] | ۹ | ۲ |

آتشی نقش اُس کو کہتے ہیں جو کاغذ یا ٹھیکری یا جس چیز پر لکھیں اُس کو آگ میں ڈال دیں یا قریب تر چولھے کے دفن کر دیں۔ یہ نقش دوستی محبت اور جواب بندی و زبان بندی وغیرہ کے واسطے مفید ہوتا ہے۔ آتشی نقش لکھتے وقت منہ پورب کی طرف رکھنا ضروری ہے۔ آتشی نقش میں جہاں ایک ہندسہ برحق ہے وہاں ایک کا ہندسہ سے لکھ کر باقی خانہ پُر کرنے کا عمل کیا جاتا ہے۔

## بادی نقش

۲

| | | |
|---|---|---|
| [illegible] | ۷ | ۶ |
| [illegible] | ۵ | ۱ |
| [illegible] | ۳ | ۸ |

بادی نقش اُس کو کہتے ہیں جو نقش لکھ کر درخت یا کسی اونچی جگہ پر لٹکا دیا جائے جو ہوا سے ہلتا رہے۔ یہ نقش واپسی مسافر و بیتہ غائب و زبان بندی اور ملاقات دوستی اور محبت وغیرہ کے واسطے مفید ہوتا ہے۔ یہ نقش کسی اونچی جگہ جہاں بہت ہوا ہو پچھم کے رُخ بیٹھ کر لکھنا چاہئے بادی اعداد کا نقش جہاں ۷ کا ہندسہ آتشی دکھلایا ہے وہاں ایک کا ہندسہ لکھ کر باقی ہندسوں کو باترتیب خانوں میں لکھ دیں۔ بادی نقش تیار ہے

## خاکی نقش

۳

| | | |
|---|---|---|
| [illegible] | ۷ | ۲ |
| [illegible] | ۵ | ۹ |
| [illegible] | ۳ | ۴ |

خاکی وہ نقش ہے جو پانی میں ڈال دیں۔ چوکھٹ یا راستہ، چوراہے، قبرستان یا پہاڑ وغیرہ میں دفن کیا جاتا ہے۔ یہ نقش عمل تسخیر اندر ہائی مجبوس اور ہلاکت دشمن۔ عداوت وغیرہ کے لئے مؤثر ہوتا ہے۔ اس عمل کے وقت منہ اُتر کی طرف رکھنا چاہئے۔ نقش خاکی میں جہاں ۹ کا ہندسہ آتشی نقش میں موجود ہے وہاں سے ایک کا ہندسہ شمار عمل میں لیا جاتا ہے

# امریکہ نے چاند کو سر کر لیا

امریکہ کے خلائی و فضائی محکمے ناسا (NASA) نے پہلے دہے میں خلائی جہاز، راکٹ اور پرواز کے مرکز پرواز کے انتظامات۔ انتظامی ڈھانچہ اور دوسری متعلقہ چیزیں کامیابی سے تیار کر لیں اور انسان کو سنہ ۱۹۶۹ء میں چاند پر اتارنے کی ہر ممکن اور ہر ضروری تیاری مکمل کر لی۔ "مرکری" اور "جیمنی" خلائی جہازوں کی بیس انسان بردار پروازیں عمل میں آئیں جن میں خلاباز دو ہزار گھنٹوں تک خلا میں رہے اور ایک کروڑ ۷۰ لاکھ میل کی مسافت طے کی۔ ناسا کا تیسرا بڑا پروگرام یعنی انسان بردار اپالو خلائی جہاز کے ذریعے انسان کو چاند پر اتارنے اور اسے سلامتی سے واپس لانے کا نصب العین مرحوم صدر جان ایف کینیڈی نے مئی سنہ ۱۹۶۱ء میں مقرر کیا تھا۔ چنانچہ اس وقت تک اپالو پراجیکٹ کی ۱۶ انسان بردار تجرباتی اڑانیں کامیابی سے عمل میں لائی گئیں۔ اس کے بعد انسان بردار اپالو نمبر ۷ کی تجرباتی پرواز نے چاند پر جانے کی راہ میں مزید ہمواری پیدا کی۔

سب سے پہلی انسان بردار خلائی پرواز پراجیکٹ "مرکری" کے ذریعہ عمل میں آئی۔ یہ اڑانیں زمینی مدار سے نیچے تک محدود رہیں اور خلاء باز شیپرڈ اور گرسیم نے ان میں حصہ لیا۔ یہ ۲۱ جولائی سنہ ۱۹۶۱ء کا واقعہ ہے۔ ۲۰ فروری سنہ ۱۹۶۲ء میں جان گلین نے مرکری جہاز ہی میں تین مداروں میں اڑان کی۔ بعد میں خلاء باز سکارپینٹر، شیرا اور کوپر نے سنہ ۱۹۶۳ء میں جو اڑانیں کیں ان میں ثابت ہو گیا کہ انسان بے وزنی کی حالت میں زندہ بھی رہ سکتا ہے اور کام بھی کر سکتا ہے۔ جیمنی پراجیکٹ کے پروگرام کا اعلان دسمبر سنہ ۱۹۶۱ء میں ہوا تھا۔ اس میں دو ہفتے تک خلاء میں مسلسل پرواز کے ذریعہ خلابازوں کی قوت برداشت کو دیکھنا اور دوسرے متعلقہ تجربے کرنے مقصود تھے۔ چنانچہ دو نفری اڑانیں اسی جیمنی کے ذریعہ کامیابی کی منزل تک پہنچیں۔ سنہ ۱۹۶۵ء اور سنہ ۱۹۶۶ء میں دس انسان بردار اڑانوں سے پہلے دو غیر انسان بردار تجرباتی اڑانیں بھی کی گئی تھیں۔ اس سارے پروگرام میں کل ۱۶ خلابازوں نے حصہ لیا۔ اس کے بعد چار، آٹھ اور چودہ دن کی انسان بردار اڑانوں میں یہ جانچ کی گئی کہ آیا طبی لحاظ سے اپالو جہاز کے پروگرام کے تحت انسان کو چاند پر اتارنے کا منصوبہ کامیاب بھی رہے گا یا نہیں۔ ان تجرباتی اڑانوں میں ثابت ہوا کہ جسمانی لحاظ سے خلابازوں کو خاص نقصان نہیں پہنچے گا۔ اور جو معمولی خرابیاں واقع ہوئیں وہ عارضی نوعیت کی تھیں۔ انہی جیمنی پراجیکٹ کے تحت خلائی پلیٹ فارم بنانے کی دس تکنیکیں برتی گئیں۔ خلابازوں نے یہ بھی ثابت کیا کہ خلائی جہاز سے باہر نکل کر انسان خلاء میں بے وزنی کی حالت میں بھی کام کر سکتا ہے۔ چنانچہ "خلائی سیر" کے دوران میں عملی طور پر مختلف قسم کے ۵۲ تجربے کئے گئے جن میں جیمنی کے ۱۷ سائنسی ہیئتی، حیاتاتی، سارمیاتی، موسمیاتی اور طبیعاتی تجربے بھی شامل ہیں۔ زمین اور موسم کی تحقیق کے لئے ۱۵۰ رنگین تصویریں بھی لی گئیں۔ ٹیکنالوجیکل تجربوں میں سے ۱۵ تو امریکی محکمہ دفاع کے لئے اور ۱۲ تجربے ناسا کے لئے تھے۔ ان کے علاوہ ۵ آٹھ خلائی تجربے بھی کئے گئے۔ — چاند پر انسان کو اتارنے کے لئے اپالو پراجیکٹ سنہ ۱۹۶۰ء میں مرتب کیا گیا تھا۔ اس میں تین ماڈیول خلائی جہازوں کی تیاری شامل تھی۔ جن کے ذریعہ تین خلاباز چاند تک پرواز کر سکیں اور موزوں وقت پر اس کی سطح پر اتر سکیں۔ سنہ ۱۹۶۱ء میں امریکی کانگرس نے مرحوم صدر کینیڈی کی یہ تجویز منظور کر لی کہ موجودہ دہے ہی میں انسان کو چاند پر اتارا جائے اور اس طرح اپالو پروگرام ناسا کے لئے خاص مہاتی منصوبہ بن گیا۔ چنانچہ اب زیادہ طاقت ور راکٹ اور خلائی جہاز بننے شروع ہوئے۔ سیٹرن راکٹ نمبر ا سے ۵ تک تیار ہوئے جو دنیا کے سب سے طاقت ور راکٹ ہیں۔ اس پروگرام کے تحت ۱۶ غیر انسان بردار خلائی اڑانیں کی گئیں جن سے ثابت ہوا کہ اپالو جہاز کی تیاری میں انجینئری تصور بالکل درست ہے اور انسان بردار خلائی مشنوں کے لئے انہیں استعمال کیا جا سکتا ہے۔ سنہ ۱۹۶۸ء اور سنہ ۱۹۶۹ء میں پانچ کامیاب تجرباتی اڑانوں کے بعد اپالو نمبر ۱۰ کی اڑان میں لیونر ماڈیول (چاند پر اترنے والا جہاز) اور کمانڈ ماڈیول (جس میں خلاباز سوار تھے) اس کے ساتھ جڑے ہوئے تھے۔ خلاباز لیونر ماڈیول میں ۱۰ میل تک چاند کے قریب پہنچے۔ تصویریں لیں اور زمین کو نشر کیں۔ خلاباز [illegible] ماڈیول کو پھر اپالو جہاز سے جوڑنے میں کامیاب ہو گئے جس میں تیسرا خلاباز منتظر تھا اور پھر اپالو نمبر ۱۰ میں سلامتی کے ساتھ زمین پر واپس آ گئے۔

## اپالو نمبر ۱۱ کے ذریعے دو خلابازوں کا چاند پر اترنا

اپالو نمبر ۱۰ کے کامیاب تجربہ کے بعد ۱۶ جولائی سنہ ۱۹۶۹ء کو شام کے ۷ بجکر ۱۰ منٹ پر اپالو نمبر ۱۱ کو چاند کی طرف روانہ کیا گیا۔ اس میں تین خلاباز (۱) نیل اے آرمسٹرانگ (۲) مائیکل کولنز اور (۳) ایڈون ای ایلڈرن سوار تھے۔ جب یہ خلائی جہاز ان تین خلابازوں کو لے کر اڑنے والا تھا تو سب کے من میں اس کی کامیابی کے متعلق شک تھا اور یہ شک اس کے حرف بہ حرف لوٹ آنے تک بنا رہا۔ اپالو نمبر ۱۱ میں اپالو نمبر ۱۰ کے مطابق ہی سہولیات اور آلات رکھے گئے تھے۔ اصل میں اپالو نمبر ۱۱ اپالو نمبر ۱۰ کی ہی پہلی مشق تھی۔ دنیا کے سب سے طاقت ور راکٹ سیٹرن نمبر ۵ سے حاصل کردہ قوت کے کارن ہی اپالو خلائی جہاز زمین کے مدار سے باہر نکل کر خلاء میں اڑان کرنے میں کامیاب ہوا۔ یہ راکٹ ۳۲ لاکھ کلوگرام وزن کا ہے اور زمین سے اڑنے سے پہلے ۱۰ سیکنڈ تک اس میں سے سرخ اور سفید آگ کی لپٹیں نکلتی ہیں اور آہستہ آہستہ اڑنے لگتا ہے۔ کچھ سیکنڈ کے بعد ہی یہ رفتار پکڑتا ہے۔ اور ۵۸۸۰۰ کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے خلاء کی طرف چلا جاتا ہے۔ اپالو نمبر ۱۰ اور نمبر ۱۱ کی اڑان میں اپنے خلائی جہازوں کو لے کر یہ راکٹ اٹلانٹک مہاساگر کے اوپر افریقہ کی سمت میں بڑھ گیا تھا۔ ۹۶ کلومیٹر کی اونچائی پر پہنچنے کے بعد اس کا پہلا حصہ نیچے گر جاتا ہے۔ دوسرے مرحلہ کا کام اس خلائی جہاز کو زمین کے مدار سے باہر لے آنا ہے۔ اور یہاں ہی خلابازوں کا کام شروع ہو جاتا ہے۔ اپالو نمبر ۱۱ کے خلابازوں کو راستے میں اپنی سمت میں ضرورت کے مطابق تبدیلی اور چندرماں کے مدار میں داخل ہونے میں کوئی مشکل محسوس نہیں ہوئی۔ چاند کے گرد چکر لگانے کے بعد ہی اس بات کا فیصلہ کیا جاتا ہے کہ چاند پر اترا جائے یا نہیں۔ اس کے لئے لگاتار زمین پر قائم کنٹرول مرکز سے رابطہ قائم کیا جاتا ہے۔ ایتوار کو صبح جب اپالو نمبر ۱۱ چاند کی تیرھویں گردش کر رہا تھا تو کنٹرول مرکز نے چندریان (چاند پالکی) کو الگ ہونے کا حکم دیا۔ خلاباز آرمسٹرانگ اور ایلڈرن پہلے ایگل (چندریان کا نام) میں داخل ہو چکے تھے۔ حکم ملنے کے بعد ایگل یان سے صرف ۱۰ سے ۱۵ میٹر الگ ہو گیا اور کچھ دیر کے لئے دونوں یان (جہاز) ایک ساتھ چلنے لگے تو بڑے خلائی جہاز میں بیٹھے کولنز کو اس بات کا موقعہ ملتا کہ وہ چندریان کی رفتار اور اس کے کام کا معائنہ کر سکے۔ جب اس نے یہ خبر دی کہ ایگل ٹھیک طور سے اڑ رہا ہے تبھی چندریان کو آہستہ آہستہ چندرماں کی طرف بڑھنے کی اجازت ملی۔ اور پوری تسلی کے بعد ہی چندریان چاند کی سطح کی طرف اترا۔ چاند پر پاؤں رکھنے سے پہلے خلابازوں کو کچھ گھنٹے تک آرام کرنے کا حکم دیا گیا تھا۔ آرام کے بعد پہلے آرمسٹرانگ نے چندریان میں لگی ہوئی سیڑھی سے اتر کر چاند پر پہلا انسانی قدم رکھا۔ ایلڈرن کچھ دیر بعد اترا۔ یہ دونوں یاتری ۲۱ جولائی کو چاند کی سطح پر اترے اور وہاں ۲۲ گھنٹے ٹھہر کر ضروری تجربے کرنے، مختلف تصویریں لینے اور چاند کی سطح کی مٹی اور چٹانوں کے نمونے جمع کرنے کے بعد وہ پھر سیڑھی سے چڑھ کر چندریان میں داخل ہوئے۔ چندریان اڑ کر پھر چاند کے مدار میں اپالو نمبر ۱۱ سے جا ملا اور خلائی جہاز کامیابی کے ساتھ واپس زمین کو روانہ ہوئے اور ۲۳ جولائی کو رات کے ۱۰½ بجے اٹلانٹک ساگر میں حفاظت کے ساتھ اتر آئے جہاں ہیلی کوپٹر اور دوسرے جہاز ان کو لینے کے لئے تیار کھڑے تھے۔ ان خلابازوں نے چاند کی سطح پر امریکی جھنڈا گاڑا اور کچھ اور آلات اور کیمرے وہاں نصب کئے جو چاند پر موسمی کیفیات اور زلزلوں کے متعلق صحیح اطلاعات زمین پر کنٹرول مرکز کو بھیجیں گے۔ اس طرح اس دھرتی کے باسی ایک فلکی سیارے میں پہنچ کر نوع انسانی کی ایک بے نظیر فتح و کامرانی کا جھنڈا گاڑ کر فخر کے ساتھ واپس آ گئے۔

امریکہ نے منگل ستارے کی طرف بھی اپنا راکٹ بھیجا ہے جو دھرتی سے ۳½ کروڑ میل کے فاصلے پر ہے۔ اس راکٹ نے منگل کی تصاویر بھیجنا شروع کر دی ہیں۔ امریکہ نے سنہ ۱۹۸۰ء میں منگل میں انسان کو اتارنے کا اعلان کیا ہے۔

# علم مسمریزم

## قوت رُوحانی

مسمریزم کے شائقین کو سب سے اوّل آنکھوں یا ہاتھوں میں اس مقناطیسی طاقت کو پیدا کرنا چاہئیے جس کی تاثیر سے جسم میں تقویت، چہرہ پر رونق، دور آئندہ اور گذشتہ جنموں کی واقفیت معلوم کرنا معمولی بات ہوجاتا ہے۔ اس طاقت کے پیدا کرنے میں عامل جس قدر دلی شوق اور توجہ کامل سے مشق کرتا جاتا ہے اُسی قدر اُس کی روحانی طاقت بڑھتی جاتی ہے۔ یہاں تک کہ وہ روشن ضمیر ہوجاتا ہے۔ اس کے اندر کافی روشنی قائم ہوجاتی ہے۔ وہ قدرت کے تمام نظاروں کو روشن ضمیری سے ایک جگہ بیٹھے ہوئے دیکھ سکتا ہے۔ اس مشق کے بڑھنے سے وہ اس حد کو پہنچ جاتا ہے جس سے کہ وہ اپنے اندر یکسا ذاتی طاقت میں پرماتما کے اصل نور سے وصل کرتا ہے اور خواہش پدری کو پالیتا ہے۔

### روشن ضمیری کی مشق

جب شکل کشش کی پڑوا سے چاند نا کشش شروع ہو اُس وقت اس عمل کو شروع کرنا چاہئیے۔ اس عمل کو شروع کرنے کے وقت ایک آسن پر گوشۂ تنہائی میں دو زانو بیٹھ کر کسی شے کا تصور کرو جو کو سب سے زیادہ مرغوب ہو۔ اگر انسان ہو تو بہتر ہے اس کی طرف متوجہ ہو کر خیال کرو کہ یہ تمہارا معمول اور تم عامل ہو یعنی اپنے بالمقابل معمول کو رخ جنوب کرکے بٹھلا دو یعنی پشت اس کی شمال اور منہ جنوب کی طرف رہے اور عامل اس کے بالمقابل آنکھیں بند کرکے اس کے تصور کو اپنے سامنے رکھے اور کوشش و استقلال سے اس خیال و تصور میں کسی غیر خیال کو اپنے درمیان سے روکنے کی کوشش میں مصروف رہے۔ اگر پہلے دن ایک منٹ وہ تصور رہا ہو تو دوسرے روز دو منٹ ہونا چاہئیے اگر گھنٹہ یا ڈیڑھ گھنٹہ اس طرح سے مشق کرو گے تو پھر ایک دن ایسا آئیگا کہ وہ چند منٹ بلا کسی خلل انداز خیال کے اپنے معمول کے تصور کو اپنی آغوش میں رکھ سکے گا۔

### قوت مقناطیسی

یہ قوت قدرتاً موجوداتِ عالم کُل حیوانات اور نباتات و جمادات میں موجود ہے جس کی خاصیت سے تمام کاروبار دُنیا چل رہے ہیں۔ یہ مقناطیسی قوت ہاتھ کی انگلیوں اور سانس اور آنکھ کے ذریعہ زیادہ خارج ہوتی ہے جس کی وجہ سے یہ اپنے خیالات کو ایک نقطۂ مرکز پر قائم نہیں کرسکتا کیونکہ مسمریزم میں یہ سب سے پہلا اور ضروری اصول ہے کہ اپنے خیالات اور دل کی توجہ کو ایک نقطۂ مرکز پر قائم کرے۔ یہ مقناطیسی طاقت سانس کے علاوہ کان اور ناک سے بھی خارج ہوتی ہے۔ اس قوت میں کچھ عجیب تاثیر ہے کہ اس کی مشق سے اس کا عامل روئے زمین کی تمام چیزوں کو اسرار غیبی سے دیکھ سکتا ہے اور رفتہ رفتہ اس کی مشق بڑھانے سے عامل کو وہ قوت حاصل ہوتی ہے جس کے ذریعہ وہ انسان و حیوان کو اپنا مطیع و فرمانبردار کرکے اپنا پورا تسلط بٹھا سکتا ہے۔

## قوت رُوحانی

قوت روحانی میں انتشار خیالات کا سب سے بڑا بادشاہ دل قرار دیا گیا ہے جس کے وزیر یعنی آنکھیں وزیر داخلہ اور کان وزیر خارجہ ہیں یا یوں کہ دل کو دو قسم کی خواہش پیدا ہوتی ہے۔ ایک خواہش اپنی اور دوسری اپنی دشمن کر پیدا ہوتی ہے۔ کان کسی نیک بد آواز کو سن کر اس کی توجہ اپنی طرف کھینچتے ہیں اور بعد ازاں آنکھوں کے ذریعہ اس کو دیکھنے کی خواہش پیدا ہوتی ہے۔ اس لئے کانوں سے ایسی باتیں جو اس طاقت کے حاصل کرنے میں مانع ہوتی ہیں ہرگز سننے کی خواہش نہ کرو۔ اور ناک کے ذریعہ کوئی ایسی چیز مت سونگھو جو تمہارے دل و دماغ کو پراگندہ کرتی ہے۔ آنکھوں سے ایسی چیز دیکھنے کا خیال مت کرو جو تمہارے دماغ کو منتشر کرنے والی ہے جسم سے ایسی طاقت ضائع نہ کرو جو تمہاری سب طاقتیں برقرار رکھنے کی رہنما ہیں۔ اس ترکیب و مشق کے ذریعہ جو لوگ انتشار خیالات کو روک کر اپنے دل کی توجہ ایک نقطۂ مرکز پر قائم کر لیتے ہیں وہ خود بخود روشن ضمیر ہوکر اپنی قوت روحانی کے ذریعہ دشمنوں کو خود بخود اپنے مطیع کر لیتے ہیں۔ جب یہاں تک مشق بڑھ جائے تو اس کے بعد سورج طلوع ہونے سے قبل ایک خالی اور تنہا مکان میں جہاں کوئی دوسرا شخص موجود نہ ہو چوکڑی مار کر بیٹھ جاؤ اور دونوں ہاتھ دونوں زانوؤں پر رکھ کر آنکھیں بند کرلو اور دل کو ادھر اُدھر جانے سے روک دو۔ اگر دل کی توجہ کسی طرف ہونے لگے تو آپ اس کو سمجھا کر پھر اپنے سامنے لے آؤ۔ اس میں چند روز تکلیف ضرور محسوس ہوگی کیونکہ دل ادھر اُدھر ضرور بھٹکے گا لیکن آخر قابو میں ہوجائے گا۔ اسی کو قابو میں کر لینا سب سے پہلا اور نہایت ضروری اصول ہے۔

### دوسری مشق

جب یہاں تک مشق بڑھ جائے تو اس کے بعد گلاس میں پانی لے لو۔ اگر مریض موجود ہو تو بذریعہ تصور اس پانی میں سورج کو دیکھو۔ اگر گرمی ہو تو چاند پر نظر جماؤ۔ جب عامل نظر جمائے گا تو جس شے کا خیال کرے گا وہی نظر آئے گا۔ نظر جماتے وقت خواہش کرنی چاہئیے کہ مرض دُور ہوجائے اور پھر وہ پانی مریض کو پلا دو۔ پانی حلق سے اُترتے ہی مریض کو صحت ہو جائے گی کیونکہ اس کا عامل اپنی روشن ضمیری سے ہر مرض کو ایک منٹ میں رفع کر سکتا ہے۔ اس کے بعد مختلف اشکال پر کسی آدمی یا مکان وغیرہ کسی شے کا تصور کرتے رہو۔ اگر عامل دلی شوق سے اس مشق کو کریگا تو بہت جلد اس کو روحوں کے نظارے نظر آنے لگیں گے۔ وہ اپنی قوت ارادی سے ہر چیز پر غالب ہوجائے گا اور جس ذی روح کو نظر غور سے دیکھے گا وہ اس کا مطیع و فرمانبردار ہوجائے گا۔ مفصل حالات علم مسمریزم قیمت دو روپیہ کارخانہ مفید عالم جنتری جالندھر سے منگوا کر دیکھیں۔

# بھارت کے اہم تاریخی واقعات

| سن عیسوی | واقعات |
|---|---|
| ۱۱۹۲ | پرتھوی راج کی مرتیو |
| ۱۲۳۲ | قطب مینار دہلی کی تعمیر |
| ۱۴۶۹ | گورو نانک دیو جی کا جنم |
| ۱۴۹۴ | آگرہ شہر قائم ہوا |
| ۱۵۱۰ | پرتگال کی گوا پر فتح |
| ۱۵۵۶ تا ۱۶۰۵ | اکبر کی حکومت کا عرصہ |
| ۱۵۷۱ | فتح پور سیکری قائم ہوا |
| ۱۵۹۷ | رانا پرتاپ کی مرتیو |
| ۱۶۰۵ | اکبر کی مرتیو |
| ۱۶۲۷ تا ۱۶۵۷ | شاہجہان کی حکومت |
| ۱۶۲۷ | شیواجی کی پیدائش |
| ۱۶۸۰ | شیواجی کی مرتیو |
| ۱۷۰۷ | اورنگ زیب کی مرتیو |
| ۱۷۸۰ | رنجیت سنگھ کی حکومت قائم ہوئی |
| ۱۸۲۹ | راجہ رام موہن رائے نے برہمو سماج قائم کی |
| ۱۸۲۹ | ستی کی رسم بند ہوئی |
| ۱۸۳۳ | راجہ رام موہن رائے کی مرتیو |
| ۱۸۳۹ | مہاراجہ رنجیت سنگھ کی مرتیو |
| ۱۸۳۹ تا ۱۸۴۲ | ہند افغانستان جنگ |
| ۱۸۴۹ | پنجاب میں انگریزی حکومت کا قیام |
| ۱۸۵۳ | بھارت میں بجلی تار کا اجراء |
| ۱۸۵۵ | ایسٹ انڈیا ریلوے قائم ہوئی |
| ۱۸۵۷ | ہند کی پہلی جنگ آزادی |
| ۱۸۶۹ | مہاتما گاندھی کا جنم |
| ۱۸۷۴ | بنگال کا قحط |
| ۱۸۷۵ | سوامی دیانند نے آریہ سماج قائم کی |
| ۱۸۷۷ | دکن کا قحط |
| ۱۸۷۷ | دہلی دربار قیصری |
| ۱۸۸۵ | کانگرس کا پہلا اجلاس بمبئی |
| ۱۹۰۵ | بنگال کی تقسیم |
| ۱۹۰۵ | دہلی میں دربار ہوا |
| ۱۹۰۵ | کانگڑہ کا زلزلۂ عظیم |
| ۱۹۰۶ | مسلم لیگ کا قیام |
| ۱۹۱۱ | دہلی دربار عظیم |
| ۱۹۱۱ | بنگال دوبارہ متحد |
| ۱۹۱۴ | گاندھی جی افریقہ سے واپس |
| ۱۹۱۸ | پہلی جنگ عظیم ۱۹۱۴ |
| ۱۹۱۹ | جلیانوالہ باغ گولی کانڈ |
| ۱۹۱۹ | مانٹیگو چیمسفورڈ ریفارمز |
| ۱۹۱۹ | جنگ افغانستان |

| سن عیسوی | واقعات |
|---|---|
| ۱۹۲۵ | سی. آر. داس کی مرتیو |
| ۱۹۲۷ | شاردا ایکٹ پاس ہوا |
| ۱۹۲۹ | سول نافرمانی کا اجراء |
| ۱۹۳۰ | پہلی گول میز کانفرنس لنڈن |
| ۱۹۳۱ | دوسری " " |
| ۱۹۳۱ | گاندھی اِرون سمجھوتہ |
| ۱۹۳۴ | بہار میں زلزلۂ عظیم |
| ۱۹۳۵ | گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ |
| ۱۹۳۷ | کانگرس وزارتیں قائم |
| ۱۹۳۹ تا ۱۹۴۵ | دوسری جنگ عظیم |
| ۱۹۴۲ | کرپس مشن کی آمد |
| ۱۹۴۲ | بھارت چھوڑو تحریک |
| ۱۹۴۳ | سبھاش بوس نے آزاد ہند فوج قائم کی |
| ۱۹۴۵ | سبھاش بوس کی مرتیو |
| ۱۹۴۶ | انترم گورنمنٹ کا قیام نہرو وزیر اعظم مقرر |
| ۱۹۴۷ | ہندوستان آزاد ہوا |
| ۱۹۴۷ | پاکستان کا کشمیر پر حملہ |
| ۱۹۴۸ | مہاتما گاندھی کی مرتیو ۳۰ جنوری |
| ۱۹۴۹ | کشمیر میں عارضی صلح |
| ۱۹۵۰ | ہند ریپبلک کا قیام |
| ۱۹۵۰ | سردار پٹیل کی مرتیو |
| ۱۹۵۰ | نہرو لیاقت سمجھوتہ |
| ۱۹۵۱ | ہند میں نئی مردم شماری |
| ۱۹۵۲ | ہندوستان کے پہلے عام چناؤ |
| ۱۹۵۱ | پہلا پانچ سالہ پلان |
| ۱۹۵۳ | تن سنگھ کی ماؤنٹ ایورسٹ کی فتح |
| ۱۹۵۳ | ڈاکٹر شیاما پرشاد کی مرتیو |
| ۱۹۵۳ | شریمتی وجے لکشمی ... سبھا کی صدر |
| ۱۹۵۴ | چنڈی گڑھ کا قیام |
| ۱۹۵۴ | بھاکڑہ ننگل کا اجراء |
| ۱۹۵۴ | فرانسیسی بستیوں کا ادغام |
| ۱۹۵۴ | سپیشل شادی بل پاس |
| ۱۹۵۷ | دوسرے عام چناؤ |
| ۱۹۵۶ | ہندو وراثت و طلاق بل پاس |
| ۱۹۵۹ | آئزن ہاور کی بھارت میں آمد |
| ۱۹۶۰ | نہرو اتحادی سبھا میں |
| ۱۹۶۱ | ملکہ الزبتھ کی آمد |
| ۱۹۶۱ | مردم شماری آبادی ۴۴ کروڑ |
| ۱۹۶۲ | مسز جیکی کینیڈی کی آمد |
| ۱۹۶۲ | ڈاکٹر رادھا کرشنن راشٹرپتی بنے |
| ۱۹۶۲ | [illegible] |

| واقعات |
|---|
| چین کا بھارت پر حملہ ۲۰ اکتوبر |
| پنڈت جواہر لال نہرو کی مرتیو ۲۷ مئی |
| لال بہادر شاستری پردھان منتری بنے |
| پرتاپ سنگھ کیروں کا قتل |
| کچھ پر پاکستانی حملہ |
| بھارت پاکستان جنگ یکم تا ۲۳ ستمبر |
| بھارت پاکستان جنگ بندی سمجھوتہ |
| تاشقند سمجھوتہ ۱۰ جنوری |
| لال بہادر شاستری کی مرتیو تاشقند ۱۱ جنوری |
| شریمتی اندرا گاندھی پردھان منتری بنیں |
| پنجاب کی تقسیم، پنجابی صوبہ و ہریانہ پرانت قائم |
| بھارت کے عام چناؤ |
| پنجاب بنگال یوپی بہار اڑیسہ میں راشٹرپتی راج |
| مذکورہ صوبوں میں دوبارہ چناؤ |
| ڈاکٹر ذاکر حسین کا انتقال |
| بنکوں کا راشٹریہ کرن جولائی |
| وی. وی. گری راشٹرپتی بنے |
| سرحدی گاندھی خان عبدالغفار خاں کی آمد |
| گاندھی جنم شتابدی ۲ اکتوبر |
| گاندھی سے نانک سالگرہ، گورو نانک ۵۰۰ سالہ جینتی ۲۳ نومبر |

## مختلف جانوروں کی اوسط عمر

| جانور | عمر | جانور | عمر |
|---|---|---|---|
| ہاتھی | ۶۰ سال | بندر | ۱۵ |
| گینڈا | ۵۰ ″ | بکری | ۱۵ |
| ریچھ | ۳۵ ″ | بلی | ۱۵ |
| شیر | ۲۰ ″ | بھیڑ | ۱۳ |
| چیتا | ۲۰ ″ | بیل | ۱۲ |
| اونٹ | ۲۸ ″ | کتا | ۱۰ |
| گھوڑا | ۲۰ ″ | سارس | ۳۰ |
| گائے | ۲۰ ″ | شتر مرغ | ۴۰ |
| کچھوا | ۱۰۰ ″ | وہیل مچھلی | [illegible] |

# سورج آدی گرہوں کا داخلہ نچھتر بابت سال ۱۹۷۰ء

| سورج | سورج | سورج | منگل | بدھ | بدھ | بدھ | شکر | شکر |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ۴ جنوری پوربا کھاڑھ ۳ | ۱۸ جون مرگشر ۴ | ۲ دسمبر جیشٹا ۱ | ۲ جولائی پنربس ۳ | ۲۰ فروری شرون ۳ | یکم جولائی آردرا ۲ | ۶ نومبر انورادھا ۳ | ۳۱ جنوری شرون ۴ | ۱۴ جون پکھ<br>۱۶ // // ۴ |
| ۷ // // ۴ | ۲۱ // آردرا ۱ | ۵ // // ۲ | ۸ // // ۴ | ۲۳ // // ۴ | ۳ // // ۳ | ۸ // // ۴ | ۳ فروری دھنشٹا ۱ | ۱۹ // // ۳ |
| ۱۰ // اترا کھاڑھ ۱ | ۲۵ // // ۲ | ۹ // // ۳ | ۱۳ // پکھ ۱ | ۲۵ // دھنشٹا ۱ | ۴ // // ۴ | ۱۰ // انرادھا ۱ | ۶ // // ۲ | ۲۲ // // ۴ |
| ۱۳ // // ۲ | ۲۸ // // ۳ | ۱۲ // // ۴ | ۱۸ // // ۲ | ۲۷ // // ۲ | ۶ // پنربس ۱ | ۱۲ // // ۲ | ۸ // // ۳ | ۲۵ // اشلیکھا ۱ |
| ۱۷ // // ۳ | ۲ جولائی // ۴ | ۱۵ // مولا ۱ | ۲۳ // // ۳ | یکم مارچ // ۳ | ۸ // // ۲ | ۱۵ // // ۳ | ۱۱ // // ۴ | ۲۸ // // ۲ |
| ۲۰ // // ۴ | ۵ // پنربس ۱ | ۱۹ // // ۲ | ۲۸ // // ۴ | ۳ // // ۴ | ۹ // // ۳ | ۱۷ // // ۴ | ۱۴ // ست بکھا ۱ | ۳۰ // // ۳ |
| ۲۳ // شرون ۱ | ۹ // // ۲ | ۲۲ // // ۳ | ۲ اگست اشلیکھا ۱ | ۵ // ست بکھا ۱ | ۱۱ // // ۴ | ۱۹ // جیشٹا ۱ | ۱۶ // // ۲ | ۳ جولائی // ۴ |
| ۲۷ // // ۲ | ۱۲ // // ۳ | ۲۵ // // ۴ | ۸ // // ۲ | ۷ // // ۲ | ۱۲ // پکھ ۱ | ۲۱ // // ۲ | ۱۹ // // ۳ | ۶ // مگھا ۱ |
| ۳۰ // // ۳ | ۱۶ // // ۴ | ۲۸ // پوربا کھاڑھ ۱ | ۱۳ // // ۳ | ۹ // // ۳ | ۱۴ // // ۲ | ۲۳ // // ۳ | ۲۲ // // ۴ | ۹ // // ۲ |
| ۲ فروری // ۴ | ۱۹ // پکھ ۱ | **منگل** | ۱۸ // // ۴ | ۱۱ // // ۴ | ۱۵ // // ۳ | ۲۶ // // ۴ | ۲۴ // پوربا بھادرپد ۱ | ۱۲ // // ۳ |
| ۵ // دھنشٹا ۱ | ۲۳ // // ۲ | | ۲۳ // مگھا ۱ | ۱۳ // پوربا بھادرپد ۱ | ۱۷ // // ۴ | ۲۸ // مولا ۱ | ۲۷ // // ۲ | ۱۵ // // ۴ |
| ۹ // // ۲ | ۲۶ // // ۳ | ۲ جنوری پوربا بھادرپد ۱ | ۲۹ // // ۲ | ۱۵ // // ۲ | ۱۸ // اشلیکھا ۱ | ۳۰ // // ۲ | ۲ مارچ // ۳ | ۱۸ // پوربا پھالگنی ۱ |
| ۱۲ // // ۳ | ۳۰ // // ۴ | ۶ // // ۲ | ۳ ستمبر // ۳ | ۱۷ // // ۳ | ۲۰ // // ۲ | ۳ دسمبر // ۳ | ۴ // // ۴ | ۲۱ // // ۲ |
| ۱۵ // // ۴ | ۲ اگست اشلیکھا ۱ | ۱۱ // // ۳ | ۸ // // ۴ | ۱۸ // // ۴ | ۲۳ // // ۳ | ۵ // // ۴ | ۷ // اترا بھادرپد ۱ | ۲۴ // // ۳ |
| ۱۹ // ست بکھا ۱ | ۶ // // ۲ | ۱۵ // // ۴ | ۱۳ // پوربا پھالگنی ۱ | ۲۰ // اترا بھادرپد ۱ | ۲۵ // // ۴ | ۸ // پوربا کھاڑھ ۱ | ۱۰ // // ۲ | ۲۷ // // ۴ |
| ۲۲ // // ۲ | ۹ // // ۳ | ۲۰ // اترا بھادرپد ۱ | ۱۹ // // ۲ | ۲۲ // // ۲ | ۲۷ // مگھا ۱ | ۱۱ // // ۲ | ۱۲ // // ۳ | ۳۰ // اترا پھالگنی ۱ |
| ۲۶ // // ۳ | ۱۳ // // ۴ | ۲۴ // // ۲ | ۲۴ // // ۳ | ۲۴ // // ۳ | ۲۹ // // ۲ | ۱۶ // // ۳ | ۱۵ // // ۴ | ۲ اگست // ۲ |
| [illegible] // // ۴ | ۱۶ // مگھا ۱ | ۲۹ // // ۳ | ۲۹ // // ۴ | ۲۵ // // ۴ | ۳۱ // // ۳ | ۲۱ // // ۲ | ۱۸ // ریوتی ۱ | ۵ // // ۳ |
| [illegible] مارچ پوربا بھادرپد ۱ | ۲۰ // // ۲ | ۲ فروری // ۴ | ۴ اکتوبر اترا پھالگنی ۱ | ۲۷ // ریوتی ۱ | ۲ اگست // ۴ | ۲۵ // // ۱ | ۲۰ // // ۲ | ۸ // // ۴ |
| [illegible] // // ۲ | ۲۳ // // ۳ | ۷ // ریوتی ۱ | ۱۰ // // ۲ | ۲۸ // // ۲ | ۴ // پوربا پھالگنی ۱ | ۲۸ // مولا ۴ | ۲۳ // // ۳ | ۱۱ // ہست ۱ |
| [illegible] // // ۳ | ۲۷ // // ۴ | ۱۱ // // ۲ | ۱۵ // // ۳ | ۳۰ // // ۳ | ۷ // // ۲ | ۳۰ // // ۳ | ۲۶ // // ۴ | ۱۴ // // ۲ |
| [illegible] // // ۴ | ۳۰ // پوربا پھالگنی ۱ | ۱۶ // // ۳ | ۲۰ // // ۴ | یکم اپریل // ۴ | ۹ // // ۳ | **برہسپت** | ۲۹ // اشونی ۱ | ۱۷ // // ۳ |
| [illegible] // اترا بھادرپد ۱ | ۳ ستمبر // ۲ | ۲۱ // // ۴ | ۲۵ // ہست ۱ | ۲ // اشونی ۱ | ۱۲ // // ۴ | | ۳۱ // // ۲ | ۲۱ // // ۴ |
| [illegible] // // ۲ | ۶ // // ۳ | ۲۵ // اشونی ۱ | ۳۱ // // ۲ | ۴ // // ۲ | ۱۵ // اترا پھالگنی ۱ | ۱۰ جنوری سواتی ۲ | ۳ اپریل // ۳ | ۲۴ // چترا ۱ |
| [illegible] // // ۳ | ۹ // // ۴ | ۲ مارچ // ۲ | ۵ نومبر // ۳ | ۶ // // ۳ | ۱۹ // // ۲ | یکم اپریل // ۱ | ۶ // // ۴ | ۲۷ // // ۲ |
| [illegible] // // ۴ | ۱۳ // اترا پھالگنی ۱ | ۶ // // ۳ | ۱۰ // // ۴ | ۸ // // ۴ | ۲۴ // // ۳ | ۲۸ مئی چترا ۴ | ۸ // بھرنی ۱ | ۳۱ // // ۳ |
| [illegible] // ریوتی ۱ | ۱۶ // // ۲ | ۱۱ // // ۴ | ۱۶ // چترا ۱ | ۹ // بھرنی ۱ | ۳ ستمبر // ۲ | ۳۱ // // ۳ | ۱۱ // // ۲ | ۳ ستمبر // ۴ |
| [illegible] اپریل // ۲ | ۲۰ // // ۳ | ۱۶ // بھرنی ۱ | ۲۱ // // ۲ | ۱۲ // // ۲ | ۸ // // ۱ | ۱۵ جولائی // ۴ | ۱۴ // // ۳ | ۷ // سواتی ۱ |
| [illegible] // // ۳ | ۲۳ // // ۴ | ۲۱ // // ۲ | ۲۶ // // ۳ | ۱۴ // // ۳ | ۱۲ // پوربا پھالگنی ۴ | ۱۶ اگست سواتی ۱ | ۱۷ // // ۴ | ۱۰ // // ۲ |
| [illegible] // // ۴ | ۲۶ // ہست ۱ | ۲۵ // // ۳ | یکم دسمبر // ۴ | ۱۷ // // ۴ | ۱۵ // // ۳ | ۶ ستمبر // ۲ | ۱۹ // کرتکا ۱ | ۱۴ // // ۳ |
| [illegible] // اشونی ۱ | ۳۰ // // ۲ | ۳۰ // // ۴ | ۶ // سواتی ۱ | ۲۱ // کرتکا ۱ | ۲۸ // // ۴ | ۲۴ // // ۳ | ۲۲ // // ۲ | ۱۸ // // ۴ |
| [illegible] // // ۲ | ۳ اکتوبر // ۳ | ۴ اپریل کرتکا ۱ | ۱۲ // // ۲ | ۷ مئی بھرنی ۴ | یکم اکتوبر اترا پھالگنی ۱ | ۱۱ اکتوبر // ۴ | ۲۵ // // ۳ | ۲۳ // بشاکھا ۱ |
| [illegible] // // ۳ | ۷ // // ۴ | ۹ // // ۲ | ۱۷ // // ۳ | ۱۳ // // ۳ | ۳ // // ۲ | ۲۶ // بشاکھا ۱ | ۲۷ // // ۴ | ۲۷ // // ۲ |
| [illegible] // // ۴ | ۱۰ // چترا ۱ | ۱۴ // // ۳ | ۲۲ // // ۴ | ۱۹ // // ۲ | ۵ // // ۳ | ۱۰ نومبر // ۲ | ۳۰ // روہنی ۱ | ۲ اکتوبر // ۳ |
| [illegible] // بھرنی ۱ | ۱۳ // // ۲ | ۱۸ // // ۴ | ۲۷ // بشاکھا ۱ | ۲۵ // // ۳ | ۷ // // ۴ | ۲۵ // // ۳ | ۳ مئی // ۲ | ۹ // // ۴ |
| [illegible] // // ۲ | ۱۷ // // ۳ | ۲۳ // روہنی ۱ | **بدھ** | یکم جون // ۴ | ۹ // ہست ۱ | ۱۱ دسمبر // ۴ | ۶ // // ۳ | ۳۰ // // ۳ |
| [illegible] مئی // ۳ | ۲۰ // // ۴ | ۲۸ // // ۲ | | ۵ // کرتکا ۱ | ۱۱ // // ۲ | **شکر** | ۸ // // ۴ | ۶ نومبر // ۲ |
| [illegible] // // ۴ | ۲۳ // سواتی ۱ | ۳ مئی // ۳ | ۳ جنوری اترا کھاڑھ ۳ | ۸ // // ۲ | ۱۳ // // ۳ | | ۱۱ // مرگشر ۱ | ۱۱ // // ۱ |
| [illegible] // کرتکا ۱ | ۲۷ // // ۲ | ۸ // // ۴ | ۸ // // ۳ | ۱۱ // // ۳ | ۱۵ // // ۴ | ۳ جنوری پوربا کھاڑھ ۱ | ۱۴ // // ۲ | ۱۷ // سواتی ۴ |
| [illegible] // // ۲ | ۳۰ // // ۳ | ۱۳ // مرگشر ۱ | ۱۲ // // ۱ | ۱۳ // // ۴ | ۱۷ // چترا ۱ | ۵ // // ۲ | ۱۷ // // ۳ | ۲۷ // // ۳ |
| [illegible] // // ۳ | ۲ نومبر // ۴ | ۱۸ // // ۲ | ۱۵ // پوربا کھاڑھ ۴ | ۱۵ // روہنی ۱ | ۱۹ // // ۲ | ۷ // // ۳ | ۱۹ // // ۴ | ۴ دسمبر // ۴ |
| [illegible] // // ۴ | ۶ // بشاکھا ۱ | ۲۳ // // ۳ | ۱۸ // // ۳ | ۱۸ // // ۲ | ۲۱ // // ۳ | ۱۰ // // ۴ | ۲۲ // آردرا ۱ | ۱۵ // بشاکھا ۱ |
| [illegible] // روہنی ۱ | ۹ // // ۲ | ۲۸ // // ۴ | ۳۱ // // ۴ | ۲۰ // // ۳ | ۲۳ // // ۴ | ۱۳ // اترا کھاڑھ ۱ | ۲۵ // // ۲ | ۲۱ // // ۲ |
| [illegible] // // ۲ | ۱۲ // // ۳ | ۲ جون آردرا ۱ | ۴ فروری اترا کھاڑھ ۱ | ۲۱ // // ۴ | ۲۵ // سواتی ۱ | ۱۵ // // ۲ | ۲۸ // // ۳ | ۲۵ // // ۳ |
| [illegible] جون // ۳ | ۱۶ // // ۴ | ۷ // // ۲ | ۷ // // ۲ | ۲۳ // مرگشر ۱ | ۲۷ // // ۲ | ۱۸ // // ۳ | ۳۰ // // ۴ | ۳۰ // // ۴ |
| [illegible] // // ۴ | ۱۹ // انورادھا ۱ | ۱۲ // // ۳ | ۱۰ // // ۳ | ۲۵ // // ۲ | ۲۹ // // ۳ | ۲۱ // // ۴ | ۲ جون پنربس ۱ | **شنیچر** |
| [illegible] // مرگشر ۱ | ۲۲ // // ۲ | ۱۷ // // ۴ | ۱۳ // // ۴ | ۲۷ // // ۳ | ۳۱ // // ۴ | ۲۳ // شرون ۱ | ۵ // // ۲ | |
| [illegible] // // ۲ | ۲۶ // // ۳ | ۲۲ // پنربس ۱ | ۱۵ // شرون ۱ | ۲۸ // // ۴ | ۲ نومبر بشاکھا ۱ | ۲۶ // // ۲ | ۸ // // ۳ | ۱۳ فروری اشونی ۴ |
| [illegible] // // ۳ | ۲۹ // // ۴ | ۲۷ // // ۲ | ۱۸ // // ۲ | ۳۰ // آردرا ۱ | ۴ // // ۲ | ۲۹ // // ۳ | ۱۱ // // ۴ | ۲۱ مارچ بھرنی ۱ |

| شنیچر | راہو | کیتو |
|---|---|---|
| ۱۷ اپریل بھرنی ۲ | ۴ فروری ست بکھا ۴ | ۴ فروری پوربا پھالگنی ۲ |
| ۳ مئی // ۳ | ۸ اپریل // ۳ | ۸ اپریل // ۱ |
| ۹ جون // ۴ | ۱۰ جون // ۲ | ۱۰ جون مگھا ۴ |
| ۱۲ جولائی کرتکا ۱ | ۱۲ اگست // ۱ | ۱۲ اگست // ۳ |
| ۳۰ اکتوبر بھرنی ۴ | ۱۳ اکتوبر دھنشٹا ۴ | ۱۳ اکتوبر // ۲ |
| ۱۲ دسمبر // ۳ | ۱۵ دسمبر // ۳ | ۱۵ دسمبر // ۱ |

## گرہوں کے کالانش

چندرماں منگل وغیرہ گرہ سورج کے نزدیک آنے سے جتنے انش تک است رہتے ہیں ان انشوں کو کالانش کہتے ہیں۔ بقول مان سے چندرماں کے ۱۲ انش منگل ۱۷ انش بدھ ۱۳ انش وکری ہو تو ۱۲ انش برہسپت ۱۱ انش شکر ۹ انش وکری ہو تو ۸ انش سنیچر کے ۱۵ کالانش کہے ہیں۔

## گرہوں کے غروب دن

ستھول مان سے منگل ۱۲۰ دن بدھ مارگی ہو تو ۳۶ دن اور وکری ہو تو ۱۶ دن برہسپت ۳۰ دن شکر مارگی ہو تو ۱۵ دن۔ وکری ہو تو ۹ دن اور سنیچر ۳۶ دن تک است رہتا ہے۔ سورج سے پیش چندرماں ۱۲ منگل ۱۷ بدھ ۱۳ برہسپت ۱۱ شکر ۹ سنیچر ۱۵ انش تک غروب رہتے ہیں۔

## گرہوں کے طلوع دن

ستھول مان سے منگل ۶۵۸ دن بدھ ۳۷ دن وکری ہو تو ۳۳ دن برہسپت ۳۷۲ دن شکر ۲۵۰ دن وکری ہو تو ۲۴۸ دن سنیچر ۳۴۰ دن تک طلوع رہتے ہیں۔

## گرہوں کا اودے است

منگل برہسپت اور سنیچر یہ تین گرہ سورج سے ہمیشہ مند گتی والے ہونے سے ہمیشہ مغرب میں غروب اور مشرق میں طلوع ہوتے ہیں، اور بدھ شکر یہ دونوں گرہ کبھی شیگھر گتی میں اور کبھی وکر گتی میں ہوتے ہیں۔ جب شیگھر گتی میں ہوتے ہیں تو پورب میں است اور پچھم میں طلوع ہوتے ہیں۔ وکری ہوں تو پچھم میں غروب اور مشرق میں طلوع ہوتے ہیں۔ چندرماں ہمیشہ شیگھر گتی ہونے سے مشرق میں غروب ہوتا ہے۔

## گرہوں کے وکری دن

ستھول مان سے منگل ۷۶ دن بدھ ۲۳ دن برہسپت ۱۲۲ دن شکر ۴۵ دن اور سنیچر ۱۳۷ دن تک وکری رہتے ہیں۔

## گرہوں کے مارگی دن

منگل ۷۰۵ دن بدھ ۹۲ دن برہسپت ۲۷۸ دن شکر ۵۱۰ دن اور سنیچر ۲۳۸ دن مارگی رہتے ہیں۔

## گرہوں کے اوچ انش

سورج میکھ کے ۱۰ انش چندرماں برکھ کے ۳ منگل مکر کے ۲۸ بدھ کنیا کے ۱۵ برہسپت کرک کے ۵ شکر مین کے ۲۷ سنیچر تلا کے ۲۰ انش پر پورن اوچ ہوتا ہے۔

# عِلاج بذریعۂ غذا

تمام امراض کا علاج خواہ وُہ کسی سبب سے پیدا ہوں، مناسب غذا کے ذریعہ کیا جا سکتا ہے۔ کیونکہ غذا ایک ایسی چیز ہے جو بدن اور طبیعت کو گوارا اور مرغوب ہے۔ اب ہم غذاؤں کے اُن خواص کا تذکرہ کرتے ہیں جو امراض کے دفعیہ کے لئے مجرب ثابت ہو چکی ہیں اور یہی ہمارا حاصلِ سخن ہے۔

حلق کے ورم کے واسطے شہتوت اور مسور کی دال فائدہ بخش ہے۔ خشک کھانسی، حلق کی خشونت اور سوزش میں موز (کیلا) مفید ہے۔ سینہ کی بیماریوں اور اخراج بلغم کو منقّٰی، کرم کلہ اور انجیر فائدہ دیتے ہیں۔ دماغی کام کرنے والوں کے واسطے بقول ڈاکٹر دیبہ جانسن بادام، اخروٹ، انگور، سیب، سنگترہ وں کا استعمال بہت موزوں ہے۔ ان میں فاسفورس کا مادہ زیادہ ہے۔ اعصاب کی کمزوری کو دفع کرنے کا یقینی اور زود اثر طریقہ مخصوص پھلوں کا کثرتِ استعمال ہے خصوصاً تازہ اور پکے ہوئے انگور، سیب۔ ناشپاتی، کیلا اور انجیر جن میں شکر کی کافی مقدار پائی جاتی ہے اور وہ جلد ہضم ہو کر جزوِ بدن بن جاتی ہے۔ اس کی مادہ سے ضائع شدہ طاقت اور قوت برداشت عود کر آتی ہے۔ اگر ضعفِ اعصاب انتہائی درجہ کو پہنچ گیا ہو تو صرف کھجور اور انجیر کا استعمال بہت مفید ہے۔ اگر جگر کا فعل سست ہو یا اس میں حرارت بڑھ گئی ہو ان شکایات کو رفع کرنے کے واسطے سنگترہ، اناناس، لیموں وغیرہ نہایت مفید ہیں۔ جس شخص کو بدہضمی کی شکایت ہو اُس کے لئے اُبلے ہوئے چاول مفید غذا ہے۔ دوسری عمدہ اور مفید غذا یہ ہے کہ کیلا کے گُودے کو خوب پتلا کیا جائے اور اس میں بالائی ملا کر ایک انڈہ شامل کر کے خوب پھینٹ دیا جائے۔ ترش پھل مثلاً لیموں۔ انار ترش وغیرہ ہضم میں اضافہ کرنے کے لئے مفید ہیں۔ امعاء یعنی تنت آنتوں کا فعل سرانجام نہ پانے کی وجہ سے سخت قبض ہو تا ہے اس کے لئے ہر روز قبض کش ادویہ کا استعمال غیر مفید ہے۔ ان کی جگہ اگر میوہ جات سیب۔ نارنگی، انجیر، انگور، کھجور بیون کئے جائیں تو رفع قبض میں نہایت سود مند ہیں۔ اگر معدہ میں اگر زہریلا مادہ رُکا ہوا ہو یا گُردوں سے ناقص فضلہ نکالنے کی ضرورت ہو تو نارنگی۔ لیموں ترنج کارآمد ہے خصوصاً اِن کا عرق گردوں سے زہریلے فضلہ ہی کو خارج کرتا ہے بلکہ ان میں تحریک پیدا کرتا ہے۔ اگر مریض کے جسم میں خون کی کمی ہو خواہ اس کا سبب کچھ ہو، کیلا کے استعمال سے وہ دُور ہو جاتی ہے۔ انگور بھی مولد خون ہیں۔ خون کی صفائی اور تقویتِ قلب کے واسطے پپیتا بھی لقوح رساں ہے۔ خون کی کیفیت میں فساد واقع ہو اور خارش پیدا ہو جائے تو اس کے استعمال کے واسطے ترش اور پیشاب جاری کرنے والے پھل مثلاً لیموں، نارنگی وغیرہ کا بکثرت استعمال بہت مفید ہے۔ خصوصاً نارنگی مصفّٰی خون ہے۔ اعضاء ہضم کے امراض کے واسطے مثلاً قبض، بدہضمی وغیرہ کے لئے انگور سے بہتر کوئی چیز نہیں۔ یہ بدن کو غذا پہنچا کر خون کو صاف کرتا ہے۔ طبیعت میں ایک مقناطیسی قوت بھر دیتا ہے۔ بعض موسمی چیزیں خاص خاص بیماریوں سے محفوظ رکھتی ہیں۔ جیسے املی۔ آلو بخارا۔ لیموں نارنگی ہیضہ سے۔ بیر چیچک سے۔ شہتوت خناق سے۔ بیل پیچش سے۔ دل اور جگر کی گرمی دُور کرنے کے واسطے آبِ انار اور سر کی رقع کرنے کے واسطے شہد سے بہتر کوئی چیز نہیں۔ خصوصاً گلے کی سوزش اور پھیپھڑوں کی کمزوری۔ تر کھانسی کے لئے تو بہت نافع ہے۔ سنگرہنی کا واحد علاج میٹھا خربوزہ اور کیلا (موتی جھرا) کے واسطے کھرنی اور گولر بہترین چیزیں ہیں منہ ناک، پیشاب سے خون آنے کے لئے خرفہ کا ساگ اکسیر ہے۔ خون کے دستوں کے واسطے املی کی پتی پیس کر پینا مفید ہے خشک کھانسی کے واسطے کیلا یا کھجور یا مکھن کے ساتھ بادام مفید ہیں۔ کالی کھانسی کے واسطے امرود یا بیر تو جلیجلا کر لینا مفید ہے۔ ذیابیطس کے واسطے جامن کھانا اور بہتری کے واسطے بہتر چنے کا ساگ، خربوزہ، مولی کا ساگ فائدہ مند ہے۔ بادی بواسیر کے واسطے پپیتا۔ خربوزہ۔ قلتھ۔ مولی کی ترکاری۔ بکری کا دودھ۔ بلڈ پریشر کے واسطے نباتی اغذیہ مفید ثابت ہوئی ہیں یا مربّہ آملہ سے بھی فائدہ ہوتا ہے۔ خون کی کمی کے واسطے آم۔ چقندر کا عرق جامن کا عرق۔ قلفی کا پانی۔ لُو کے واسطے پھٹے ہوئے دودھ کا پانی اور تربوز استسقا کے واسطے اونٹنی کا دودھ، کریلا۔ جولائی مونگ کی دال۔ دق کے واسطے عورت یا گدھی کا دودھ۔ موسمی بخاروں کے واسطے کریلا۔ کچا امرود قابض اور پختہ ملیّن ہے۔ منہ اور زبان کٹ جائے تو کھیرا۔ اختلاج قلب کے واسطے سنگترہ سیب۔ گاجر۔ چقندر کا پانی۔ انار۔ پیٹ کے کیڑوں کے واسطے شفتالو اور ثمر یقہ فربہی (موٹاپا) کو دُور کرنے کے لئے پپیتا بہترین چیز ہے۔ فربہی پیدا کرنے کے واسطے صابودانہ کی کھیر، گاجر۔ آم بہترین چیز ہیں۔

(حکیم ہدایت علی عتیق)

# معدنی پتھروں کے خواص

**عقیق**

یہ کئی قسم کا ہوتا ہے اور کئی رنگ کا۔ لیکن سب سے سُرخ رنگ کا شفاف جس کو عقیق یمنی کہتے ہیں۔ اس کے بعد زرد رنگ۔ پھر دوسرے رنگ و اقسام۔ مزاج اس کا سرد خشک ہے اور فوائد بے شمار ہیں۔ عقیق شجری جس پر سفید خطوط ہوں اگر اسے اپنے پاس رکھے تو دشمنوں سے محفوظ رہے اور خفقان سوداوی، دموی امراض اور جریانِ خون اور زیادتی احتلامی ہے۔

**الماس یعنی ہیرا**

یہ چوتھے درجے کا سرد و خشک ہے اور ترہر ہلاہل ہے۔ آگ اور لوہا اس پر اثر نہیں کرتا ہے۔ اس کی یہ خاصیت ہے کہ جو اپنے پاس رکھے بجلی سے محفوظ رہے اور معدہ پر لٹکانے سے ہچکی مروڑ ختم ہو۔ یہ مقوی دل۔ دافع خوف و سحر ہیں اور عسرتِ ولادت کے لئے مفید ہے۔ اگر سر پر باندھا جائے تو بُرے خیالات سوتے وقت نہیں آتے اور موذی جانوروں مثل سانپ بچھو وغیرہ سے محفوظ رہتا ہے۔ اگر بائیں ہاتھ کے پہنچے پر باندھے تو تمام آفات سے محفوظ رہے۔ مرگی سے بچاتا ہے۔

**یاقوت**

یہ غم کو دُور کرتا ہے۔ اور دشمن مغلوب رہتے ہیں۔ بائیں ہاتھ میں باندھے تو کوڑھ نہیں ہوتا۔

**نیلم**

یہ تکلیفوں کو دُور کرتا ہے اور جس کسی کو راس آ جائے تو اسے مالامال کر دیتا ہے۔ جو لوگ امراض چشم میں مبتلا ہوں اُن کے لئے بڑا مفید ہے۔

**لعل**

یہ کئی قسم کا ہوتا ہے۔ سُرخ عنابی اچھا مانا جاتا ہے اور جو اسے پہنے شاد و خرم رہے۔ پریشان خواب اور احتلام سے بچے۔ آنکھوں میں روشنی پیدا کرتا ہے۔ جو اشخاص اس کے ستارہ میں پیدا ہوں انہیں خوش قسمت بناتا ہے۔

**پکھراج**

یہ مسرت اور خوشی بخشتا ہے شادی محبت میں وفاداری کرتا ہے۔ ملاحوں کیلئے پاس رکھنا بہتر ہے۔

**زمرد (پنا)**

زہر اور زہریلے جانوروں کے کاٹے کو تریاق کا کام کرتا ہے۔ جو اسے انگوٹھی میں نگوا کر پہنے نظر زمین عزیز ہو۔ تنگی معاش جاتی رہے۔ مرگی نہ آئے۔ دولت و آرام بخشتا ہے۔

**مرجان (مونگا)**

درد معدہ کے لئے مفید ہے۔ اس کے دانے گلے میں ڈالیں تو جملہ امراض کو دُور کرتا ہے۔

**موتی**

سونے یا چاندی کی انگوٹھی میں نگوا کر پہننے والے سردی اور کف روگوں کو دُور کرتا ہے۔ دل کو قوت دیتا ہے۔

# صحت پر خیالات و جذبات کا اثر

"جذبات و خیالات جسم پر خصوصاً ... پر حیرت انگیز اثر رکھتے ہیں"۔ اس نتیجہ پر پہنچنے کے لئے ڈاکٹر کینن نے کئی تجربے کئے ہیں اور وہ اس نتیجہ پر پہنچا ہے کہ ہمارا جگر، دماغ اور معدہ ہمارے جذبات اور خیالات کا اثر فوراً قبول کرتے ہیں۔ بعض ناخوشگوار جذبات مثلاً نفرت، عداوت، حسد اور خوف حقیقتاً جسم میں زہر پیدا کر دیتے ہیں۔ خون جیسا جوہر حیات زہر آلود ہو جاتا ہے۔ پھر ان صدمہ انگیز جذبات کی بدولت جسم ... ہو کر سکڑنے لگتا ہے اور زندگی میں ... رونما ہو جاتی ہے۔ آپ نے ایسے ... دیکھے ہی ہوں گے جو دہشت اور خوف ... اسی قسم کے اور تباہ کن جذبات کے ... اثر زندگی بسر کرتے کرتے گھلتے رہے۔ ... کی صحت پر نہایت ناگوار اثر پڑا ... کی سی حالت پیدا ہوئی اور آخرکار ... سے ہاتھ دھو بیٹھے۔ یا کہ اکثر یہ ... دیکھا گیا ہے کہ اُن پر قبل از وقت بڑھاپا چھا گیا۔ ایسے واقعات بھی اکثر پیش آتے رہتے ہیں کہ بعض لوگ کسی ... خوفناک یا رنجدہ واقعہ سے اس ... متاثر ہوئے کہ ایک دم بال سفید ہو رہ گئے۔ چہرہ کی تازگی بھی یکدفعہ جاتی رہی گئی۔ اور مایوسی اُن پر غالب آ ... ایک بار ایک شخص میرے پاس آیا۔ ... دائمی بدہضمی کی شکایت کی۔ حالات ... پر میں نے اندازہ لگایا کہ اس کی بدہضمی ... وجہ اس کا ہمیشہ مایوس رہنا ہے ... میں نے اُسے صرف خوش رہنے کی ہدایت ... کی جس پر اُس نے عمل کیا اور اس کا ... خاطر خواہ نکلا۔ یعنی دو ہفتہ کے ... میں اس کی بیماری میں نمایاں کمی ہو ... اور بغیر دوا دئے کچھ عرصہ بعد ... اچھا ہو گیا۔ عام لوگوں کا یہ خیال غلط ہے کہ ایک شخص جو مایوس رہتا ... اُس کا سبب اُس کی دائمی بدہضمی ... ہے۔ جس میں مبتلا ہو کر خود کو بیمار ... ہوئے ہے۔ حالانکہ حقیقت اس کے ... رہی ہے جو میں نے مذکورہ بالا مثال ... کی ہے۔ یعنی ایک شخص کو بدہضمی ... اس لئے رہتی ہے کہ وہ مایوس رہتا ... کیونکہ جسمانی صحت زیادہ تر ذہنی ... پر انحصار رکھتی ہے یا یوں کہئے ... بیماریاں روحانی کیفیتوں کا نتیجہ ... لہٰذا جو لوگ غم و فکر میں مبتلا رہنے ... ہیں یا اپنے اُوپر ایک قسم کی مایوسی ... طاری کئے رہتے ہیں وہ ذرا خوش ... کی کوشش کریں پھر اس کوشش کا معجزہ ...

# انگریزی مہینوں میں پیدائشی حالات

## جنوری

...مہینہ شادی کے واسطے خوش قسمت ... اگرچہ بہت دولت نہ ملے ... دنیاداری۔ ایمانداری اور ... لازمی ہے۔ پہلی جنوری کو ... آپ کی دہلیز سے پار اگر کالا ... گزرے تو سال خوش قسمت ... رنگا اگر خوبصورت یا کالے سے ... قدرے خوبصورت ہے تو درمیانہ ... کالی عورت ہے تو خاص اچھی نہیں ... خوبصورت عورت سرخ بال ... اچھی نگاہ [illegible] منحوس ہے۔

## فروری

اس ماہ کی ۳۔۱۳ تاریخ منحوس ہے اس ماہ کسی صبح کو مکڑی کو دیوار پر دیکھنا خوشحالی کی نشانی ہے یہ مہینہ بیوپار و کسی نئے کام کے لئے اچھا ہے۔ اس ماہ میں جو آدمی پیدا ہوگا وہ اچھے سوبھاؤ صبر والا اور خوشحال ہوتا ہے۔ اس مہینہ میں جو شادی ہو وہ خوشی بہت محبت اور چین والی ہوتی ہے ۸۔۱۷۔۲۲۔۲۵ فروری لڑکی کی شادی کیلئے خصوصاً بدقسمت ہے۔

## مارچ

اس مہینے میں جو لوگ پیدا ہیں وہ زبردست روحانی طاقت والے دلیر باحوصلہ اور جھگڑالو ہوتے ہیں۔ اس ماہ کی شادی عموماً اچھی رہتی ہے۔ یہ مہینہ گھر یا مقام تبدیل کرنے کے لئے اچھا ہے اس ماہ بھیڑوں کا دیکھنا دولت ملنے کی علامت ہے۔ تکلیف ملنا اچھا لیکن قلم اور چاقو کا ملنا اشبھ ہے۔ اس ماہ میں پیدا ہونے والوں کو پانی خوش قسمت ہے

## اپریل

... خصوصاً محبت کرنے والے ... کیلئے یہ خوش قسمتی کا مہینہ ... ۱۵ اپریل کا دن خاص طور ... کے لئے اچھا ہے یکم اپریل ... کی آواز سننا جلد شادی ... باعث ہے اپریل کا مہینہ ... آدمیوں کو شادی کیلئے شبھ ... دوسروں کے لئے نہیں۔ اس ... میں روزگار یا پرانی جگہ تبدیل ... نئی جگہ کیا ایک خوشی کا ... کی ساتھ لے جانا شبھ رہیگا

## مئی

یہ مہینہ شادی اور کڑمائی دونوں کے لئے اچھا نہیں ہے مگر مئی میں پیدا ہونے والوں کے لئے برا نہیں ہے۔ کوئی نیا کام کرنا خوش قسمتی ہے اگر تم اپنے ساتھ پہلے دن کا نیلا یا سفید ٹکڑا لے جاؤ۔ نئے کپڑے خریدنا اچھا ہے۔ اکیلے میں پہلی دفعہ چاند کو مت دیکھو۔ رات کو دو ٹکڑے سفید اور نیلا کپڑا سرہانے کے نیچے رکھ کر سوتے سے بڑے خواب بند اور عمدہ خواب آئیں گے

## جون

یہ مہینہ شادی سفر خوشی بیوپار سب کے لئے اقبال مند ہے۔ جام طور پر شیشے کا ٹوٹنا بدقسمتی کا مظہر ہے جو کہ سات سال کے لئے ہے گلاب کا پھول اور بنفشہ کا پھول جون مہینے کے لئے اچھا ہے۔ اس مہینے سنگ سلیمانی پہننے سے اچھی قسمت اچھی صحت اور لمبی عمر ہوتی ہے جو آدمی جون کے مہینے میں پیدا ہوتے ہیں وہ نہایت خوش قسمت ہوتے ہیں۔

## جولائی

...مہینہ جادو کیا ہے بہت سے ... قسمت کے جادو اس مہینے میں ... سکتے ہیں یہاں لوگوں کے لئے ... اچھا مہینہ ہے جو پوشیدہ باتوں ... دلچسپی رکھتے اور آئندہ حالات ... معلوم کرنا چاہتے ہیں۔ جو بچے ... مہینے میں پیدا ہوتے ہیں ان ... آگ سے ضرور بچنا چاہیئے ... مہینہ میں لعل کا پتھر پہننا چاہئے ... خوش قسمتی کا اچھا ہے اور ... ہیرا پہننا شبھ ہوتا ہے۔

## اگست

ہیرا سنگ سلیمانی اس مہینہ میں پہننا خصوصاً شادی شدہ زندگی میں خوشی اور وفاداری کو پیدا کرتا ہے۔ یہ مہینہ تمام چیزوں کے لئے جن کا تعلق پانی سے ہے خوش قسمت ہے۔ سمندر کا سفر بھی اس مہینہ میں نصیب ہے۔ جن کی شادی اس مہینے میں ہوگی انہیں بہت تکلیفیں پیش آئیں گی۔ لیکن بعد میں خوشحال ہوں گے اور تکلیفیں رفع ہوں گی۔

## ستمبر

یہ مہینہ روپیہ کے لین دین اور بیوپار میں اقبال مند ہے۔ اگر آپ کسی سے ساتھ شراکت کرنا چاہتے ہیں تو اس مہینے کے پہلے تین ہفتوں میں سے کوئی دن چنو لو جن کی پیدائش ستمبر میں ہوتی ہے ان کو اکثر دھوکا اور چوری کی وجہ سے نقصان ہوتا ہے۔ جن لوگوں کی شادی اس مہینے میں ہوگی اُن کو کئی طرح کی تکلیفات اور مصائب پیش آتے رہیں گے

## اکتوبر

...مہینہ کچھ قدر محبت کے واسطے ... اچھا نہیں ہے جو آدمی اس مہینہ ... میں پیدا ہونگے اُن سے اچھے کام ... بغیر جھگڑے کے نہیں ہونگے ... اور شادی بھی جلدی نہیں ہوگی ... اکتوبر مہینہ میں دودھیا پتھر پہننا ... چاہیئے جن کی اکتوبر میں شادی ... ہوگی اُن کا خوشی سے گزارہ ہوگا ... قسمت سے محبت کے جادو اس ... مہینے میں کام لائے جاسکتے ہیں

## نومبر

نئی شادی شدہ کے لئے یہ مہینہ بہت اعلیٰ ہے۔ اس مہینہ میں جو شادی ہوگی وہ خوشی اور چین سے ہوگی۔ نومبر چٹھیاں لکھنے میں اچھا نہیں ہے۔ احتیاط نہ کی گئی تو جھگڑے پیدا ہونگے، اگر آپ نے خط لکھ کر ٹکٹ لگا کر بند کر دیا ہے تب اس کا نتیجہ خراب منحوس ہوگا اگر اس میں کوئی بات ناراض کرنیوالی نہیں ہے تو پھر بھی اگلے دن بھیجو۔

## دسمبر

یہ کاروباری لوگوں کیلئے خوش قسمتی کا مہینہ ہے اور شادی وغیرہ کے لئے بھی اچھا ہے۔ فونٹنگ سیلانے کو دسمبر کے مہینے میں دیکھنا اچھا اور خوش قسمت ہونے کی نشانی ہے لیکن اس وقت کوئی خواہش دل میں پیدا نہیں کرنی چاہیئے اگرچہ خواہش آپ کی پوری ہو جائے گی لیکن آخر میں اس کا انجام آپ کے لئے خراب اور منحوس رہے گا۔

# بکرمی مہینوں میں پیدائشی حالات

## چیت

جس لڑکے کی پیدائش چیت مہینہ میں ہوئی ہو وہ شخص بڑا متکبر اور غصہ ور ہو۔ تھوڑی سی خلاف مزاج بات پر جلد بگڑ جائے۔ آنکھیں سُرخ ہوں۔ استری کی طرف طبیعت کا لگاؤ رکھے۔ زیورات اور غذاء شیریں سے رغبت ہو۔ روزگار اچھا کرے اقبال مند۔ دولت طبیعت اور بہادر ہو۔ ہر کام کو پورا کرنے میں مستعد رہے صحت بدن اچھی ہو۔

## بیساکھ

دولت مند غصہ ور طبیعت اور صاف دل ہو۔ دوستوں سے ملاقات بہت رکھے۔ عورتوں کا شباب پر غالب ہو۔ جو قصد کرے اُسے پورا کرنے پر مستعد رہے۔ اقبال مند بردبار اور خود پسند بھی ہو۔ تھوڑی خلاف مزاج بات پر جلد بگڑ جائے اقرار کا پابند ہو۔ نیک و بد کی تمیز سمجھے عقلمند اور سمجھدار ہو۔ دھوکا اور پالیسی سے کام لینے والوں سے نفرت کرے

## جیٹھ

پردیس میں بہت رہے بڑا عقلمند و دانا اور سمجھدار ہو اور قانع متحمل مزاج اور صاف دل ہو۔ دولت حاصل کرے اقبال مند۔ زور آور پاک جسم اور مزاج صفراوی ہو بعض حالتوں میں تھوڑی بات پر گھبرا جائے۔ دوست اس کے بہت ہوں۔ زندگی خوشحال رہے صحت اچھی رہے۔ عورت اور اولاد کا سکھ ہو۔

## ہاڑ

دھن دولت کا سکھ اور آرام کم پائے۔ عورت خوبصورت سے تعلق ہو۔ اولاد سے آرام پائے۔ آواز نرم اور آہستہ بولنے والا ہو دولت باوجود کوشش اور تردد کرنے پر بھی حسب منشا جمع نہ کر سکے سوچ وچار میں وقت زیادہ گزرے۔ بہت کوشش سے اُس کے کام سرانجام پاتے ہیں۔ نیک ہو۔

## ساون

نیک اور دھرم کے کاموں میں طبیعت کا لگاؤ بہت رکھے سکھ دکھ اور لابھ ہانی میں سمان چیت ہو۔ ہمت اپنے دین و مذہب پر قائم رکھے خوش وضع اور فربہ بدن ہو۔ شہوت زیادہ۔ اولاد کا سکھ دیکھے۔ ہنرمند اور صادق القول ہو۔ لوگوں میں مان اور عزت پائے۔ امیر و رئیس کے دربار میں اُس کی قدر ہو بلغمی بیماری ہو۔

## بھادوں

جسم خوش وضع اور فربہ بدن ہو شیریں گفتار اور مستقل مزاج ہو۔ قول و اقرار پر پورا اُترے امیر و رئیس کے دربار میں اس کی قدر ہو۔ لوگوں میں مان اور عزت پائے۔ شوخ دیدہ اور زیادہ بولنے والا بھی ہو۔ تھوڑی خلاف مزاج بات پر جلد بگڑ جائے۔ عورت اور اولاد کا سکھ پائے وعدہ اور اقرار کو پورا کرے

## اسوج

پیشہ تجارت اور زراعت سے تعلق رکھے۔ بیوپار غلہ سے بھی اس کو رغبت ہو۔ دولت غلہ اور اسباب جمع بہت کرے۔ اقبال مند اور کنبہ پرور ہو۔ خیالات ہر وقت پوتر رکھے۔ دولت مند، مغرور کامی۔ صاحب علم اور شاعر بھی ہو۔ عورت بیگانہ سے صحبت رکھے۔ خود پسند اور عیاش طبع ہو۔

## کارتک

دولت مند۔ نیک صلاح اور خردمند ہو۔ تیر اندازی و دیا بھی حاصل کرے۔ پیشہ تجارت اور خرید و فروخت میں اس کی رغبت رہے۔ عورت بیگانہ سے صحبت رکھے سخت جان اور جفاکش ہو۔ دھن دولت سے آسودہ ہو۔ دنیاوی آرام و راحت معقول درجہ حاصل رہیں صحت جسمانی اچھی ہو۔

## مگھر

دولت مند، زور آور اور صاحب اقبال ہو۔ خویش و اقارب کی پرورش کرے دوست اس کے بہت ہوں دھرم کے کارج میں رغبت رکھے۔ حلیم مزاج پر گرمی اور باتیں آہستہ اور نرمی سے کرنے والا ہو۔ کار خیر میں سعی اور کوشش پر مستعد رہے۔ مستحق اشخاص کی حسب استطاعت مدد کرے

## پوہ

شور دیر اور پرتاپ والا ہو۔ طاقت ور اور بہادر ہو۔ اپنی کوشش اور قوت بازو سے معاش پیدا کرے دُشٹ پرکرتی اور مدھم آیو ہو۔ خویش و اقارب کی پرورش کا بہت خیال رکھے۔ دولت مند اور مغرور طبیعت ہو صحت جسمانی اچھی رہے۔ دنیاوی طور پر خوشحال ہو۔

## ماگھ

دھن دولت والا۔ صاحب اقبال اور حسین ہو۔ دراز قد ہو۔ مغرور اور خود پسند ہو۔ نصیحت کسی کی قبول نہ کرے۔ شور بیر۔ کمٹھ رجیت اور کامی ہو۔ بڑا طاقت اور شباب کار ہو۔ لڑائی جھگڑوں میں بہت ہوشیار اور خوش رہے۔ عورت بیگانہ سے صحبت اور لگاؤ رکھے

## پھاگن

خیالات کو ہمیشہ شدھ اور پوتر رکھے۔ بڑا اُپکار کرنے والا۔ دیاوان اور دھارمک وچار رکھنے والا ہو۔ پردیس میں بہت رہے۔ طبیعت خود پسند اور خود دار ہو دھرم کے خلاف عمل نہ کرے۔ پورن دنیا کا اس کو سکھ پراپت ہو۔ دشمنوں پر غالب اور فتح مند رہے

# بارہ راشیوں میں سنیچر کی تاثیرات بابت سنہ ۱۹۷۰ء

سنیچر ۸ مارچ سنہ ۱۹۶۹ء کو میکھ راشی میں داخل ہوا تھا۔ یہ ستارہ چاندی اور تانبا کے پایہ پر شبھ پھل کے دینے والا ہوتا ہے۔ سونا کے پایہ پر مدھم پھل دیتا ہے اور لوہا کے پایہ پر نہایت ناقص تاثیر کو دیتا ہے۔ سنیچر جنم کے جنم نام اور پرسدھ نام دونوں سے اچھا ہے ان کے لئے سنیچر کا پھل بہت اچھا رہے گا۔ اگر ایک راشی سے اچھا اور دوسری راشی سے خراب ہو تو مدھم پھل دیتا ہے۔ اگر دونوں راشیوں سے خراب ہو تو نہایت ناقص پھل کے دینے والا ہوتا ہے۔

| پایہ میکھ تانبا | پایہ برکھ سونا | پایہ متھن چاندی |
|---|---|---|
| میکھ راشی کو سنیچر پہلے خانہ میں تانبا کے پایہ میں مزید ایک سال رہے گا۔ طبیعت میں غصہ پریشانی رشتہ داروں سے بگاڑ اور صحت جسمانی خراب رہے۔ | برکھ راشی کو سنیچر بارہویں خانہ میں سونا کے پایہ میں مزید ایک سال رہے گا۔ روپیہ کا خرچ زیادہ رہے۔ بنے کام میں رکاوٹ۔ دشمنوں سے ٹکر رہے۔ | متھن راشی کو سنیچر تیسرے خانہ میں چاندی کے پایہ میں مزید ایک سال رہے گا۔ راج دربار میں مان عزت اور روپیہ کی آمدنی اچھی۔ عزیزوں سے ملاقات و خوشی |
| **پایہ کرک لوہا** | **پایہ سنگھ تانبا** | **پایہ کنیا چاندی** |
| کرک راشی کو سنیچر دسویں خانہ میں لوہا کے پایہ پر مزید ایک سال رہیگا۔ کاروبار میں بگڑی زمین جائداد کا لابھ۔ صحت خراب آنکھوں میں تکلیف ہو۔ | سنگھ راشی کو سنیچر نویں خانہ میں تانبا کے پایہ میں مزید ایک سال رہیگا۔ رنج و راحت مساوی۔ بھائیوں سے بگاڑ۔ خرچ زیادہ کاروبار میں رکاوٹ ہو۔ | کنیا راشی کو سنیچر آٹھویں خانہ میں چاندی کے پایہ پر مزید ایک سال رہے گا۔ طبیعت میں غصہ۔ رشتہ داروں سے بگاڑ۔ خرچ زیادہ۔ صحت جسمانی خراب رہے |
| **پایہ تلا سونا** | **پایہ برسچک لوہا** | **پایہ دھن سونا** |
| تلا راشی کو سنیچر ساتویں خانہ میں سونا کے پایہ پر مزید ایک سال رہے گا۔ کاروبار میں جھگڑا۔ عورت کی طرف سے پریشانی۔ زمین جائداد کا جھگڑا۔ خرچ زیادہ | برسچک راشی کو سنیچر چھٹے خانہ میں لوہا کے پایہ پر مزید ایک سال رہے گا۔ دشمنوں پر فتح کامیابی حاصل ہو۔ کسی نئے کام سے فائدہ۔ سمبندھیوں سے ناچاقی ہو۔ | دھن راشی کو سنیچر پانچویں خانہ میں سونا کے پایہ پر مزید ایک سال رہے گا۔ سنتان کی طرف سے فکر و چنتا۔ روپیہ کا خرچ زیادہ۔ عورت سے ناچاقی رہے |
| **پایہ مکر تانبا** | **پایہ کنبھ چاندی** | **پایہ مین لوہا** |
| مکر راشی کو سنیچر تانبا کے پایہ پر چوتھے خانہ میں مزید ایک سال رہے گا۔ زمین و جائداد میں جھگڑے پیدا ہوں۔ راج دربار سے مکر۔ کاروبار مدھم رہے گا | کنبھ راشی کو سنیچر تیسرے خانہ میں چاندی کے پایہ پر مزید ایک سال رہے گا۔ بگڑے کام راستی پر آئیں گے۔ نئے کام میں فائدہ آمدن اچھی سفر زیادہ رہے۔ | مین راشی کو سنیچر دوسرے خانہ میں لوہا کے پایہ پر مزید ایک سال رہے گا۔ روپیہ کا خرچ زیادہ آنکھوں میں تکلیف۔ کوئی جھوٹا الزام لگے کاروبار خراب |

## سنیچر کا اعضائے انسانی پر اثر

| نچھتر | اشنی | بھرنی | آردرا | آشلیکھا | اترا | انورادھا | اترا | شت بکھا | پوربا | اترا |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | . | کرتکا | پنربسو | مگھا | پھاگنی | جیشٹھا | کھاڑ | . | بھادوپد | بھادوپد |
| | . | روہنی | پکھ | پوربا | ہستچترا | مولا | شرون | . | . | ریوتی |
| | . | مرگشر | . | پھاگن | سواتی | پوربا | دھنشٹھا | . | . | . |
| | . | . | . | . | بشاکھا | کھاڑ | . | . | . | . |
| اعضاء جسم | منہ | دایاں ہاتھ | دایاں پاؤں | بایاں پاؤں | بایاں ہاتھ | چھاتی | سر | دائیں آنکھ | بائیں آنکھ | مقعد |
| خاصیت | فکر و پریشانی | لابھ خوشی | نقل و حرکت | خرچ نقصان | روگ خرچ | لابھ خوشی | دھن لابھ | ترقی مرتبہ | فکر و پریشانی | روگ بیماری |

## سنیچر کا منتر

اوم نمستے کون سنگیائے پنگلائے نموستوتے نمستے
کرشن دندائے نمستے کالکائے چ نمستے
رودر دیہائے نمستے کاکائے چ نمستے یم سنگیائے شنیوائے نموستوتے
پرساد گورو دیو شتھ دینیہ پرنت سیہ چ۔ اس منتر کا روزانہ ۱۰۸ بار پاٹھ کرنے سے سنیچر کا ناقص پھل دور ہوتا ہے۔

### سنیچر کا جنتر

| | | |
|---|---|---|
| ۱۴ | ۷ | ۱۲ |
| ۹ | ۱۱ | ۱۳ |
| ۱۰ | ۱۵ | ۱۸ |

# سیارگان کی شبھ واشبھ تاثیرات کا روزانہ بیان

## سورج کی روزانہ تاثیر

ایک شخص رام لال جسکی ملا راس چیز نچھتر ہے ۴ جنوری سنہ ۱۹۷۰ء کو سورج کی تاثیر دیکھنا چاہتا ہے ۴ جنوری کو دھنشٹا نچھتر میں ہے اور رام لال کے نام کا چیز نچھتر ہے بیچ چترا سے دھنشٹا نچھتر تک گنا تو دسواں نچھتر آیا جو ۱۰ تک پائے چپ میں ہوگا۔ پریشانی دینے والا ہے۔ اسی طرح باقی دیکھ

| نام اعضاء | سر | دست راست | پائے راست | پائے چپ | دست چپ | سینہ | چشم راست | چشم چپ | پیشانی |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تقسیم نچھتر | ۲ | ۶ | ۹ | ۱۲ | ۱۶ | ۲۱ | ۲۳ | ۲۵ | ۲۶ |
| خاصیت | پریشانی | لابھ | سفر | پریشانی | فکر چنتا | لابھ | حرمت توقی | لابھ | ترقی |

## چندرماں کی روزانہ تاثیر

چندرماں کی روزانہ تاثیر کا حال دیکھنا ہو تو حسب ترکیب سورج معلوم کریں۔ اس کی تقسیم نچھتر بموجب ذیل

| نام اعضاء | سر | منہ | دست راست | سینہ | دست چپ | شکم | پائے راست | [illegible] |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تقسیم نچھتر | ۹ | ۹ | ۱۲ | ۱۸ | ۲۱ | ۲۲ | ۲۴ | [illegible] |
| خاصیت | فتح | بیماری | لابھ | سفر | فکر چنتا | بیماری | لابھ | [illegible] |

## منگل کی روزانہ تاثیر

منگل کی روزانہ تاثیر کا حال دیکھنا ہو تو حسب ترکیب سورج معلوم کریں۔ اسکی تقسیم بموجب نقشہ ذیل

| نام اعضاء | سر | منہ | دست راست | ہردو پاؤں | دست چپ | مقعد | ہردو چشم |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تقسیم نچھتر | ۹ | ۹ | ۱۲ | ۱۸ | ۲۱ | ۲۳ | ۲۴ |
| خاصیت | فتح | بیماری | لابھ | سفر | فکر چنتا | بیماری | لابھ |

## بدھ کی روزانہ تاثیر

بدھ کی روزانہ تاثیر کا حال دیکھنا ہو تو حسب ترکیب سورج و منگل معلوم کر کے تقسیم نچھتر بموجب نقشہ ذیل

| نام اعضاء | سر | منہ | ہردو چشم | ناف | ہردو پائے | دست راست | دست چپ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تقسیم نچھتر | ۳ | ۴ | ۶ | ۱۱ | ۱۷ | ۲۱ | ۲۵ |
| خاصیت | عزت ترقی | لابھ | فتح | لابھ | سفر | لابھ | لابھ |

## برہسپت کی روزانہ تاثیر

برہسپت کی روزانہ تاثیر کا حال حسب ترکیب سورج معلوم کر کے تقسیم نچھتر بموجب نقشہ ذیل دیکھ لیں

| نام اعضاء | سر | دست راست | گلہ | منہ | پاؤں | دست چپ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تقسیم نچھتر | ۴ | ۸ | ۹ | ۱۴ | ۲۰ | ۲۴ |
| خاصیت | عزت | لابھ | لابھ | فکر چنتا | بیماری | لابھ |

## شکر کی روزانہ تاثیر

شکر کی روزانہ تاثیر کا حال حسب ترکیب سورج معلوم کریں۔ تقسیم نچھتر بموجب نقشہ ذیل

| نام اعضاء | منہ | سر | پاؤں راست | پاؤں چپ | سینہ | دونوں ہاتھ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تقسیم نچھتر | ۳ | ۸ | ۱۱ | ۱۴ | ۱۶ | ۲۴ |
| خاصیت | لابھ | ترقی | پریشانی | سفر | لابھ | لابھ |

## سنیچر کی روزانہ تاثیر

| نام اعضاء | سر | منہ | دست راست | ہردو پائے | دست چپ | سینہ | چشم راست | چشم چپ |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تقسیم نچھتر | ۱ | ۲ | ۶ | ۱۲ | ۱۶ | ۲۱ | ۲۳ | ۲۹ |
| خاصیت | عزت ترقی | بیماری | لابھ | سفر | تہمت | لابھ | لابھ | لڑائی |

## راہو کی روزانہ تاثیر

| نام اعضاء | سر | دست راست | ہردو پائے | دست چپ | سینہ | گلہ | منہ | چشم |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| تقسیم نچھتر | ۲ | ۷ | ۱۳ | ۱۷ | ۲۰ | ۲۱ | ۲۳ | ۲۵ |
| خاصیت | عزت | فتح | سفر | بیماری | لابھ | بیماری | فتح | لابھ |

## کیت کی روزانہ تاثیر

| نام اعضاء | سر | منہ | دونوں ہاتھ | دونوں پاؤں | سینہ | گلہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| تقسیم نچھتر | ۵ | ۱۰ | ۱۲ | ۲۰ | ۲۲ | ۲۶ |
| خاصیت | فتح | [illegible] | [illegible] | لابھ | فکر چنتا | بیماری |

# گرہوں کی راشی تبدیلی بابت سنہ ۱۹۷۰ء

### سورج
- ۱ جنوری مکر میں داخل
- فروری کمبھ میں داخل
- مارچ مین میں داخل
- اپریل میکھ میں داخل
- مئی برکھ میں داخل
- جون متھن میں داخل
- جولائی کرک میں داخل
- اگست سنگھ میں داخل
- ستمبر کنیا میں داخل
- اکتوبر تلا میں داخل
- نومبر برسچک میں داخل
- دسمبر دھن میں داخل

### منگل
- ۲۶ نومبر تلا میں داخل

### بدھ
- ۳ جنوری وکری ہوگا
- ۷ ، مغرب میں غروب
- ۱۲ ، دھن میں داخل
- ۱۹ ، مشرق میں طلوع
- ۲۵ ، مارگی ہوگا
- ۷ فروری مکر میں داخل
- یکم مارچ کمبھ میں داخل
- ۸ ، مشرق میں غروب
- ۱۸ ، مین میں داخل
- ۲ اپریل میکھ میں داخل
- ۵ ، مغرب میں طلوع
- ۲۷ ، وکری ہوگا
- یکم مئی مغرب میں غروب
- ۱۹ ، مشرق میں طلوع
- ۲۴ ، مارگی ہوگا
- ۸ جون برکھ میں داخل
- ۲۶ ، مشرق میں غروب
- ۲۷ ، متھن میں داخل
- ۱۱ جولائی کرک میں داخل
- ۱۹ ، مغرب میں طلوع
- ۲۷ جولائی سنگھ میں داخل
- ۱۹ اگست کنیا میں داخل
- ۲۸ ، وکری ہوگا
- ۵ ستمبر مغرب میں غروب
- ۸ ، سنگھ میں داخل
- ۲۱ ، مشرق میں طلوع
- ۲۲ ، مارگی ہوگا
- ۳ اکتوبر کنیا میں داخل
- ۹ ، مشرق میں غروب
- ۲۱ ، تلا میں داخل
- ۸ نومبر برسچک میں داخل
- ۱۸ ، مغرب میں طلوع
- ۲۸ ، دھن میں داخل
- ۱۸ دسمبر وکری ہوگا
- ۲۲ ، مغرب میں غروب

### برہسپت
- ۲۱ فروری وکری ہوگا
- ۳۱ مارچ مین میں داخل
- ۲۱ جون مارگی ہوگا
- ۲۶ اکتوبر مغرب میں غروب
- ۲۱ نومبر مشرق میں طلوع
- ۱۱ دسمبر برسچک میں داخل

### منگل
- جنوری مین میں داخل
- فروری میکھ میں داخل
- اپریل برکھ میں داخل
- مئی متھن میں داخل
- جون مغرب میں غروب
- جولائی کرک میں داخل
- اگست سنگھ میں داخل
- ستمبر مشرق میں طلوع
- اکتوبر کنیا میں داخل

### شکر
- ۱۵ جنوری مکر میں داخل
- ۸ فروری کمبھ میں داخل
- ۱۷ ، مغرب میں طلوع
- ۴ مارچ مین میں داخل
- ۲۹ ، میکھ میں داخل
- ۲۲ اپریل برکھ میں داخل
- ۱۷ مئی متھن میں داخل
- ۱۱ جون کرک میں داخل
- ۶ جولائی سنگھ میں داخل
- ۲ اگست کنیا میں داخل
- ۳۱ ، تلا میں داخل
- ۹ اکتوبر برسچک میں داخل
- ۱۹ ، وکری ہوگا
- ۳۰ ، تلا میں داخل
- ۴ نومبر مغرب میں غروب
- ۱۷ ، مشرق میں طلوع
- ۳۰ دسمبر برسچک میں داخل

### سنیچر
- ۴ جنوری مارگی ہوگا
- ۱۵ اپریل مغرب میں غروب
- ۲۱ مئی مشرق میں طلوع
- ۸ ستمبر وکری ہوگا

# شبھ کاموں کے مہورت بابت سنہ ۱۹۷۰ء

### نیا مکان بنانا
۲۴ اپریل ۸ گھڑی تک ۱۶ مئی ۷ دسمبر ۳۱ گھڑی بعد شبھ مہورت ہیں

### یگیوپویت
۱۰ اپریل ۱۶ اپریل ۱۹ اپریل ۷ مئی ۱۱ مئی ۲۵ مئی ۷ جون ۲۱ جون ۵ اور ۱۰ جولائی شبھ دن ہیں

### تعلیم شروع کرنا
۱۶ اپریل ۳ گھڑی بعد ۲۶ اپریل ۱۰ مئی ۱۳ مئی ۵ جولائی شبھ مہورت ہیں

### نئے گھر میں داخلہ
۱۵ اپریل ۱۶ مئی ۷ دسمبر نئے گھر میں داخلہ کے لئے شبھ مہورت و شبھ دن ہیں

### اَن کھلانا
۱۰ اپریل ۲۴ اپریل یکم مئی ۷ جون ۲۳ جولائی ۷ اگست ۱۲ اگست ۱۷ اگست ۲ ستمبر ۴ ستمبر ۲ اکتوبر ۵ اکتوبر ۱۹ اکتوبر ۳ دسمبر ۲۴ دسمبر شبھ دن اور مہورت ہیں۔

### دوکان کھولنا
۱۲ اپریل ۱۵ اپریل ۱۶ مئی ۱۸ مئی یکم اور ۵ جون ۱۵ جون ۲۵ جون ۱۵ گھڑی تک ۳۰ جولائی ۹ دسمبر ۳ گھڑی بعد ۱۰ ، ۲۴ دسمبر دوکان کھولنے کے لئے اچھے دن اور شبھ مہورت ہیں۔

### پرانے گھر میں داخلہ
۲۹ اپریل ۲۷ مئی اور ۲۳ جولائی شبھ دن ہیں

### منڈن کرنا
۸ مئی ۵ جون ۷ گھڑی بعد ۱۵ جون ۲۴ جون ۲ جولائی منڈن کے لئے شبھ دن ہیں۔ ان میں منڈن کرنا مبارک ہے

### نوکری کرنا
۲۲-۳۰ جنوری ۱۹-۲۰-۲۶ فروری ۱۲-۲۰-۲۳ مارچ ۱۴-۱۵-۲۴ اپریل ۲۱-۲۵ مئی ۱۲-۱۷-۱۹ جون شبھ دن ہیں

### سگائی کرنا
۳۰ جنوری ۲۰ فروری ۲۴ مارچ ۲۴ اپریل ۱۷-۲۸ جون ۷-۱۵-۲۱-۲۹ جولائی ۲۱-۲۸ اگست ۲-۱۸-۲۰ ستمبر ۲۲ اکتوبر

# گرہن بابت سال سنہ ۱۹۷۰ء

اس برس میں چار گرہن ہوں گے جن میں دو گرہن سورج کے اور دو گرہن چندرماں کے ہوں گے۔ مگر ان چاروں گرہنوں میں بھارت ورش میں کوئی بھی گرہن دکھائی نہیں دیگا

## ۱۔ کھنڈ چندرماں گرہن

یہ گرہن ماگھ شدی پورنماشی بروز سنیچروار پھاگن پروشٹے ۱۰ مطابق انگریزی ۲۱ فروری کو لگے گا۔ یہ گرہن اتری دکھنی امریکہ۔ نیوزی لینڈ۔ آسٹریلیا وغیرہ پوربی ملکوں میں دکھائی دیگا بھارت میں اس کا ٹائم دوپہر ۲ بجکر ۳۵ منٹ پر شروع ہو کر دوپہر ۲ بجکر ۴۰ منٹ پر ختم ہوگا

## ۲۔ کھگراس سورج گرہن

یہ گرہن پھاگن بدی اماوس بروز سنیچروار پھاگن پروشٹے ۲۴ مطابق انگریزی ۷ مارچ کو لگے گا۔ یہ گرہن دکھنی امریکہ اتری امریکہ۔ گرین لینڈ۔ میکسیکو۔ نیو فاؤنڈ لینڈ میں پورا دیکھا جائے گا۔ بھارت ورش میں آدھی رات ہونے کی وجہ سے یہ گرہن نظر نہیں آئے گا۔

## ۳۔ کھنڈ چندرماں گرہن

یہ گرہن ساون شدی پورنماشی سوموار ۲ بھادوں مطابق انگریزی ۱۷ اگست کو لگے گا۔ یہ گرہن دن کے ۷ بجکر ۴ منٹ پر شروع ہوگا اور دن کے ۱۰ بجے ختم ہوگا۔ یہ گرہن مغربی یورپ۔ افریقہ۔ اتری و دکھنی امریکہ میں دکھلائی دے گا۔ بھارت میں دن ہونے کی وجہ سے دکھلائی نہیں دیگا۔

## ۴۔ کھنڈ سورج گرہن

یہ گرہن بھادوں بدی اماوس بروز سوموار بھادوں پروشٹے ۱۶ مطابق انگریزی ۳۱ اگست کو لگے گا۔ یہ گرہن مشرقی و مغربی امریکہ اور گرین لینڈ میں نظر آئیگا۔ بھارت میں نظر نہیں آئیگا۔

## نوٹ


اگر ایک مہینے میں دو گرہن سورج اور چندرماں کے اکٹھے آ جائیں تو ناقص پھل کے دینے والے ہوتے ہیں۔ راجاؤں میں پرسپر ویرودھ بڑھتا ہے۔ زلزلہ اور آسمانی آفات برپا ہوتی ہیں۔ جس جگہ گرہن نظر نہیں آتا وہاں گرہن کا کوئی اثر بھی نہیں ہوتا۔

# لابھ و خرچ بابت سال سنہ ۱۹۷۰ء

| **مکر** — طبیعت میں کدورت۔ فکر و تشویش۔ روپیہ کے خرچ و نقصان سے دل کی گھبراہٹ اور فکر بہت رہیگا۔ دنیاوی معاملات کے متعلق لڑائی جھگڑوں میں زیادہ وقت صرف ہو۔ دشمن کی طرف سے فکر۔ [illegible] تاریخ ناقص ہے۔ | **کنبھ** — راجدربار سے عزت۔ دھن لابھ۔ دشمن مغلوب۔ کوئی بگڑا ہوا کام بھی راستی پر آجائیگا۔ روپیہ پیسہ کی آمدن کاروبار میں ترقی اور کسی عزیز کی ملاقات سے خوشی حاصل ہوگی۔ سفر کریگا۔ جون کی [illegible] تاریخ ناقص ہے۔ | **مین** — دشمن مغلوب رہیں گے۔ کاروبار کی حالت میں کچھ بہتری۔ مایوس امیدوں میں کچھ کامیابی حاصل ہوگی۔ سفر پیش آئے۔ بعض امورات دنیاوی کے متعلق خوشخبری کا پیغام ملے گا۔ جون کی ۱-۲-۱۰-۱۱-۱۸-۱۹-۲۸-۲۹ تاریخ ناقص رہے گی۔ |

# علم جیوتش و نجوم

## قمر یعنی چندرماں

یہ ستارہ فلک اول کا مالک ہے۔ یہ تمام سیارگان میں بمنزلہ یا وزیر قرار دیا گیا ہے۔ زمین سے ۲۲ لاکھ ۳۷ ہزار ۵۰۰ میل کی بلندی پر واقع ہے۔ ایک راشی کو ۲½ دن میں بھوگ جاتا ہے۔ ۲۷ دن میں ۱۲ راشیوں کو طے کر جاتا ہے۔ یہ ہمیشہ سورج کی روشنی سے منور رہتا ہے۔

### چندرماں کی شبھ اوستھا

یہ ستارہ برج سرطان یعنی کرک راس کا مالک ہے۔ جن آدمیوں کی پیدائش کسی انگریزی مہینہ کی ۲-۱۱-۲۰-۲۹ تاریخ کو ہوتی ہے ان کا ستارہ بھی چندرماں ہوتا ہے۔ جن کی پیدائش کا ستارہ چندرماں ہوتا ہے وہ شخص اس کی تاثیر سے قوت خیال کا بہت اظہار دیتا ہے۔ اس کے اندر قدرت کے مناظر کا شوق خوبصورتی کا احساس اور شاعری تصنیف کی طرف سے رغبت زیادہ پائی جاتی ہے۔ حلیم الطبع کم بولنے والا شیریں سخن اور مزاج کا بہت ملنسار ہوتا ہے۔ دوسروں کی نکتہ چینی کو پسند نہیں کرتا۔ شستہ پاکیزہ بدن سفید پوشش۔ شیریں غذا کا شائق اور عمدہ فراز اور پر از خیالات کا مالک ہوتا ہے۔ خودداری کو زیادہ محسوس نہیں کرتا۔ مزاج بادی و بلغمی چہرہ مستطیل۔ لمبا قد۔ خوش طبع اور بڑا عقلمند و شرلیشٹ یدھی سے یکنت دکھائی دیتا ہے۔ غفلت و لاپرواہی اور کاہل طبیعت سے کام لیتا۔ شہزادوں۔ ولیعہد اور سوداگر اور سجاد کے قاصد اور مقدس لوگوں سے اس کو تعلق رکھتے۔ درشٹی مقابل یعنی نگاہ ہمیشہ سامنے کی طرف رکھتا ہے جس سے بولتا ہے وہ خوش ہوتا ہے۔ جس کو دیکھتا ہے اچھی نگاہ سے دیکھتا ہے۔ متلون مزاج۔ دبلا پتلا اور گوری رنگت سے یکنت ہوتا ہے۔ سمندر کا مدوجزر اور باغ دریاؤں کا نظارہ بہت پسند کرتا ہے۔ روشنی کو بہت زیادہ وقعت نہیں دیتا اور اندھیرے کو اس کی طبیعت قدرے زیادہ پسند کرتی ہے۔ غلط راستہ سے جلدی گھبرا جاتا اور کمزور حالت میں بہت ضدی ہو جاتا ہے۔ اس کی زندگی مستقل کامیاب نہیں ہوتی۔ دماغی علمی تحقیقات میں اس کو بہت دلچسپی اور کامیابی ہوتی ہے۔ کوئی کام بلا سوچے عمل نہیں دیتا۔ اس قسم کے لوگوں کو وہ آدمی زیادہ مدد دیتے ہیں جن کا ستارہ سورج اور برہسپت ہوتا ہے۔

### چندرماں کی ناقص اوستھا

جن لوگوں کی پیدائش کے وقت یہ ستارہ خراب ہوتا ہے ان کی طبیعت میں روکھا پن اور ہمدردی کا مادہ کم ہوتا ہے۔ ان کی طبیعت اپنے ہم جنسوں سے اُنس نہیں رکھتی۔ دوراندیشی اور غور و سوچ سے کام نہیں لیتا۔ جھوٹ دغا اور عیاشی ایسے شخص کا شیوہ ہوتا ہے۔ جادو اور تعویذات پر بہت اعتقاد رکھتا ہے۔ خیالی پلاؤ اور ہوائی قلعوں کی تعمیر بہت کرتا ہے مگر عمل کسی بات پر نہیں کرتا۔

## علم جیوتش و نجوم

### مریخ یعنی منگل

یہ ستارہ فوج پنجرہ کا مالک ہے مثل سپہ سالار اور افسر فوج کے مانا گیا ہے۔ زمین سے بہت چھوٹا ہے۔ سورج سے ۱۴ کروڑ ۲ لاکھ اور زمین سے ۲۷ کروڑ ۷۰ لاکھ میل دُور ہے ۱۸ ماہ میں بارہ راشیاں اور ۴۵ دن میں ایک راشی طے کرتا ہے۔ جسمانی طاقت کی خواہشات پر حکمران ہے

### منگل کی شبھ اوستھا

یہ ستارہ برج حمل و عقرب یعنی میکھ اور برچھک راشی کا مالک ہوتا ہے۔ جن آدمیوں کی پیدائش مہینہ کی ۹-۱۸-۲۷ تاریخ کو ہوتی ہے ان کا ستارہ بھی منگل ہوتا ہے جن لوگوں کی پیدائش کے وقت منگل بلوان ہوتا ہے اُن میں زندگی کی خاص قابلیت پائی جاتی ہے۔ ایسا آدمی بے خوف۔ حوصلہ مند اور وفادار۔ اپنی دُھن کا پکا اور مستقل مزاج ہوتا ہے۔ جھگڑے سے ہمیشہ بچتا ہے۔ لیکن جب کوئی اس کو خواہ مخواہ چھیڑے تو پھر بار بار اُس کو ٹکرا کر دم لیتا ہے زندگی کے جس شعبہ میں وہ کام کرتا ہے یہ اُس میں دُوسروں کی رہنمائی کا حصہ اختیار کرتا ہے۔ بڑا رئیس۔ اراضیات کا مالک اور سپہ سالار جرنل فوج افسر اور حکام امیر الامرا اور کارخانوں سے اس کا تعلق رکھتا ہے دوسروں کی نکتہ چینی انہیں پسند نہیں آتی۔ ہمیشہ اپنی رائے کو مقدم خیال کرتا ہے مزاج کا کڑا ہوتا ہے۔ جب کوئی بات اس کے قیاس و خیال اور ذاتی تجربہ پر خلاف ہو جائے تو رحم و ترس سے نہیں دیکھتا۔ سرخ رنگت مائل سفیدی اور ہمیشہ تر و تازہ اور خونی مزاج ہوتا ہے۔ ایسا شخص بہت مضبوط۔ طاقتور اور پکے ارادے کا انسان ہوتا ہے۔ وعدہ اور اقرار سے طبیعت کو نہیں پھیرتا۔ جنگ و جدل اور لڑائی فساد کے کاموں میں اس کا دل سخت ہوتا ہے جوش میں آنے کے بعد جلد ہی سبھاؤ بدل لیتا ہے۔ حکومت کرنے کا بہت شائق ہوتا ہے مقدمات میں کامیابی حاصل کرتا ہے۔ ملنسار اور معتدل اور دوستوں کی دل و جان سے مدد کرنے والا ہوتا ہے۔ آگ سے فائدہ اور پانی سے وہ نقصان اُٹھاتا ہے

### منگل کی ناقص اوستھا

یہ ستارہ جن شخصوں کا خراب حالت میں ہوتا ہے وہ آدمی نہایت غصیلا۔ متکبر جھگڑالو۔ زر پرست و عیاش ہوتا ہے۔ اس کی طبیعت ظلم جبر غضب و جوش میں جلد بھڑک اٹھتی ہے۔ زندگی میں کامیابی حاصل کرنے کے نہایت اچھے موقع کھو بیٹھتا ہے۔ امیدوں میں مایوسی اور دشمنوں کی طرف سے مخالفت ہوتی رہتی ہے جسمانی صحت بھی اکثر اچھی نہیں ہوتی۔ گرم مزاج ضرور اور الٹی عقل کا ہوتا ہے۔ کسی بات سے روکنے پر اس کیلئے ضد کرتا ہے

## بارہ راشیوں کے ماہواری حالات بابت ماہ ساون سمت ۲۰۲۷

**میکھ**: عورت کو تکلیف رنج و راحت مساوی۔ روپیہ پیسہ کا خرچ بڑھ جائیگا۔ امیدوں میں ناکامی۔ سفر پیش آئے۔ جس کام میں ہاتھ ڈالیں اس میں نقصان رہے گا۔ جولائی کی ۱ تا ۴-۹-۱۰-۱۸ تا ۱۹-۲۷ تا ۳۱ تاریخ ناقص رہے گی۔

**برکھ**: قسمت کا ستارہ کچھ ترقی کریگا۔ کاروبار میں فائدہ اور بہتری۔ راجدربار میں عزت۔ دشمنوں پر فتح۔ بعض بگڑے کام بھی راستی پر انجام دکھلائینگے۔ سفر پیش آئے گا۔ جولائی کی ۲ تا ۴-۱۱ تا ۱۴-۲۰-۲۲ تا ۲۶-۳۰-۳۱ تاریخ ناقص ہے۔

**متھن**: دشمن مغلوب۔ کاروبار میں فائدہ اور حکام وقت کی طرف سے عزت حاصل ہوگی۔ بعض بگڑے ہوئے کام بھی راستی پر انجام دکھلائینگے۔ عزیزوں کی طرف سے سکھ ملیگا۔ جولائی کی ۵-۶-۱۳ تا ۱۴-۲۳ تا ۲۶ تاریخ ناقص ہے۔

**کرک**: قسمت کا ستارہ کچھ ترقی کریگا۔ کاروبار میں فائدہ اور بہتری۔ راجدربار میں عزت ہو۔ دشمنوں پر فتح۔ بعض بگڑے کام بھی راستی پر انجام دکھلائینگے۔ سفر پیش آئیگا۔ ماہ جولائی کی ۷-۸-۱۱-۱۲-۱۵-۱۶-۲۵-۲۶ تاریخ ناقص رہے گی۔

**سنگھ**: کاروبار کی حالت کچھ خراب رہیگی۔ بعض رشتہ داروں سے بگاڑ۔ دشمنوں کی طرف سے کچھ فکر و اندیشہ رہیگا۔ صحت میں کچھ نقص واقع ہوگا۔ جلسہ روپیہ کا خرچ و نقصان بہت ہو جولائی کی ۱ تا ۴-۱۰-۱۳-۱۴-۲۷ تا ۳۰ تاریخ ناقص ہے۔

**کنیا**: دشمن مغلوب کاروبار میں فائدہ اور حکام وقت کی طرف سے عزت حاصل ہوگی۔ بعض بگڑے کام بھی راستی پر انجام دکھلائینگے۔ عزیزوں کی طرف سے راحت و سکھ ملیگا۔ جولائی کی ۲ تا ۸-۱۵-۱۶-۲۴ تا ۲۸-۳۰-۳۱ تاریخ ناقص ہے۔

**تلا**: کاروبار کی حالت کچھ نرم رہیگی۔ روپیہ پیسہ کا خرچ بڑھ جائیگا۔ امیدوں میں مایوسی و تفکر پیش آئے۔ کبھی کاروبار کے کام میں ہاتھ ڈالنے سے اس میں لابھ کم نقصان زیادہ۔ دشمن کی طرف سے فکر۔ جولائی کی ۵-۶-۱۳-۱۴-۲۰ تا ۲۴ تاریخ ناقص ہے۔

**برچھک**: انعام کو تکلیف۔ زیادہ عزیزوں سے رنجش۔ بعض امور خانہ داری میں کچھ ایسے خرچ اور رنجدہ واقعات پیش آئینگے جن کا گمان بھی نہ ہوگا۔ طبیعت منتشر پراگندہ۔ سفر پڑے۔ جولائی کی ۵ تا ۸-۱۰-۱۱-۱۲-۲۵-۲۶ تاریخ ناقص رہے گی۔

**دھن**: کاروبار کی حالت اچھی۔ بعض بگڑے کام بھی راستی پر انجام دکھلائیں گے۔ کسی عزیز کا دل آزار کوئی خوشخبری کا پیغام ہے۔ آمدنی بڑھ جائیگی۔ سفر پیش آئیگا۔ جولائی کی ۲-۳-۴-۱۱-۱۲-۲۰-۲۱-۲۲-۳۰-۳۱ تاریخ ناقص ہے۔

**مکر**: جس کام میں ہاتھ ڈالیں فائدہ رہیگا۔ بعض بگڑے کام بھی راستی پر انجام دکھلائیں گے۔ راجدربار میں عزت۔ اولاد کا سُکھ۔ کوئی خوشی کا کام پیش آئے۔ دشمنوں پر فتح حاصل ہوگی۔ جولائی کی ۲ تا ۴-۱۱-۱۲-۲۰ تا ۲۲-۳۰-۳۱ تاریخ ناقص ہے۔

**کنبھ**: آمدنی کم خرچ زیادہ جسم کو تکلیف۔ نقل و حرکت سے پریشانی اور فکر بہت رہے۔ امیدوں میں طبیعت اکثر مایوس ہو جائے۔ طبیعت میں تیزی اور غصہ و خوف۔ دشمن کا فکر و چنتا بہت ہے۔ جولائی کی ۴-۵-۱۳-۱۴-۲۰-۲۴ تاریخ ناقص ہے۔

**مین**: کاروبار میں کچھ رکاوٹ۔ راجدربار کا سفر پیش آئے۔ مالی معاملات اور دنیاوی کاموں میں کچھ مایوسی۔ روپیہ کا خرچ زیادہ۔ جسم کو تکلیف خوف۔ دشمن سے نقصان و کشٹ۔ جولائی کی ۷-۸-۱۵-۱۶-۱۷-۲۵-۲۶ تاریخ ناقص ہے۔

## بارہ راشیوں کے ماہواری حالات بابت ماہ بھادوں سمت ۲۰۲۷

**میکھ**: راجدربار سے عزت و ترقی حاصل ہو۔ دشمن مغلوب رہیں گے۔ کوئی بگڑا ہوا کام بھی راستی پر آئیگا روپیہ پیسہ کی آمدن کاروبار میں ترقی۔ کسی عزیز کی ملاقات سے خوشی۔ سفر پڑے۔ اگست کی ۵-۶-۱۴-۱۵-۲۴ تا ۲۷ تاریخ ناقص ہے۔

**برکھ**: کاروبار میں رکاوٹ الجھن۔ سفر پیش آئے۔ بعض مالی معاملات اور دنیاوی کاروبار میں کچھ مایوسی۔ روپیہ کا خرچ زیادہ جسم کو تکلیف خوف۔ دشمن۔ دھن کے نقصان کا اندیشہ۔ اگست کی ۲ تا ۶-۱۱-۱۴ تا ۱۸-۲۶-۲۷ تاریخ ناقص ہے۔

**متھن**: بعض دنیاوی معاملات میں کچھ ایسی مشکلات اور رکاوٹیں پیش آئینگی جس سے دل کو رنج و فکر بہت رہیگا۔ کسی شخص کے اعتبار میں روپیہ کا نقصان اُٹھائیں۔ صحت خراب۔ اگست کی ۹ تا ۱۱-۱۹ تا ۲۳-۲۸-۲۹ تاریخ ناقص ہے۔

**کرک**: جس کام میں ہاتھ ڈالیں گے فائدہ اور راستی سے سرانجام رہیگا۔ کسی عزیز کی ملاقات سے خوشی۔ روپیہ پیسہ کی آمدن اچھی رہیگی۔ راجدربار سے عزت بلندی مرتبہ۔ کاروبار کشادہ۔ دشمن مغلوب۔ اگست کی ۷ تا ۹-۱۲-۱۳-۲۱ تا ۲۳-۳۰-۳۱ تاریخ ناقص ہے۔

**سنگھ**: دشمن مغلوب۔ کاروبار میں ترقی۔ سفر سے فائدہ اور کسی عزیز کی ملاقات سے خوشی حاصل ہوگی۔ بعض بگڑے کام بھی راستی پر انجام دکھلائینگے۔ عزت اور اولاد کی طرف سے سکھ ملیگا۔ اگست کی ۵-۴-۱۲ تا ۱۵-۱۹-۲۰-۲۴-۲۵ تاریخ ناقص ہے۔

**کنیا**: کاروبار میں کچھ بہتری اور فائدہ۔ دشمن مغلوب مایوس۔ امیدوں میں کامیابی حاصل ہوگی۔ آمدن و عزت اور مراتب میں ترقی اور کوئی خوشی کا کام بھی ہو۔ سفر پیش آئے۔ اگست کی ۳-۴ تا ۷-۹-۱۶ تا ۱۸-۲۶-۲۷-۳۰-۳۱ تاریخ ناقص ہے۔

**تلا**: رنج و راحت مساوی۔ بعض امورات دنیاوی کی طرف سے کچھ فکر و تشویش لگ جائے۔ آمدن کم خرچ زیادہ۔ عزیزوں کی طرف سے فکر۔ امیدوں میں کچھ مایوسی۔ سفر پیش آئے۔ اگست کی ۱-۲-۹ تا ۱۱-۱۴-۲۰ تا ۲۸-۳۰ تاریخ ناقص ہے۔

**برچھک**: دشمن مغلوب۔ کاروبار میں فائدہ۔ کام وقت کی طرف سے عزت حاصل ہوگی۔ بعض بگڑے کام بھی راستی پر انجام دکھلائیں گے۔ عزیزوں کی طرف سے راحت اور سکھ ملے۔ اگست کی ۱-۲-۱۲-۱۳-۲۱ تا ۲۳-۲۹-۳۰ تاریخ ناقص ہے۔

**دھن**: کاروبار میں خسارہ۔ آمدن کم اخراجات زیادہ۔ نقل و حرکت سے پریشانی اور فکر زیادہ۔ کوئی اچانک سفر پڑے۔ عورت کو تکلیف ہو۔ امیدوں میں مایوسی اور چنتا بہت رہے گی۔ اگست کی ۵-۶-۱۴-۱۵-۲۴-۲۵ تاریخ ناقص رہے گی۔

**مکر**: کاروبار میں فائدہ۔ مرتبہ میں ترقی۔ اولاد کی طرف سے خوشی حاصل ہوگی۔ دشمن مغلوب رہیں گے۔ کوئی بگڑا کام بھی راستی پر آ جائے۔ آمدن و عزت بڑھ جائے۔ سفر پڑے۔ اگست کی ۷ تا ۹-۱۶ تا ۱۸-۲۶-۲۷ تاریخ ناقص ہے۔

**کنبھ**: سفر پیش آئیگا۔ کاروبار کی حالت کچھ مدھم۔ کسی عزیز کی ملاقات سے کوئی خوشخبری کا پیغام ملے۔ بعض بگڑے کام بھی کچھ راستی پر انجام دکھلائیں۔ سنتان کو کشٹ۔ خرچ زیادہ۔ اگست کی ۱-۲-۹ تا ۱۱-۱۶ تا ۲۰-۲۸ تا ۳۰ تاریخ ناقص ہے۔

**مین**: کاروبار میں کشمکش اور بہتری۔ کسی معاملہ میں کوئی خوشخبری کا پیغام ملے گا۔ بعض بگڑے کام بھی راستی پر انجام دکھلائینگے۔ راجدربار سے فائدہ اور عزت۔ دشمنوں پر فتح حاصل ہوگی۔ اگست کی ۳-۴-۱۲-۱۳-۲۱ تا ۲۳-۳۰-۳۱ تاریخ ناقص ہے۔

## علم جیوتش و نجوم

### عطارد یعنی بُدھ

یہ ستارہ عقل ذہنی سمجھ وچار علم اور ترقی سے منسوب ہے۔ دوسرے آسمان کا مالک ہے۔ کرہ زمین سے ۱۳ کروڑ ۵۰ لاکھ ۸۵ ہزار میل کی دوری پر واقع ہے سورج سے ۳ کروڑ ۶۰ لاکھ ۴۱ ہزار میل ہے۔ ۱۲ برجوں کو ۳۶۰ دن میں طے کرتا ہے۔ ۳۰ دن میں ایک راس میں پڑا رہتا ہے۔ رفتار ۳۵ میل فی سکنڈ ہے

### بُدھ کی شبھ اوستھا

یہ ستارہ برج جوزا اور سنبلہ یعنی متھن اور کنیا راس کا مالک ہے۔ جن لوگوں کی پیدائش کسی انگریزی مہینہ کی ۵-۱۴-۲۳ تاریخ کے دن ہوتی ہے ان کا ستارہ بھی بُدھ ہوتا ہے۔ جن لوگوں کی پیدائش کے وقت یہ بلوان ہوتا ہے وہ شخص دنیاوی ضرورت میں بہت عقل۔ دُور اندیشی اور حکمت عملی سے کام لیتا ہے۔ سنجیدگی اور دانائی کی رغبت اور ہنرمندی اور تجارت کی علامات اس میں زیادہ پائی جاتی ہیں۔ بیوپاری سوداگر اور اہل قلم علاوہ خوشنویسی مصوری اور مکتب و دیوان خانوں سے اس کا تعلق رکھتا ہے۔ سامی قسم کے آدمی ہر شے زمین کے کاموں میں زیادہ حصہ لیتے ہیں۔ بڑا حافظ۔ حسین۔ میانہ قد میانہ گول رنگت۔ سڈول بدن۔ گنت ریاضی کے کاموں میں ماہر۔ سرلشٹ بدھی جو کہ نہایت مشکل بات کو جلد سمجھنے والا۔ نکتہ دان۔ احسن الرائے اور علم الرائے۔ علم و ہنر اور لکھنے پڑھنے کے کاموں میں بڑا ہوشیار اور عقلمند ہوتا ہے۔ عالم فاضل منشی۔ صابر مزاج اور با تدبیر ہوتا ہے حکیم اور منجم ہیئت دان لوگوں سے اس کو واسطہ اور تعلق ہے۔ بڑا انگ پرور حلیم مزاج اور سچی ہنرمندی اور دستکاری کا شائق اور سنجیدہ کاموں کے حل کرنے میں اس کا دماغ خاص طور پر کام کرنے والا ہوتا ہے مصوری۔ تصنیفات اور آرٹ وغیرہ کے کاموں میں ان کی بہت دلچسپی پائی گئی ہے جس کام کو وہ ہاتھ میں لیتا ہے۔ بڑی سنجیدگی اور غور و فکر سے اس کو انجام دیتا ہے سادگی سے خوش رہتا ہے۔ رہائش اس کی اندھیرے میں اچھی معلوم نہیں دیتی۔ ان لوگوں کو وہ آدمی زیادہ مدد دیتے ہیں جن کا ستارہ پیدائش کے وقت سورج اور سنیچر ہوتا ہے

### بُدھ کی ناقص تاثیر

یہ ستارہ جن لوگوں کی پیدائش کے وقت بلوان نہیں ہوتا وہ آدمی بد دیانت فریبی اور دھوکا باز ہوتا ہے۔ وہ ہمیشہ اپنی تجاویز بدلتا رہتا ہے اس کا کسی کاروبار میں ذاتی مطلب پایا جائے تو اس صورت میں وہ بہت دُور اندیشی اور عقل کا ثبوت دیتا ہے۔ حکمت عملی سے کام لینے سے خاص ملکہ حاصل ہوتا ہے۔ ایک لمحہ میں وہ اخلاق اور محبت سے پیش آتا ہے دوسرے لمحہ میں دشمنی پر آمادہ ہو جاتا ہے۔ متلون مزاج۔ بے ہودہ بولنے والے انسان سے نفرت کرنے والا ہوتا ہے

# علم جیوتش و نجوم

## مشتری یعنی برہسپت

یہ ستارہ چھٹے آسمان کا مالک ہے یعنی حاکم بصاحب تدبیر مانا گیا ہے۔ کُرہ زمین سے ۵۶ کروڑ ۲۰ لاکھ میل دور ہے سورج سے ۴۸ کروڑ میل کے فاصلہ پر ہے۔ بارہ ماہ میں ایک برج اور ۱۲ سال میں ۱۲ برجوں کا دورہ ۔۔۔ طے ۔۔۔ کرتا ہے۔

## برہسپت کی شبھ اوستھا

یہ ستارہ برج قوس اور حوت یعنی دھن اور مین راس کا مالک ہوتا ہے جن شخصوں کی پیدائش کسی انگریزی مہینہ کی ۳-۱۲-۲۱-۳۰ تاریخ کو ہوتی ہے ان کا ستارہ بھی برہسپت ہوتا ہے۔ جن لوگوں کی پیدائش کے وقت یہ ستارہ بلوان ہوتا ہے وہ متحمل بُردبار فیاض سنجیدہ ذی وقار مزاج، حکومت و اقتدار کا خواہاں اور دوسروں کے دلوں کو فتح کرکے حکومت کرنے کی پیدائشی قابلیت کا مالک ہوتا ہے۔ اس کو مثل مصاحب، عالم، فاضل، زاہد، عابد، عامل، خزانچی اور صاحب اعتبار، عابد، منشی اور منشی صاحب تدبیر اور عاقل با اختیار لوگوں سے تعلق رکھتا ہے۔ دنیاوی شہرت، نیکنامی اور راحت اطمینان سے زندگی بسر کرتا ہے۔ بڑا دانشمند، دوربین، حکمت عملی اور بے نظیر دماغ قابلیت اور خداداد کا مالک ہوتا ہے۔ وہ شخص اپنی گفتگو اور ذات پر خاص کر لکھتا ہے۔ مکر و فریب اور جھوٹ سے نفرت، ظالم کی مخالفت اور مظلوموں کی حمایت اس کی طبیعت میں خاص جوش پیدا کرنے والی ہوتی ہے۔ لذیذ غذاؤں کا خواہشمند۔ مذہب کا شیدا اور عزیز و احباب سے محبت اور نیک سلوک کرنے کا بہت خواہشمند ہوتا ہے۔ لذیذ تر میں زیادہ عرصہ نہیں ٹھہرتا۔ بلکہ ہمیشہ چھپنے والی جگہ یہاں کی رہائش پائی جاتی ہے۔ ہمیشہ خوش و خرم اور ٹھیک راستہ پر چلنے کی کوشش کرتا ہے۔ اپنی مرضی سے چلتے ہوئے کام میں عموماً کامیابی ہوتی ہے۔ دوسروں کی مدد کے لئے ہر وقت مستعد رہتا ہے۔ دھوکہ فریب یا جھوٹ بولنا پسند نہیں کرتا جس کے ساتھ محبت کرتا ہے اس کو ہمیشہ مشکل میں ساتھ دیتا ہے بزرگوں اور ذی عزت لوگوں کے ساتھ ایسے لوگوں کی ملاقات بہت پائی جاتی ہے۔

## برہسپت کی ناقص اوستھا

یہ ستارہ جن لوگوں کی پیدائش کے وقت ناقص ہوتا ہے ان پر اس کی تاثیر ناخوبیوں پر پائی ہے۔ پھیرو پنی کے سال میں خود غرض ظالم اور بیرحم ہونے کا غلبہ ہوتا ہے۔ ان کے خیالات خود غرضی اور جہالت کی علامتوں سے بہت خراب ہوتے ہیں [illegible] یہ شخص مذہبی معاملات سے بالکل بے پرواہ [illegible] اور بے غرض آداب اور طرز گفتگو سے بہت کم شخص ہوتا ہے کاہل اور مرحوم [illegible] اور باطن کچھ خیالات کو ترغیب دیتا ہے۔

# بارہ راشیوں کے ماہواری حالات بابت ماہ اسوج سمت ۲۰۰۷

### میکھ
کاروبار کی حالت اچھی رہے گی۔ بعض بگڑے ہوئے کام بھی راستی پر انجام دکھلائیں گے کسی عزیز کی ملاقات سے کوئی خوشخبری کا پیغام ملیگا آمدن عزت بڑھ جائیگی۔ سفر پڑے۔ ستمبر کی ۲-۳-۱۰ تا ۱۲-۲۰ تا ۲۴-۲۹-۳۰ تاریخ ناقص ہے۔

### برکھ
دشمن مغلوب رہیں گے۔ کاروبار میں فائدہ اور حکام وقت کی طرف سے عزت حاصل ہوگی۔ بعض بگڑے ہوئے کام بھی راستی پر انجام دکھلائینگے عزیزوں سے سکھ ملے ستمبر کی ۴ تا ۷-۱۳-۱۴-۲۲ تا ۲۴ تاریخ ناقص ہے۔

### متھن
راجدربار سے عزت دھن کا لابھ روزگار میں بہتری۔ دشمن مغلوب رہیں گے۔ کوئی بگڑا ہوا کام بھی راستی پر آجائے۔ اولاد کی طرف سے خوشی حاصل ہوگی۔ سفر پیش آئے ستمبر کی ۶-۷-۱۰ تا ۱۹-۲۷-۲۸ تاریخ ناقص ہے

### کرک
سفر پیش آئے۔ کاروبار کی حالت کچھ بہتر اور کسی عزیز کی ملاقات سے کوئی خوشخبری کا پیغام ملیگا۔ آمدن عزت بڑھ جائے گی سفر پیش آئے گا۔ ستمبر کی ۴-۵-۸-۹-۱۸-۱۹-۲۷-۲۸ تاریخ ناقص ہے۔

### سنگھ
روپیہ پیسہ کی آمدن کم خرچ زیادہ اور بعض کاموں میں عزت کی طرف سے کچھ خطرہ ہو جائے گا حکام وقت کی طرف سے کچھ رنجش۔ عزیزوں سے بگاڑ۔ خوف دشمن۔ عورت بیمار۔ ستمبر کی ۲-۷-۱۰ تا ۱۲-۱۵ تا ۱۷-۲۰/۲۱-۲۹ تاریخ ناقص ہے۔

### کنیا
ابتدائی حالت کچھ سست۔ عزت میں [illegible] کسی جگہ سے کوئی جھوٹا الزام لگنے کا اندیشہ [illegible] کچھ نقص ہو۔ مالی خرچ زیادہ۔ عورت سے کچھ رنجش۔ امیدوں میں مایوسی۔ ستمبر کی ۱-۴-۵-۱۳/۱۴-۲۲ تا ۲۴-۲۷-۲۸ تاریخ ناقص ہے

### تلا
دشمن مغلوب رہیں گے۔ کاروبار میں ترقی۔ سفر سے فائدہ اور کسی عزیز کی ملاقات سے خوشی حاصل ہوگی بعض بگڑے ہوئے کام بھی راستی پر انجام دکھلائینگے۔ اولاد کا سکھ ملے ستمبر کی ۶-۷-۱۳ تا ۱۷-۲۵-۲۶ تاریخ ناقص ہے

### برسچک
کاروبار کی حالت معتدل رہے گی بعض امورات دنیاوی کے متعلق فکر و تشویش سوچ و بچار میں وقت بہت گزر جائے۔ عورت کی طرف سے طبیعت رنجیدہ و بیقرار۔ سفر پر ہے۔ ستمبر کی ۱-۸-۹-۱۸-۱۹-۲۲ تا ۲۶ تاریخ ناقص ہے۔

### دھن
دشمن مغلوب رہیں گے کاروبار میں ترقی سفر سے فائدہ۔ کسی عزیز کی ملاقات سے خوشی بعض بگڑے کام بھی راستی پر انجام دکھلائینگے۔ عزیز اور اولاد کی طرف سے سکھ ملے۔ ستمبر کی ۲-۳-۱۰-۱۱-۱۲-۲۰-۲۱-۲۹/۳۰ تاریخ ناقص ہے

### مکر
طبیعت میں رنج اور غصہ زیادہ رہیگا سفر پیش آئیگا صحت جسمانی میں کچھ بگاڑ۔ کسی عزیز کی جدائی سے دل کو رنج پہنچے گا بعض مالی معاملات اور کاروبار میں کچھ نقصان ہو ستمبر کی ۴-۵-۱۳-۱۴-۲۲ تا ۲۴ تاریخ ناقص ہے

### کنبھ
کاروبار میں ترقی و لابھ اور دشمن مغلوب رہیں گے راجدربار سے عزت۔ اور کسی عزیز کی ملاقات سے خوشی حاصل ہوگی۔ بعض بگڑے کام بھی راستی پر انجام دکھلائینگے۔ سفر پڑے ستمبر کی ۶-۷-۱۳ تا ۱۷-۲۵-۲۶ تاریخ ناقص ہے

### مین
آمدن کم اور خرچ زیادہ رہے گا۔ بعض مالی معاملات اور دنیاداری کا معیار میں کچھ ایسے اخراجات پیش آئیں گے جن کا گمان بھی نہ ہوگا طبیعت میں مایوسی و پریشانی۔ سفر پیش آئے۔ ستمبر کی ۱-۳-۹-۱۰-۱۸-۱۹-۲۷-۲۸ تاریخ ناقص ہے

# بارہ راشیوں کے ماہواری حالات بابت ماہ کارتک سمت ۲۰۰۷

### میکھ
بعض دنیاوی معاملات میں کچھ ایسے اتفاقات پیش آئیں گے جن میں روپیہ کا خرچ و نقصان بہت رہے گا۔ کاروبار کی حالت کچھ مدھم۔ طبیعت مایوس۔ سفر پیش آئے۔ اکتوبر کی ۸-۹-۱۷ تا ۲۱ اور ۲۶-۲۷ تاریخ ناقص ہے۔

### برکھ
جس کام میں ہاتھ ڈالیں گے فائدہ اور راستی سے سرانجام ہوگا۔ کسی عزیز کی ملاقات سے خوشی۔ روپیہ پیسہ کی آمدن اچھی راجدربار سے عزت۔ بلندی مرتبہ۔ دشمن مغلوب۔ اکتوبر کی ۱-۴-۱۰/۱۱-۲۰/۲۱-۲۸/۲۹-۳۰ تاریخ ناقص ہے

### متھن
جسم کو تکلیف آمدن کم۔ روپیہ پیسہ کا خرچ نقصان زیادہ۔ امیدوں میں اکثر طبیعت مایوس و پریشان۔ دشمن کی طرف سے فکر۔ عزیزوں سے بگاڑ۔ نقل و حرکت زیادہ۔ اکتوبر کی ۲-۳-۱۲ تا ۱۶-۲۲-۲۳-۳۰-۳۱ تاریخ ناقص ہے

### کرک
کاروبار میں ترقی و لابھ۔ راجدربار سے عزت۔ دشمن مغلوب۔ مایوس امیدوں میں کامیابی ملے گی۔ عزت آمدن اور مراتب میں ترقی۔ کسی عزیز کی ملاقات سے خوشی حاصل ہوگی۔ اکتوبر کی ۱-۳-۵-۶-۱۵-۱۶-۲۴-۲۵-۲۸-۲۹ تا ۳۰ تاریخ خراب ہے

### سنگھ
روزگار میں بہتری اور فائدہ۔ دشمن مغلوب۔ مایوس امیدوں میں کامیابی۔ آمدن، عزت اور مراتب میں ترقی۔ کوئی خوشی آئے [illegible] کا کام بھی بن جائے۔ اکتوبر کی ۸-۹-۱۲-۱۳-۱۴-۱۷-۱۸-۱۹-۲۶-۲۷ تاریخ ناقص ہے

### کنیا
آمدن کی حالت اچھی فائدہ ہوتا رہے گا بعض بگڑے کام بھی راستی پر انجام دکھلائیں گے دشمنوں کے مقابلہ میں فتح و کامیابی حاصل ہوگی کسی خوشی کا کام بھی پیش آئیگا۔ اکتوبر کی ۱-۲-۱۰-۱۱-۲۰-۲۱-۲۴-۲۵-۲۸-۲۹ تا ۳۱ تاریخ ناقص ہے۔

### تلا
عورت کو کچھ تکلیف طبیعت متفکر رہے گی کوئی بنا بنایا کام بھی ہاتھ سے بگڑ جائے۔ روپیہ پیسہ کا خرچ و نقصان۔ عزیزوں سے رنجش خوف۔ دشمن نقل و حرکت اور سوچ و بچار میں وقت بہت گزریگا۔ اکتوبر کی ۳-۴-۱۰ تا ۱۴-۲۲/۲۳-۳۰/۳۱ تاریخ ناقص ہے

### برسچک
راجدربار سے عزت دھن لابھ۔ دشمن مغلوب۔ کوئی بگڑا کام بھی راستی پر آجائے۔ آمدن اچھی کاروبار میں رونق۔ روپیہ پیسہ کی کمی۔ عزیز و دوست کی ملاقات سے خوشخبری ملے گی۔ اکتوبر کی ۵-۷-۱۵/۱۶-۲۲ تا ۲۵ تاریخ ناقص ہے۔

### دھن
کاروبار کی حالت اوسط درجہ پر رہے گی امیدوں میں کچھ مایوسی۔ مالی معاملات اور دفینہ کی کاروبار میں نفع آرام کم سنتان کی طرف سے [illegible] سفر پیش آئے۔ کچھ اخراجات پیش آئینگے۔ اکتوبر کی ۸-۹-۱۷ تا ۱۹-۲۴-۲۶ تاریخ ناقص ہے

### مکر
آرام کم تکلیف زیادہ۔ عزیزوں سے رنجش۔ بعض امور خانہ داری میں کچھ ایسے رنجیدہ اور نقصان دہ واقعات پیش آئیں گے جن کا وہم و گمان بھی نہ ہوگا۔ طبیعت متفکر۔ سفر پڑے۔ اکتوبر کی ۱-۲-۱۰ تا [illegible] ۲۰-۲۸ تا ۳۰ تاریخ ناقص ہے۔

### کنبھ
سفر پیش آئے آمدن کم خرچ زیادہ کسی دشمن کی طرف سے فکر۔ راجدربار کے متعلق کوئی جھگڑا درپیش رہے۔ طبیعت متفکر و پریشان۔ دنیاوی کاروبار۔ مالی معاملات میں نقصان عورت کو کشٹ۔ اکتوبر کی ۳-۴-۱۰ تا ۱۴-۲۲-۲۳-۳۰-۳۱ تاریخ ناقص ہے

### مین
روزگار میں ترقی مرتبہ میں بلندی۔ اولاد کی طرف سے خوشی۔ دشمن مغلوب۔ کوئی بگڑا کام راستی پر آجائے۔ آمدن و عزت بڑھ جائے۔ کسی قدر سفر پیش آئے۔ اکتوبر کی ۵-۶-۷-۱۵-۱۶-۲۴-۲۵ تاریخ ناقص ہے

# علم جیوتش و نجوم

## زہرہ یعنی شکر

یہ ستارہ تیسرے آسمان کا مالک ہے۔ نظام شمسی میں سب سے زیادہ خوبصورت ہے اس کا فاصلہ زمین سے ۶ کروڑ ۲۷ لاکھ میل ہے اور سورج سے ۴ کروڑ ۵۶ لاکھ میل دور ہے۔ ۲۷ دن میں ایک راس اور ۳۶۵ دن میں ۱۲ برجوں کو طے کرتا ہے۔ اس کو قدرت کی شکلوں اور نقشوں پر [illegible] پیدا کرتا ہے۔

## شکر کی شبھ اوستھا

یہ ستارہ برکھ اور تلا راس کا مالک ہوتا ہے جس شخص کی پیدائش انگریزی مہینہ کی ۶-۱۵-۲۴ تاریخ کو ہوتی ہے ان کا ستارہ بھی شکر ہوتا ہے جن لوگوں کی پیدائش کے وقت یہ ستارہ بلوان اور طاقتور ہوتا ہے وہ شخص عام طور پر بڑے وفادار محبت کرنے والے۔ رحمدل اور خوش مزاج ہوتے ہیں۔ اسی کی تاثیر سے اس کا قوی حالت میں واقع ہونا مرد و عورت کی باہمی محبت کا نشان پایا گیا ہے عشق و محبت کی طرف ان کی بہت رغبت ہوتی ہے۔ لباس عمدہ۔ گویا رنگین حسن و اخلاق سے پُر ہوتا ہے لڑائی جھگڑے سے دور بھاگتا ہے۔ زندگی کو خوشی و راحت میں گزارنے کا خواہشمند ہوتا ہے۔ اسکو جوہری سوداگر اور ارباب نشاط اور خوبصورت عورتوں سے بہت تعلق رکھتا ہے اس کی گھریلو زندگی بالعموم خوشگوار ہوتی ہے خود غرض بالکل نہیں ہوتا۔ عورت اور اولاد کا بہت خواہشمند ہوتا ہے۔ زندگی کو عیش و عشرت میں خاص حصہ دیتا ہے جس شکل و صورت میں ہو اس میں اپنی کاریگری اور شکل کا پورا پارٹ ادا کرتا ہے۔ خوبصورتی و محبت اس کا نشان ہے جو اچھی چیز زمین کے اندر پیدا ہوتی ہے اُس پر اس کا پیدائشی حق ہے۔ مصوری اور آرٹ وغیرہ کے کاموں میں اس کو خاص محبت ہوتی ہے گرم چیزوں کے استعمال اور اعلیٰ خوراک اور عمدہ کپڑوں کو پسند کرتا ہے۔ جن لوگوں کا یہ شکر ہو ان کو اکثر دردِ گردہ اور کھانسی کی شکایت عام رہتی ہے

## شکر کی ناقص اوستھا

جن لوگوں کی پیدائش کے وقت یہ ستارہ ناقص ہوتا ہے وہ آدمی عیاش اور آوارہ مزاج ہوتا ہے وہ عشق کی لہر میں اپنی عزت تباہ کر دیتا ہے۔ بڑا خود غرض اور کم عقل ہوتا ہے بیدردی خود غرض پرستی اور بدمزاجی کی علامت اس میں خاص حصہ لیتی ہے۔ اس میں خوبصورتی اور لطافت کا احساس کسی پہلو میں نہیں ہوتا۔ ان کی عادت میں جوانی عنصر [illegible] غالب ہو جاتا ہے معقولیت سے کام نہیں لیتا عورت سے غیر محبت رکھنے والا ہوتا ہے۔ بے اعتبار، کاہل اور بدکار لوگوں کی صحبت میں میل جول زیادہ رکھتا ہے۔ اگر کوئی اس کی مخالفت کرے تو سخت جوش اور غضب کا اظہار کرتا ہے۔ اس کی طبیعت محبت کے نام سے آشنا اور نفس پرست ہوتی ہے۔

## علم جیوتش و نجوم

### زحل یعنی سنیچر

یہ ستارہ مالک ہفتم ہے۔ زمین سے ۷۴۰ گنا بڑا ہے اور زمین سے ۷۸ کروڑ ۵۲ لاکھ میل کے فاصلہ پر واقع ہے۔ سورج سے ۸۷ کروڑ ۳ لاکھ میل ہے۔ ایک سیکنڈ میں ۶ سو میل چلتا ہے۔ ڈیڑھ دن میں اپنے اصلی محور پر گھوم جاتا ہے۔ ۲½ سال میں ایک راس۔ تیس سال میں بارہ راشیوں کا دورہ طے کرتا ہے۔ دنیاوی مشکلات اور تکلیفوں میں ناقص اور تکلیف دہ سمجھا گیا ہے۔

### سنیچر کی شبھ اوستھا

یہ ستارہ برج جدی اور دلو یعنی مکر اور کنبھ راس کا مالک ہوتا ہے جس شخص کی پیدائش کسی انگریزی مہینہ کی ۸-۱۷-۲۶ تاریخ کو ہوتی ہے اس کا ستارہ بھی شنی ہوتا ہے۔ اس کا انسانی قسمت پر بڑا بھاری اثر ہوتا ہے جو قسمت کی حالت کو بالکل پلٹ دیتا ہے جس شخص کے زائچہ میں یہ ستارہ بلوان ہوتا ہے وہ شخص ترقی اور کامیابی و مرتبہ بہت جلد حاصل کر لیتا ہے اس کو مثل چودھری و پنچ اور تعلقہ دار اور رئیس و مالک اراضیات اور منتظم صاحب خزانہ اور جاگیرات سے تعلق رکھتا ہے بڑا دیانتدار اور دور اندیش ہوتا ہے۔ اس میں انتہائی آزادی اور زیادہ پبلک کی طرف رغبت پائی جاتی ہے۔ وہ خاموشی کو گفتگو کو زیادہ پسند کرتا ہے۔ زیادہ بولنے والوں سے اس کو نفرت ہوتی ہے سود شخص بہت سمجھدار اور معمولی بات کو دل میں زیادہ محسوس کرنے والا ہوتا ہے کسی کام میں دخل نہیں دیتا۔ بڑا سنجیدہ دلائل اور بھید پایا پوشیدہ اور خاموش رہنے والا ہوتا ہے سوسائٹی اور مجلس کو زیادہ پسند نہیں کرتا۔ زمینی کاموں میں ماہر حساب دان۔ مذہبی خیالات اور غصیلا مستقل مزاج ہوتا ہے۔ وفادار بھی بہت ہوتا ہے۔ یہ شخص ارادے کا پکا اور اپنے آپ پر بھروسہ رکھنے والا ہوتا ہے۔ اگر کوئی شخص اس کے برخلاف کوئی کارروائی کرے تو وہ اس کے دل پر جلد غصہ اور ناراضی کا اظہار نہیں کرتا۔ دنیا کے کاموں میں اپنے وقت کو لکھنے پڑھنے میں زیادہ حصہ دیتا ہے۔ بدکلامی سے دور بھاگتا ہے۔ زراعت اور دیہات کی بود و باش کی طرف زیادہ رغبت ہوتی ہے۔ گرمی ان کی صحت کے لئے اچھی اور سردی بہت مضر ہوتی ہے۔

### سنیچر کی ناقص اوستھا

یہ ستارہ جس زائچہ میں ناقص ہو تب اس کی زندگی ہمیشہ غم و فکر اور موت کے خطرہ میں پڑی رہتی ہے۔ یہ آدمی غمزدہ طبیعت اور بہت دھرمی ہوتا ہے۔ اس کا میلان خودکشی کی طرف پایا جاتا ہے۔ اس کے افعال یا خیالات پر نکتہ چینی کی جائے تو برداشت نہیں کر سکتا۔ بدحسن۔ زاہد۔ بے علم پیشہ مزدوری۔ مفت خور۔ جاہل۔ بخیل۔ بدخواہ اور کمینے خیالات کا اظہار کرتا ہے۔ ہمیشہ اس کو تنہائی پسند ہوتی ہے۔

## بارہ راشیوں کے ماہواری حالات بابت ماہ مگھر سمت ۲۰۲۷

| | | |
|---|---|---|
| **میکھ** — کاروبار میں فائدہ مرتبہ میں ترقی۔ اولاد کی طرف سے خوشی حاصل ہوگی۔ دشمن مغلوب رہیں گے۔ کوئی بگڑا ہوا کام راستی پر آجائے۔ آمدن اور عزت بڑھ جائیگی۔ نومبر کی ۴-۵-۱۴-۱۵-۱۶-۱۷-۲۳-۲۴ تاریخ ناقص رہے گی۔ | **برکھ** — طبیعت ایک حال پر نہیں رہے گی بعض دنیاوی معاملات میں کچھ رنجش۔ عزیزوں سے بگاڑ اور دشمن کی طرف سے فکر۔ کاروبار کی حالت سست اور قرضہ جات کے معاملات میں کچھ بگاڑ۔ نومبر کی ۱ تا ۸- ۱۶/۱۷- ۲۰ تا ۲۸ تاریخ ناقص ہے | **متھن** — دشمن مغلوب رہیں گے۔ کسی معاملہ میں کوئی خوشخبری کا پیغام بھی ملیگا۔ راج دربار میں عزت اور کاروبار میں زیادہ [illegible] وقت کی طرف سے خوشی۔ سفر پیش آئیگا۔ نومبر کی ۱-۹ تا ۱۲- ۱۸ تا ۲۰- ۲۷- ۲۸- ۲۹ تاریخ ناقص ہے۔ |
| **کرک** — رنج و راحت مساوی بعض امورات دنیاوی کی طرف سے کچھ فکر اور تشویش لگ جائے۔ آمدن کم خرچ زیادہ۔ عزیزوں کی طرف سے فکر۔ امیدوں میں کچھ مایوسی میسر پڑیگا۔ نومبر کی ۲/۳- ۱۱ تا ۱۳- ۲۰ تا ۲۲- ۲۵/۲۶- ۲۹/۳۰ تاریخ ناقص | **سنگھ** — بہت منتشر اور خیالات پراگندہ رہیں گے۔ دنیاوی امورات کے متعلق لڑائی جھگڑوں میں وقت زیادہ صرف ہو۔ جسم کو کچھ تکلیف۔ کاروبار کی حالت مدھم۔ دشمن کی طرف سے فکر رہیگا۔ نومبر کی ۴/۵- ۹/۱۰- ۱۴/۱۵- ۲۳/۲۴ تاریخ ناقص ہے۔ | **کنیا** — راج دربار سے عزت۔ دھن لابھ۔ کاروبار میں بہتری۔ دشمن مغلوب رہیں گے۔ کوئی بگڑا کام بھی راستی پر آجائے۔ اولاد کی طرف سے خوشی حاصل ہوگی۔ سفر پیش آئیگا۔ نومبر کی ۲ تا ۴- ۱۶ تا ۱۷- ۲۱- ۲۵- ۲۶- ۲۷ تاریخ ناقص ہے |
| **تلا** — کاروبار میں کشمکش اور بہتری۔ کوئی خوشخبری کا پیغام ملیگا بعض بگڑے کام بھی راستی پر انجام دکھلائیں گے۔ راج دربار سے فائدہ اور عزت۔ دشمنوں پر فتح حاصل ہوگی۔ نومبر کی ۱-۲ تا ۱۰- ۱۸ تا ۲۰- ۲۷- ۲۸ تاریخ ناقص ہے | **برسچک** — آرام کم تکلیف زیادہ۔ عزیزوں سے رنجش اور روپیہ پیسہ کے ضائع اور نقصان ہونے کا اندیشہ بہت رہیگا۔ کاروبار کی حالت مدھم۔ دشمنوں سے تکلیف۔ آمدن کم خرچ زیادہ۔ نومبر کی ۳- ۱۱ تا ۱۳- ۲۲ تا ۲۴- ۲۹/۳۰ تاریخ ناقص ہے | **دھن** — کاروبار کی حالت اچھی رہیگی بعض بگڑے کام بھی راستی پر انجام دکھلائیں گے۔ کسی عزیز کی ملاقات سے کوئی خوشخبری کا پیغام ملے۔ آمدن اور عزت بڑھ جائیگی۔ سفر پیش آئیگا۔ نومبر کی ۱- ۵- ۱۴- ۱۵- ۲۳- ۲۴- ۲۵ تاریخ ناقص ہے |
| **مکر** — روزگار کی حالت بہتر رہیگی۔ راج دربار سے عزت۔ مایوس امیدوں میں کامیابی۔ دشمن مغلوب رہیں گے۔ عزت آمدن اور مراتب میں ترقی اور کسی عزیز کی ملاقات سے خوشی حاصل ہوگی۔ نومبر کی ۶-۷- ۱۶-۱۷- ۲۵-۲۶ تاریخ ناقص ہے | **کنبھ** — دشمن مغلوب رہیں گے۔ کاروبار کی حالت میں کچھ بہتری اور مایوس امیدوں میں کامیابی حاصل ہوگی۔ سفر پیش آئے۔ بعض امورات دنیاوی کے متعلق کوئی خوشخبری ملے۔ نومبر کی ۱- ۶ تا ۱۰- ۱۸- ۱۹- ۲۷- ۲۸ تاریخ ناقص ہے۔ | **مین** — آرام کم تکلیف زیادہ۔ عزیزوں سے رنجش اور بعض امور خانہ داری میں کچھ ایسے خرچ زر رنجیدہ و آفات پیش آئیں گے۔ طبیعت منتشر اور پراگندہ بہت رہے۔ بھائیوں سے ناچاقی۔ سفر ہے۔ نومبر کی ۲/۳- ۱۱ تا ۱۳- ۲۰ تا ۲۲- ۲۹/۳۰ تاریخ ناقص ہے |

## بارہ راشیوں کے ماہواری حالات بابت ماہ پوہ سمت ۲۰۲۷

| | | |
|---|---|---|
| **میکھ** — دشمن مغلوب۔ کاروبار میں ترقی۔ سفر سے فائدہ۔ کسی عزیز کی ملاقات سے کوئی خوشخبری کا پیغام ملیگا۔ بعض بگڑے کام بھی راستی پر آجائے۔ آمدن عزت۔ اولاد اور حکومت کی طرف سے سکھ ملے۔ دسمبر کی ۲ تا ۳- ۱۱ تا ۱۵- ۲۰- ۲۱- ۲۹- ۳۰ تاریخ ناقص ہے | **برکھ** — راج دربار سے عزت۔ دھن لابھ۔ کاروبار میں بہتری۔ دشمن مغلوب۔ کوئی بگڑا ہوا کام بھی راستی پر آجائے۔ اولاد کی طرف سے خوشی حاصل ہوگی۔ سفر پیش آئیگا۔ دسمبر کی ۳ تا ۵- ۱۳ تا ۱۵- ۲۲ تا ۲۵- ۳۱ تاریخ ناقص ہے | **متھن** — آرام کم تکلیف زیادہ۔ عزیزوں سے رنجش۔ بعض امور خانہ داری میں کچھ ایسے خرچ اور رنجیدہ اوقات پیش آئیں گے جن کا گمان بھی نہ ہوگا۔ طبیعت منتشر اور پراگندہ۔ سفر ہے۔ دسمبر کی ۶ تا ۱۰- ۱۴- ۱۷- ۲۴- ۲۵ تاریخ ناقص ہے |
| **کرک** — کاروبار کی حالت اچھی بعض بگڑے کام بھی راستی پر انجام دکھلائیں گے۔ کسی عزیز کی ملاقات ہو۔ کوئی خوشخبری کا پیغام ملے۔ آمدن عزت بڑھ جائیگی۔ سفر پیش آئیگا۔ دسمبر کی ۸ تا ۱۰- ۱۸- ۱۹- ۲۲- ۲۳- ۲۶ تا ۲۸ تاریخ ناقص ہے | **سنگھ** — کاروبار میں فائدہ اور ترقی اور مایوس امیدوں میں کچھ کامیابی حاصل ہوگی۔ دشمن مغلوب۔ راج دربار میں عزت۔ مرتبہ میں بلندی اور کسی عزیز کے ملاپ سے خوشی حاصل ہوگی۔ دسمبر کی ۱ تا ۳- ۱۱ تا ۱۲- ۲۰/۲۱- ۲۹/۳۰ تاریخ ناقص ہے | **کنیا** — آمدن کی حالت کچھ مدھم۔ عزت میں خطرہ۔ اولاد کی جانب سے کچھ فکر۔ دشمنوں کی جانب سے طبیعت متفکر اور عزیزوں کی طرف سے کچھ رنج لگا ہو جائے۔ امیدوں میں مایوسی۔ دسمبر کی ۳ تا ۵- ۱۳ تا ۱۵- ۱۸/۱۹- ۲۲/۲۳- ۳۱ تاریخ ناقص ہے |
| **تلا** — کاروبار میں فائدہ۔ مرتبہ میں ترقی اور اولاد کی طرف سے خوشی۔ دشمن مغلوب رہیں۔ بگڑا کام راستی پر آجائے۔ آمدن عزت بڑھ جائیگی۔ سفر پیش آئیگا۔ دسمبر کی ۳ تا ۷- ۱۶- ۱۷- ۲۴- ۲۵- ۳۱ تاریخ ناقص ہے | **برسچک** — قسمت کا ستارہ کچھ ترقی کرے گا۔ کاروبار میں فائدہ اور بہتری۔ راج دربار میں عزت اور دشمنوں پر فتح۔ بعض بگڑے کام بھی راستی پر آجائیں۔ بھائیوں سے ناچاقی۔ سفر ہے۔ دسمبر کی ۶ تا ۱۰- ۱۶ تا ۱۹- ۲۴ تا ۲۷ تاریخ ناقص ہے | **دھن** — جسمانی حالت کچھ سست اور نرم رہیگی۔ بعض رشتہ داروں سے بگاڑ۔ دشمنوں کی طرف سے کچھ فکر و اندیشہ۔ صحت میں کچھ نقص واقع ہو جائے۔ روپیہ کا خرچ زیادہ ہو۔ دسمبر کی ۱ تا ۳- ۱۱- ۱۲- ۲۰- ۲۱- ۲۸ تا ۳۰ تاریخ ناقص ہے |
| **مکر** — کاروبار میں کشمکش بہتری۔ کسی معاملہ میں کوئی خوشخبری کا پیغام ملے۔ بعض بگڑے کام بھی راستی پر انجام دکھلائیں گے۔ راج دربار میں عزت اور امداد کا شکر۔ مراتب میں ترقی۔ دسمبر کی ۳- ۴- ۱۳- ۱۴- ۱۵- ۲۲- ۲۳- ۳۱ تاریخ ناقص ہے | **کنبھ** — طبیعت منتشر خیالات پراگندہ۔ دنیاوی امورات کے متعلق لڑائی جھگڑوں میں وقت زیادہ صرف ہو۔ جسم کو کچھ تکلیف۔ کاروبار کی حالت مدھم۔ دشمن کی طرف سے فکر لگا رہے۔ دسمبر کی ۳ تا ۵- [illegible] تاریخ ناقص ہے | **مین** — آمدن میں ترقی و لابھ۔ راج دربار سے عزت۔ مایوس امیدوں میں کامیابی۔ دشمن مغلوب۔ آمدن عزت اور مراتب میں ترقی۔ کسی عزیز کی ملاقات سے خوشی ہوگی۔ دسمبر کی ۸ تا ۱۰- ۱۸- ۱۹- [illegible] تاریخ ناقص ہے |

## علم جیوتش و نجوم

### راہو و کیتو

ان دونوں کا کواکب میں شمار نہیں ہے دو دائروں میں منقسم ہیں۔ دائرہ شمالی کو راس یعنی راہو کہتے ہیں اور دائرہ جنوبی کو ذنب یعنی کیتو کہتے ہیں۔ یہ ہمیشہ ایک دوسرے سے ۱۸۰ درجات یعنی ساتویں برج میں رہتے ہیں۔ ان کے سردیپ کا گیان چندرماں گرہن اور سورج گرہن سے ہوتا ہے۔ ان کی رفتار ہمیشہ الٹی رہتی ہے ۱۸ ماہ میں ایک برج کا اور ۱۸ سال میں ۱۲ برجوں کا دورہ طے کرتے ہیں۔

### راس یعنی راہو

یہ ستارہ متھن اور کنیا راس کا مالک ہے جس شخص کی پیدائش کسی انگریزی مہینہ کی ۴-۱۳-۲۲ تاریخ کو ہوتی ہے ان کا ستارہ بھی راہو ہوتا ہے۔ اس ستارہ کی پیدائش کا شخص بہت طاقتور نہیں ہوتا مگر اچانک واقعات ہو جانے سے بلاوجہ کام کرنا شروع کر دیتا ہے۔ جن لوگوں کا یہ ستارہ بلوان ہوتا ہے وہ شخص کئی کاموں پر اپنی آمدنی کا ذریعہ دیکھتا ہے ایک کام کو چھوڑ کر اچانک دوسرا کام شروع کر دیتا ہے۔ اس پر سورج کی روشنی بہت جلد اثر دیتی ہے۔ وہ شخص گرمی کو بہت کم برداشت کرتا ہے۔ ان کی رہائش سرد جگہوں پر اچھی اور گرم مقامات پر صحت کے لئے خراب اور ناقص ہوتی ہے۔ ان کی اچھی یا خراب حالت میں ان کا واقع ہونا اچانک اچھی یا منحوس قسمت کو پلٹ دیتا ہے۔ سفر کا اچانک پیش آنا۔ موت کا اچانک واقع ہونا۔ خویشوں سے اچانک جدا ہو جانا ان کے عادات پر سوچا دیکھنی ہوتا ہے یہ لوگ زراعتی مقام سرسبز زمین اور باغات کی رہائش کو زیادہ پسند کرتے ہیں۔ جن لوگوں کا ستارہ پیدائش کے وقت بدھ، شکر اور سنیچر ہوتا ہے وہ ان لوگوں کو زیادہ مدد دیتے ہیں۔

### کیتو یعنی ذنب

اس ستارہ کو برج قوس یعنی دھن راس اور برج حوت یعنی مین راس سے تعلق رکھتا ہے جن شخصوں کی پیدائش کسی مہینے کی ۷-۱۶ یا ۲۵ تاریخ کو ہوتی ہے ان کا ستارہ بھی کیتو ہوتا ہے یہ لوگ سمندر یاترا اور مقامات پانی کے بڑے شائق ہوتے ہیں۔ ان کا سبھاؤ بہت عجیب قسم کا ہوتا ہے۔ جن آدمیوں کی پیدائش کے وقت چندرماں ستارہ ہوتا ہے۔ ان کی مانند ان کی زندگی زیادہ تر بسر ہوتی ہے۔ طبیعت کو بہت منتشر خیالات میں تبدیل کر دیتے ہیں۔ جہاز اور کارخانہ مشینری کلوں کے کام سے ان کو زیادہ رغبت ہوتی ہے۔ زندگی کو کامیاب بنانے کے لئے اچھی صحت کو مقدم سمجھتے ہیں۔ اگر گرہوں کے مفصل حالات دیکھنے ہوں تو "آئینہ قسمت" حصہ سوم قیمت دو روپیہ آٹھ آنہ کارخانہ عالم جنتری جالندھر سے منگوائیں۔

# علم الغیب

پرشن جوتش ودیا کا ایک عظیم جزو ہے جس کے ذریعہ ایک شخص اپنے وقت مطلوبہ کی لگن کنڈلی سے پرشن وقت کی گرہ چال کو دیکھ کر زندگی کے نیک و بد حالات کی تمیز بڑی اچھی طرح سے کر سکتا ہے۔ یہ گپت ودیا انسان کی زندگی کا ایک انمول رتن ہے جس کے ذریعہ دنیاوی کاموں کے آغاز و انجام اور ان کے نیک و بد حالات کے نتائج ظاہر ہو جاتے ہیں جس کا ذکر مفید عام جنتری کے شائقین کیلئے ان کالموں میں درج کیا جاتا ہے بمفصل حالات جاننے کیلئے رسالہ پرشن آفتاب قیمتی ۳ روپیہ کارخانہ مفید عام جنتری سے منگائیں

## پرشن کرنے والے کے خیالات

پرشن متعلق سوال ہمیشہ ایک لگن میں ایک ہی ہونا چاہئے کیونکہ زیادہ پرشن ایک وقت میں درست نہیں ہوتے اگر سائل دھوکہ دے یا ایک وقت میں دو چار پرشن کرے تو پہلے پرشن کا جواب پرشن لگن سے دوسرے کا چندرما سے جس راشی میں اس کا مقام ہے تیسرا سورج کے استھان سے چوتھا برہسپت کی راشی سے اور دسواں بدھ شکر سے جو بلوان ہو اس کی راشی سے جواب دینا چاہئے

## پرشن اور ان کے سوالات

سورج اور چندرما کے سوائے باقی گرہوں کی دو دو راشیاں ہیں۔ پرشن کے وقت منگل کی بجائے بدھ کی، برہسپت کی دھن اور شکر کی تلا اور سنیچر کی کمبھ راشی لینی چاہئے۔ اگر منگل بدھ برہسپت کی راشی کا لگن ہو تو پرشن کرنے والے کے دل میں دو سوال ہوتے ہیں۔ اگر شکر سنیچر کی راشی کا لگن ہو تو تین سے زیادہ سائل کے دل میں سوال ہوتے ہیں اور یہی چندرما کی راشی سے ایک ہی پرشن لینا چاہئے۔

## سوالات اور ان کے جواب

پرشن یعنی سوالات کو دو قسموں میں بانٹا گیا ہے۔ ایک ظاہری دوسرا باطنی۔ سائل کا اپنے مطلب کو بیان کر دینا ظاہری سوال ہے اور باطنی وہ ہے کہ سائل اپنے مطلب کو ظاہر نہ کرے اور اپنے دل میں رکھے۔ لگن زائچہ بنا کر اس میں خانہ کے حالات گرہوں کی طرف اور دوستی و دشمنی کا لحاظ رکھ کر جواب سائل بیان کر دو۔ اگر سائل پرشن باطنی کے لئے دریافت حال کا متمنی ہوا ہے تو اس حالت میں زائچہ بنا کر جیسی جو بلوان گرہ ہو اس سے جس گھر میں چندرما بیٹھا ہوا اس کے بھاؤ سے خیالات سوال کرنے والے کے پائے جائیں گے۔ اس لگن میں جہاں چندرما بلوان ہو اس سے لگن کا سوامی جہاں بیٹھا ہو اس بھاؤ کا سمجھ کر سوال کرنے والے کے خیالات کا اظہار کر دینا چاہئے۔ جیسے برہسپت اور شکر دو میں سے کوئی ایک لگن میں ہو اور ان میں منگل یا سورج بیٹھا یا دیکھتا ہو تو دھن کے متعلق پرشن ہوگا۔ دھن یعنی بڑھا اور کنیا میں سے کوئی لگن ہو اور ان میں بدھ یا سنیچر کا یوگ یا دِرشٹی ہو تو پرشن مول کے متعلق ہے۔ اگر تلا مکر میں دھن یا کرک لگن ہو اور ان میں کسی ایک پر چندرما برہسپت اور شکر کی نظر ہو یا بیٹھا ہو تو سائل کا پرشن جیو کے متعلق ہے

## روزگار کا سوال یعنی پرشن

اگر روزگار کے متعلق سوال کیا گیا ہے تو ایسے سوال کے دریافت کرنے پر لگنیش اور چندرما کی حالت کو دیکھیں اگر لگنیش اور چندرما اس گرہ سے متصل ہوں جو خانہ ثانی، دسویں اور گیارہویں میں بلوان ہو تو روزگار کی حالت خوش اسلوبی سے اچھا ہونے کی دلیل ہے۔ اگر دسویں گھر کا مالک لگن میں ہو یا لگنیش سے اتصال کرتا ہو اور روح لگن میں ہو یا لگنیش سے اس کو دیکھتا ہو تو روزگار کے بلا تردد اچھا ہونے کی دلیل ہے

## روزگار کا سوال یعنی پرشن

اگر لگنیش لگن میں ہو یا لگن کو دیکھتا ہو یا لگن کا مالک اور دسویں کا مالک آپس میں درشٹی یا دیکھتے ہوں تو روزگار ملیگا بیوپار سے فائدہ ہوگا یا ملازمت سے

پرشن کنڈلی میں دیکھیں کہ لگنیش اور چندرما کن راشی میں پڑے ہیں۔ اگر راشی کے مالک دونوں اپنے خانہ دوست میں واقع ہوں اور ان پر کسی گرہ کی دِرشٹی نہ ہو اور ساتویں گھر کا مالک خانہ ہفتم میں پڑا ہو یا ہمراہ ستارہ دوست کے خانہ ہفتم کو ناظر ہو تو دلیل ہے کہ پرشن کرنیوالے کو بیوپار میں فائدہ رہیگا۔ ساتویں گھر کا مالک خانہ ہفتم کو ناظر نہ ہو اور لگنیش کی دِرشٹی سے رہت ہو تو بیوپار کے کام سے لابھ نہیں ہوگا

## کسی سے کام کے ثبوت کا پرشن

فائدہ ہوگا

اگر کوئی ایسا پرشن کرے تو اس وقت زائچہ بنا کر دیکھیں یہ وقت پرشن لگن میں شبھ گرہ ہو یا شبھ گرہ کی اس پر دِرشٹی ہو یا لگنیش دسویں کا مالک لگن کو دیکھتا ہو یا زیر نگاہ چندرما واقع ہو تو کام کا نتیجہ انجام ہو گا۔ اگر لوگ اس کے برعکس ہو تو کام انجام نہ ہوگا۔ سائل کے منہ سے جو لفظ نکلیں انہیں دگنا کر کے ۲ پر تقسیم کرنے سے ایک باقی بچے تو لابھ ۲ سے سائل کی مطلب بر آری مشکل ہے

## فتح اور شکست کا سوال

پرشن کنڈلی میں ساتویں گھر سے دوسرے گھر تک مدعی کی جائے اور تیسرے سے نویں تک مدعا علیہ کی جائے قرار دی ہے جس کی حد میں اچھے گرہ ہونگے وہ بار جائیگا۔ اگر دونوں مشترک ہوں تو صلح ہو جائیگی۔ مدعی کا احوال لگن اور لگنیش سے دیکھتے ہیں۔ مدعا علیہ کا احوال ساتویں خانہ اور مالک خانہ ہفتم سے دیکھا جاتا ہے۔ اگر کروُر گرہ لگن میں پڑا ہو یا لگنیش بلوان ہو تو مدعی جیت

## بیمار کی صحت کا پرشن

جلد لگا

لگنیش اور لگن چکیہے چوتھے گھر اس کا مالک دوائی ہے۔ ساتویں گھر اور اس کا مالک مرض اور دسواں گھر اس کا مالک مریض ہے۔ اگر یہ دونوں نرم شبھ گرہ بیٹھا ہو تو مرض دور ہو جائیگا۔ اگر پاپ گرہ ہو یا دیکھتا ہو تو مرض بڑھ جائیگا۔ اگر خانہ ہفتم شبھ گرہ ہو یا دیکھتا ہو تو مریض اچھا ہو جائیگا۔ پاپ گرہ ہو تو مر جائیگا

## بیاہ یعنی شادی کا پرشن

بروقت سوال اگر پرشن لگن سے چندرما خانہ ۳ یا ۶ یا ۱۰ یا ۱۱ یا چھٹے استھان پر پڑا ہو اور برہسپت یا سورج یا چندرما بدھ سے دیکھتے ہوں یا چندرما سے خانہ ۲ یا ۳ یا ۵ یا چھٹے گھر میں پڑے ہوں تو شادی ہو جائیگی۔ اگر ترکون ۵ و ۹ استھان میں یا کیندر گرہ میں شبھ گرہ پڑے ہوں تو شادی ہو جائے گی۔

## چوری ہوئی چیز کا پرشن

چندرما لگنیش یا اس ستارے سے جو لگن میں ہے متصل ہو تو چوری کا پتہ ظاہر ہو جائیگا۔ لگنیش کا مالک خانہ ہفتم دیکھتا ہو تو چوری کا پتہ نہ لگے گا۔

# جنم کنڈلی میں متفرق یوگ

## گج کیسری یوگ

جس کے جنم لگن میں چندرما سے کیندر استھان میں برہسپت ہو یا چندرما کو بدھ برہسپت اور شکر دیکھتے ہوں تو گج کیسری یوگ ہوتا ہے۔ اس میں جو پیدا ہوتا ہے وہ بڑا تیجسوی دھن دولت سے آسودہ اور راجدربار میں عزت مان حاصل کرتا ہے

## اقبال ترقی یوگ

سورج جنم کنڈلی میں ۶-۱۲-۲۲-۲۳ اور ۵۰ برس میں چندرما ۱۰-۲۰-۲۴-۲۸-۵۱ برس میں منگل ۱۴-۲۵-۲۸ برس میں۔ بدھ ۱۷-۲۲-۳۲ ۳۴-۸۰ برس میں۔ برہسپت ۱۶-۲۶-۳۰-۳۴ ۸۰ برس میں۔ شکر ۱۶-۲۰-۲۵-۳۶-۴۰-۴۲ برس میں سنیچر ۹-۳۶-۳۸-۴۲ برس میں۔ راہو ۴۲-۴۷ برس میں۔ کیتو ۷-۲۱-۲۸-۲۴-۴۸ برس میں تاثیر دکھلاتا ہے سورج ۲۲ برس میں شکر ۲۵ سنیچر ۳۶ راہو کیتو ۴۲ برس میں اپنا پورا اثر ترقی کر دیتا ہے

## بھراتری یوگ

تیسرے گھر کا مالک پرش گرہ ہو اور پرش راشی میں ہو تو تیسرے گھر کو دیکھتا ہو یا منگل پرش میں نا ہو تو بھائیوں کی تعداد زیادہ ہوگی۔ اگر استری راشی ہو اور استری گرہ دیکھتے ہوں تو بہنوں کی تعداد زیادہ ہوگی۔ اگر تیسرے گھر میں راہو اور دوسرے برہسپت ہو تا لوچن بدھ ہو تو تین بھائی ہوں۔ چندرما تیسرے گھر کو دیکھتا ہو تو ۲ بھائی بہن ہوتے ہیں۔ برہسپت تیسرے ہو تو ۳-۵-۷ بھائی سورج ہو تو ۱-۳ سنیچر تیسرے پڑا ہو تو تین بھائی شکر ہو تو ایک لڑکا ۳ لڑکیاں، چندرما ہو تو دو لڑکے اور دو لڑکیاں سنتان سکھ ہوتا ہے

## بیاہ یعنی شادی یوگ

لگن پاپ گرہ ہوں کے درمیان پڑا ہو یا پاپ گرہ کے ساتھ ہو یا دیکھا جاتا ہو تو دو شادیوں کا یوگ ہوتا ہے۔ لگنیش چھٹے پڑا ہو یا ساتویں گھر میں پاپی گرہ ہو تو دو شادی کا یوگ ہوتا ہے۔ بدھ سنیچر کے ساتھ ہو یا چندرما کے ہمراہ خانہ ہفتم میں یا چندرما راہو سنیچر کے ساتھ ساتویں یا ۸ ویں ہو تو ۲ شادیاں ہوں۔ ۷ ویں گھر کا مالک ہمراہ شکر چندرما ہو یا گھر انیچ راشی میں پڑا ہو تو تین عورتیں۔ لگنیش مالک خانہ دوم کو خشر بخش ستارہ سے ساتھ ساتویں ہو تو ۴ شادیاں۔ سورج ۷ ویں ہو اور اس کا مالک اس کو دیکھتا ہو تو ۲ شادیاں۔ منگل ۷ ویں ہو اور اس کا مالک اس کو دیکھتا ہو تو ۶ سے زائد شادیوں کا یوگ ہوتا ہے۔

## بھاگیہ اودے یوگ

لگنیش اور نادیش کا سمبندھ ہو یا پنچمیش یا نادیش پنچمیش کا آپس میں سمبندھ ہو تو بڑا استھی اور بھاگیہ والا ہوتا ہے۔ تادیش اور پنچمیش کا سمبندھ ہو تو استری کے سمبندھ سے یا بیوپار سے بھاگیہ اودے ہوتا ہے۔ بھاگیش اور چترتھیش کا سمبندھ ہو تو زمین سمبندھی جائیداد سے لابھ ہوتا ہے۔ نویں دسویں کا ہو تو پتا یا راج کا ریہ سے بھاگیہ اودے ہوتا ہے

## سنتان گرہ یوگ

میکھ سنگھ یا برشچک لگن میں پیدا ہوا ہو تو ۴ بیٹے شکر اپنی راشی میں بلوان ہو کر تیسرے ساتویں یا نویں بیٹھے دو لڑکیاں بعد ۳ لڑکے چندرما ہو تو صرف ایک لڑکا۔ بدھ اپنے گھر کا تیسرے پڑا ہو تو دو لڑکے اور دو لڑکیاں۔ برہسپت اپنے گھر کا تیسرے پڑا ہو تو ۵ لڑکے۔ سنیچر بقیہ راس میں ہو کر شبھ درشٹ ہو تو ۵ بیٹے۔ سورج منگل برہسپت ۵ ویں بلوان ہوں تو ۹ لڑکے۔ چندرما بدھ شکر سنیچر پانچویں ہوں تو تین لڑکیاں۔ چندرما راہو کے ساتھ تیسرے ہو تو صرف ایک لڑکی۔ سورج پانچویں چھ گرہوں سے درشٹ ہو تو تین لڑکے چندرما ہو تو ۲ لڑکیاں منگل ہو تو ۳ لڑکے۔ بدھ ہو تو ۴ یا ۵ لڑکیاں۔ برہسپت چندرما ہو تو ۵ لڑکے اور ۲ لڑکیاں شکر ہو تو ۶ لڑکے ۷ لڑکیاں۔ سنیچر یا راہو ہو تو سنتان نہیں ہوگی۔ حمل گر جاتے ہیں

## ودیا پراپتی یوگ

لگن سے یا چندرما سے پانچویں بھاؤ ودیا یا علم کا استھان ہے۔ ۵ ویں گھر کا مالک چندرما کی راشی کا مالک برہسپت اور بدھ پاپی ہو کر چھٹے آٹھویں یا بارہویں پڑے ہوں تو ودیا عقل سے رہت ہوتا ہے۔ اگر دو تین تیسرے گیارہویں یا دسویں پڑے ہوں تو تھوڑی ودیا ہوتی ہے۔ اگر کیندر یعنی ۵ میں ہوں تو کچھ زیادہ ودیا۔ اگر ترکون میں تیسرے ہوں تو ودیا علم اور عقل سے ماہر ہوتا ہے۔ برہسپتی کا ودیا کرن سے بدھ کا کلاؤں کی ودیا سے شکر کا کویتا سے منگل ترک ودیا سے راہو گنت سے شنی اپنی ودیا سے اور سورج ویدانت کا درس ہوتا ہے

## بہرہ پن یوگ

منگل یا شکر ۲ یا ۱۲ ہو یا چھٹے گھر کا مالک ۳-۱۲ ہو اور سنیچر دیکھتا ہو۔ بدھ چھٹے گھر کا مالک ہو کر چوتھے پڑا ہو اور سنیچر دیکھتا ہو یا منگل دوسرے اور شکر ۱۲ ویں گھر پڑا ہو۔ چھٹے آٹھویں یا ۱۲ ویں گرہ ہو اور سنیچر کی درشٹی ہو تو کان سے بہرہ ہوتا ہے

## گونگ یوگ

چھٹے گھر کا مالک چھٹے ۸ ویں یا ۱۲ ویں ہو یا ۵ ویں گھر کا مالک برہسپت کے ساتھ ترک بھوان میں ہو۔ چندرما لگن میں ہو اور چھٹے گھر مشتبہ یا کنیا راشی ہو یا دوسرے گھر کا مالک برہسپت کے ساتھ ۶، ۷، ۱۲ ویں پڑا ہو یا شکل پکش کا چندرما منگل کے ساتھ ہو تو گونگ روگ ہوتا ہے

## نیتر ہین یوگ

سنگھ لگن میں سورج چندرما ہو اور لگن پر منگل یا سنیچر کی درشٹی ہو تو نیتر ہین ہوتا ہے۔ بارہویں چندرما بائیں نیتر کو اور بارہویں سورج دائیں نیتر کو ہانی پہنچاتا ہے۔ دھن استھان میں پاپ گرہ کیتو ہو۔ تو کانا یا تھوڑی درشٹی والا یعنی کمزور نظر ہوتا ہے

## انگ چھید یوگ

لگن میں چندرما منگل ہو یا لگن میں چندرما ساتویں منگل ہو تو اس سے انگ چھید یوگ ہوتا ہے۔

## مفید اور کارآمد نسخہ جات

### امراض معدہ

ایک عمدہ سیب لے کر اس کو اوپر سے چھیل دو اور اس میں جس قدر لونگ ہو سکیں چبھو دیں۔ اس سیب کو کسی صاف ستھری جگہ پر چالیس دن رکھ چھوڑیں۔ پھر یہ لونگ نکال کر شیشی میں رکھ لو۔ صبح شام کھانا کھانے کے بعد دو تین لونگ کھایا کریں۔ امراض معدہ کے لئے مفید ہے۔

### آدھے سر کا درد

ریٹھے کو پانی میں گھس کر ۲، ۳ قطرے ناک میں ٹپکائیں۔ تو (بچھو کاٹے کا علاج) آرام ہوگا ڈنک کی جگہ لہسن پیس کر لگائیں فوراً آرام ہوگا

### بخار تیسرے روز کا

سمرج مرچ کو باریک پیس کر خشک ہی بخار آنے سے ایک گھنٹہ پہلے ہاتھ کی درمیانی انگلی میں باندھ کر انگلی کو پانی میں ڈالے رکھیں۔ ایک ہی بار میں آرام ہوگا

### موسمی بخار

بت گلا کریلے کے پتے ۲ ماشہ مرچ سیاہ ۲ تولہ باریک پیس کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔ ایک یا دو گولی ہمراہ پانی کھلانے سے آرام آ جائے گا

### سانپ کاٹے کا علاج

ریٹھے کا چھلکا ۶ ماشہ کونڈی میں ہمراہ پانی کے خوب گھوٹ کر اس میں ایک پاؤ پختہ پانی ڈال کر بغیر چھانے ہی پلا دیں۔ فوراً قے اور دست کے ذریعہ زہر کا مادہ باہر نکلنا شروع ہو جائیگا ۱۰، ۱۵ منٹ کے وقفہ سے پھر ۶ ماشہ ریٹھے کا چھلکا بطور مذکور حل کر کے پلائیں اور یہ عمل تب تک جاری رکھیں جب تک کہ مار گزیدہ ریٹھے کی سر ائی کو کڑوا محسوس نہ کرنے لگ جائے۔ جب کڑوا معلوم ہو تو سمجھو کہ اب زہر قطعی رفع ہو گیا بعد ازاں مار گزیدہ کو گھی کا خوب استعمال کرائیں یہ نسخہ بے خطا ہے۔ مریض میں جان باقی ہونی چاہئے

### پاگل کتے کے کاٹے کا علاج

پودینہ جنگلی کے پتے اور نمک پیس کر لیپ کریں یا مرچ سرخ پیس کر باندھ دیں۔ مریض جلد ٹھیک ہوگا۔

### پرانا بخار

مغز تخم نیم ۳ ماشہ مغز بادام ۱ ماشہ، زیرہ سفید ۱ ماشہ کو کریلے کے تازہ پانی سے کھلائیں ہو سکے مسور کی دال کا پانی ہمراہ چاول دیں۔ آرام ہوگا

### پرانا نزلہ

بھنے چنے ۷ عدد، کالی مرچ ۱ عدد صبح پاخانہ سے فارغ ہو کر نہار منہ کھا لیا کریں۔ یہ عمل ۷ دن کر کے ۵ دن تک چنے ۶ اور کالی مرچ ۲ عدد کھانا شروع کریں۔ اس کے ایک ہفتہ بعد چنے ۲۱ اور کالی مرچ ۳ عدد کھا لیا کریں۔ یہ عمل ۲ ہفتے تک کریں۔ کھٹائی میٹھا تیل او دیگر سے پرہیز رکھیں۔

### پیشاب کا بند ہونا

قلمی شورہ ½ سے ۹ ماشہ تک برابر کی مصری ملا کر کھلانے سے پیشاب کھل کر آ جائے گا

### پتھری گردہ

نیم کے تازہ پتے ۲ تولہ باریک پیس کر گائے کے ۵ تولہ گھی میں ملا کر پلائیں۔ پتھری ٹوٹ کر پیشاب کے ہمراہ نکل جائیگی

## ہمیشہ تندرست رہنے کے سنہری اصول

۱۔ سویرے سورج نکلنے سے پہلے سو کر اٹھنے اور حوائج ضروری سے فارغ ہو کر ٹھنڈے پانی سے اچھی طرح غسل کرنے سے تندرستی بڑھتی ہے۔ دل خوش رہتا ہے جسم طاقتور ہوتا ہے چہرہ کی رونق بڑھتی اور بدن میں چستی آتی ہے۔

۲۔ صبح سویرے اٹھنے پر اور کھانا کھانے کے بعد ہاتھ کے انگوٹھے کے نچلے حصہ سے دو تین بار ماتھا گھس دینے سے سر میں ہونے والی خرابیاں اور بیماریاں دور ہوتی ہیں۔

۳۔ صبح سو کر اٹھنے کے بعد اور شام کو انگوٹھے کے ساتھ والی انگلی کو کان میں ڈال کر گھس دینا چاہئے۔ ایسا کرنے سے کان میں کسی قسم کی بیماری نہیں ہوتی۔ اگر کان میں کوئی بیماری ہو تو اس عمل سے دور ہوتی ہے۔

۴۔ صبح اٹھتے ہی حوائج ضروری سے فارغ ہونے کے بعد منہ ہاتھ دھوتے وقت پہلے منہ میں پانی بھر لیں اور اس کو دو تین منٹ تک بھرا رکھیں نیز منہ اور آنکھوں پر ٹھنڈے پانی کے خوب چھینٹے دیں۔ پھر منہ میں بھرا ہوا پانی پھینک دیں۔ اس طرح کئی بار منہ میں پانی بھر لیں اور مذکورہ عمل سے دو تین منٹ بعد پھر پھینک دیں۔ اس سے منہ صاف ہو جائے گا اور منہ کے اندر کی گرمی دور ہوگی۔ اس کے بعد دانتوں کو برابر کچھ دیر منجن یا داتن سے صاف کر کے خوب اچھی طرح کلی کر ڈالیں۔ پھر زبان صاف کریں۔ اس عمل سے تندرستی دن بدن بڑھے گی۔

۵۔ کھانا کھانے کے بعد جسم کو تقویت دینے والے پھل کھانے چاہئیں۔ اس سے غذا اچھی ہضم ہوتی ہے۔ پیٹ ہلکا رہتا ہے اور تندرستی حاصل ہوتی ہے۔

۶۔ کھانا کھا کر فوراً نہ سونا چاہئے۔ کچھ دیر تک آہستہ آہستہ ٹہلنا چاہئے اور بیوی کے ساتھ، دوستوں کے ساتھ یا اور کسی کے ساتھ دل بہلاوے کی باتیں کرنا چاہئے۔

۷۔ ورزش جسم کو سڈول، مضبوط، تندرست اور گٹھیلا بناتی ہے۔ بدن میں چمک پیدا کرتی ہے اور بھوک کو بڑھاتی ہے۔

۸۔ پرانایام کرنے سے پھیپھڑے مضبوط ہوتے ہیں اور خون صاف ہوتا ہے۔ پرانایام کرنے والے کو کھانسی، دمہ اور سنگرہنی جیسے روگ نہیں ہو سکتے اور عمر لمبی ہوتی ہے۔

۹۔ گھی اور دودھ ہی میں طاقت نہیں ہے۔ صرف جسم سے محنت لیتے رہنے اور سادہ غذا کھاتے رہنے میں ہی سچی طاقت ہے۔ دودھ گھی سے صرف چربی بڑھتی ہے جس کا بوجھ اٹھانا پڑتا ہے اور اس سے دل پر دباؤ پڑتا ہے۔

۱۰۔ ننگے پاؤں بہت دور تک چلنے سے بہت ساری بیماریاں دور ہوتی ہیں۔

## صنعت و حرفت کے چند کارآمد نسخہ جات

### امرت دھارا بنانا

یہ ایک بہت ہی لاجواب نسخہ ہے۔ آپ بھی جنگ (؟) فائدہ اٹھائیں۔ ست اجوائن، مشک کافور، پیپرمنٹ یعنی ست پودینہ تینوں ہموزن یعنی ایک ایک تولہ لے کر ایک شیشی میں ڈال دیں۔ ۵ ۔ ۵ منٹ میں خود بخود حل ہو کر پانی بن جائیں گی پھر اس میں ½ تولہ ست الائچی ڈال دیں۔ امرت دھارا تیار ہے۔ اگر ۵ ۔ ۶ بوند ست دار چینی ڈال دیں تو یہ امرت دھارا نہایت مجرب بن جائیگی۔ پیٹ درد، سر درد، نزلہ زکام ہر مرض کیلئے مفید ہے

### دیسی صابن بنانا

سوڈا کاسٹک ایک سیر تیل تل ۴ سیر، پانی ۴ سیر، میدہ گندم ۵ چھٹانک۔ سوڈا کاسٹک کو پانی میں حل کر کے میدہ کو تیل میں الگ حل کریں۔ پھر دونوں کو آپس میں ملائیں۔ ۱۵ ۔ ۲۰ منٹ تک زور سے کسی لوہے کی چیز سے ہلاتے رہیں۔ جب ذرا گاڑھا سا ہو جائے تو سانچوں میں بھر کر سرد کر لیں۔ ۶۔ ۷ گھنٹہ کے بعد ٹکیاں بنا لیں

### سہاگ بھاگ کا تیل

سٹرونیلا آئل ایک اونس، میٹھا یا کڑوا تیل دو اونس۔ دونوں کو ملا کر شیشی میں بند رکھیں رات کو چند قطرے ہاتھ پاؤں، چہرہ اور گردن وغیرہ پر مل لینے سے مچھر کھٹمل نزدیک نہیں آئیں گے۔

### خوشبودار انگریزی صابن

سوڈا کاسٹک ایک پاؤ، روغن ناریل ایک سیر پانی ۳ پاؤ، ملٹ نشاستہ ۱ چھٹانک۔ سادل کاسٹک سوڈا کو پانی میں حل کریں۔ بعد ازاں نشاستہ اور روغن ناریل کو حل کر لیں اور دونوں کو ملا کر چند منٹ ہلائیں۔ جب گاڑھا ہو جائے تو ایک تولہ کوئی خاص عطر یا ایسنس حل کر کے سانچوں میں ڈال لیں۔ خوبصورتی کے لئے کوئی ہلکا سا رنگ دے لیں

### بڑھیا خوشبودار تیل بنانا

روغن ناریل ایک سیر، چھلکا نارنگی ۵ تولہ، رتن جوت ایک تولہ، عطر حنا یا عطر گلاب ۱ تولہ سوائے عطروں کے باقی چیزوں کو دھیمی آنچ پر پکائیں۔ دو چار جوش دے کر آگ پر سے اتار کر ایک دن رکھ چھوڑیں۔ جب میل نیچے بیٹھ جائے تو پھر اس کو چھان کر عطر ملا لیں اور شیشیوں میں بھر کر استعمال کریں۔ قوت دماغ کو بڑھاتا ہے اور بالوں کو ملائم، لمبا، نرم اور چمکدار بناتا ہے۔

### مکھی مار کاغذ

بروزہ ۳ حصے، السی کا تیل ½ ۱ حصہ، گڑ کی راب گاڑھی ایک حصہ، تیل اور بروزہ ایک ساتھ گرم کریں اور اس میں راب ملا دیں۔ موٹے کاغذ پر برش سے ہموار پوت دیں۔ یہ مرکب کئی دن نہیں سوکھتا۔ اس کاغذ پر مکھی بیٹھتے ہی چپک جاتی ہے

## صحت کو بگاڑنے والی باتیں

۱۔ چیت کے مہینے میں گڑ نہیں کھانا چاہئے چیت میں گڑ کھانے سے کیڑے بڑھتے ہیں۔ ہیضہ ہونے کا ڈر رہتا ہے۔ اس مہینے میں شکر اور مصری بھی کم کھانا چاہئے۔

۲۔ چیت، بیساکھ اور ماگھ کے مہینوں میں تالاب یا جوہڑ کی مچھلی ہرگز نہ کھانی چاہئے ان مہینوں میں تالاب یا جوہڑ میں رہنے والی مچھلیوں میں چیچک وغیرہ بیماریاں ہوا کرتی ہیں۔ کاتک میں مچھلی کھانے سے کف بہت بڑھتا ہے۔

۳۔ کاتک کے مہینے میں کھانا کم کھانا چاہئے اس مہینے میں زیادہ کھانے سے ریاح صفرا اور کف تینوں بگڑ جاتے ہیں اور بخار رہنے کا ڈر رہتا ہے۔ علاوہ ازیں پیٹ میں روگ پیدا ہوتے ہیں۔

۴۔ پوہ کے مہینے میں اور مہینوں کی نسبت زیادہ کھانا کھانا چاہئے۔ اس مہینے میں کم کھانے سے بدن دبلا اور کمزور ہو جاتا ہے

۵۔ گوشت، مچھلی اور دودھ ایک ساتھ نہ کھانا چاہئے۔ ایسا کرنے سے روگ پیدا ہونے کا اندیشہ رہتا ہے۔ اگر دودھ پینا ہو تو گوشت اور مچھلی کھانے کے دو گھنٹہ بعد پینا چاہئے۔

۶۔ کھانے کے بعد ورزش کرنا جماع کرنا

### خونی قے، نکسیر

چولائی کے تازہ پتے دو تولہ، پانی دو چھٹانک میں رگڑ کر پیو۔ اور نکسیر کی حالت میں پتوں کو ہمراہ پانی پیس کر ماتھے پر لیپ کرو۔

### خونی دست اور پیچش

چولائی کے پتے سایہ میں خشک کر کے ان کا باریک سفوف کر کے کپڑ چھان کر لو۔ ۶ ماشہ سفوف صبح دوپہر اور شام کو گائے کی لسی یا تازہ پانی سے کھاؤ

### بھگندر

(۱) مذکورہ بالا سفوف ۶ ماشہ دن میں تین بار تازہ پانی سے پھانکو۔ (۲) چولائی کا پودا معہ جڑ اکھاڑ کر پانی سے صاف کر کے سل بٹہ پر پیس لو اور علوا بنا کر حسب ضرورت تیل سرسوں اور پانی میں ڈال کر نرم آنچ پر پکاؤ۔ جب پانی جل جائے اور صرف تیل باقی رہ جائے تو آگ سے اتار کر اسے چھان لو۔ یہ تیل بھگندر کے زخم پر دن میں ۴ بار روئی کی پھریری سے لگاؤ۔

### کھانسی اور تر و خشک دمہ

